مختارہ پر قبضہ۔ موفق نے اپنے ایک بیٹے ہارون کو فرات بصرہ کی نہر مبارک پر جامع فوج کے ملنے کو لکھ بھیجا اور دوسرے بیٹے ابوالعباس کو نہر ابی الخصیب پر خبیث سے جنگ کرنے کو روانہ کیا۔ خبیث کے سرداران لشکر کے ایک گروہ نے امان کی درخواست کی۔ ابوالعباس نے منظور کر لی اور امان دے کر ان کے عذرات قبول کر لئے۔ اس کے بعد لشکر مرتب کر کے شہر مختارہ پر چڑھائی کی۔ برابر دریا بھی فوجیں بھیجیں۔ پچاس ہزار شاہی فوج تھی اور زنگیوں کی فوج کی تعداد تین لاکھ تھی۔ ابوالعباس نے جا بجا مورچے اور دمدمے بندھوائے۔ موفق مورچوں سے منجنیقیں نصب کرائیں مورچے قائم کئے اور رہنے کے لئے شہر موفقیہ کی بنیادی پتھر رکھا۔ قرب و جوار کے شہروں سے رسد و غلہ کی طلبی کا فرمان بھیجا اور مختارہ کی رسد و غلہ کی آمد و رفت بند کر دی۔ یہ تنگی کا انتظام تھا۔ دریائی بحری فوج سے جنگی کشتیوں کے متعدد بیڑے ہر وقت دریا میں پھر رہے تھے۔ ماہ شعبان سنہ ۲۶۷ھ سے ماہ صفر سنہ ۲۷۰ھ تک نہایت شدت کے ساتھ مختارہ کا محاصرہ کئے رہا۔ اس کے بعد بحری قوت نے منتشر کر کے بزور تیغ مختارہ پر کامیابی کے ساتھ قبضہ کر لیا۔

صاحب زنج کا خاتمہ: خبیث مع اپنے بیٹے انکلائے اور سلیمان بن جامع کے ایک قلعہ کی طرف بھاگا۔ جو اسی غرض سے پہلے سے تجویز کیا گیا تھا۔ شاہی لشکر کے ایک دستے نے تعاقب کیا۔ خبیث ابھی قلعہ تک نہ پہنچ پایا تھا کہ شاہی لشکر نے جا کر اسے گھیر لیا۔ دونوں حریفوں میں دو دو ہاتھ ہوئے۔ خبیث شکست کھا کر بھاگا۔ اس کے اکثر ہمراہی مارے گئے۔ سلیمان بن جامع گرفتار کر لیا گیا۔ اس کے بعد صاحب زنج بھی اسی دار و گیر میں مارا گیا اور اس کا سر اتار کر موفق کے پاس لایا گیا۔ انکلائے مع پانچ ہزار زنگیوں کے بھاگ کر دینوری پہنچا۔ شاہی لشکر نے تعاقب کیا اور ان سب کو گرفتار کر لیا۔ اس کے سپہ سالاروں میں سے درمونہ نامی ایک سپہ سالار شاہی لشکر کا رسد و غلہ بند کرنے کو بطیحہ چلا گیا تھا۔ جب اسے اپنے سردار کے مارے جانے کی خبر پہنچی تو اس نے بھی موفق سے امان کی درخواست کی۔ موفق نے اسے بھی امان دے دی۔ اس قدر کامیابی کے بعد موفق چند دن تک اپنے شہر میں مقیم رہا۔ اس کے بعد بصرہ، ابلہ اور کور دجلہ پر ایک شخص کو مقرر کر کے دارالخلافت بغداد کی جانب مراجعت کی۔ چنانچہ ماہ جمادی الاولیٰ سنہ ۲۷۰ھ میں بغداد پہنچ گیا۔ صاحب زنج کا صرف ایک لڑکا جس کا لقب "انکلائے" تھا۔ زنگی زبان میں اس کے معنی "شاہزادہ" کے ہیں۔ یحییٰ، سلیمان اور فضل گرفتار ہو کر مطبق میں قید کر دیے گئے یہاں تک کہ مر گئے۔ واللہ وارث الارض ومن علیہا۔

باب: ۹

امارت علویہ دیلم و جبال

حسن بن زید: ابوجعفر منصور نے علویوں میں سے بنی حسن سے بگاڑ لیا اور بنی حسن سے حسن بن زید بن حسن کو منتخب کر کے مدینہ منورہ کی گورنری مرحمت فرمائی تھی یہ وہی شخص ہے جس نے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کی تازیانہ زنی کی تھی۔ جیسا کہ مشہور ہے اور اسی نے خلیفہ منصور کو بنی حسن کی جانب سے بدظن و مشتبہ کیا تھا۔ محمد مہدی اور اس کے بیٹے عبداللہ کی سازش اور مخالفت کی اطلاع بھی منصور تک اسی نے کی تھی۔ یہاں تک کہ منصور نے ان لوگوں کو گرفتار کر کے عراق بھیج دیا تھا۔ جیسا کہ ہم اوپر تحریر کر آئے ہیں۔ ان کے اقارب رے میں تھے۔ اسی خاندان سے حسن بن زید بن محمد بن اسماعیل بن حسن الداعی مدینہ منورہ میں تھا۔

محمد بن اوس: جس وقت محمد بن اوس (جو سلیمان بن عبداللہ بن طاہر نائب محمد بن طاہر کی طرف سے عامل طبرستان تھا) اور محمد و جعفر پسران رستم والیان اطراف طبرستان میں اختلاف پیدا ہوا جس کا ذکر اوپر ہو چکا ہے۔ اس وقت طبرستان کے قرب و جوار کے رہنے والوں نے اسے دیلم سے امداد کی درخواست کرنے کی ترغیب دی یہ لوگ اس وقت مجوسی المذہب تھے۔ اور ان کا بادشاہ وہسوذان بن جستان تھا۔ ان لوگوں نے پسران رستم کی درخواست منظور کرلی اور محمد بن اوس سے جنگ کرنے کو اٹھ کھڑے ہوئے۔ اس عداوت کے باعث کہ محمد بن اوس نے دیلم کے شہروں کو خوب تباہ و پامال اور تاراج کیا تھا۔ پسران رستم نے محمد بن ابراہیم کو طبرستان پر حکومت کرنے کی غرض سے بلا بھیجا۔ محمد بن ابراہیم نے خود تو منظور نہ کیا لیکن حسن بن زید کا پتہ بتا دیا کہ وہ رے میں ہیں اور اس امر کے مستحق ہیں۔ ان لوگوں نے محمد بن ابراہیم کے خط کے ذریعے سے حسن بن زید کو طلبی کا خط لکھا اور بلانے کی غرض سے اپنے خاص اور معتمد آدمی روانہ کیے چنانچہ حسن بن زید رے سے دیلم میں تشریف لائے۔ مرزبان دیلم اور پسران رستم بلکہ طبرستان کے تمام اطراف و جوانب کے امراء نے متفق ہو کر حسن بن زید کی حکومت کی بیعت کی۔ ان کے علاوہ اہل جبال طبرستان نے بھی اس کے علم حکومت کی اطاعت قبول کر لی۔

حسن بن زید کا آمد پر قبضہ: حسن بن زید نے ان سب کو فوجی صورت میں مرتب کر کے آمد پر فوج کشی کر دی۔ محمد بن اوس بھی اپنی فوجیں آراستہ کر کے مقابلہ پر آیا اور آمد کے باہر لڑائی چھڑ گئی۔ حسن بن زید نے چند دستہ فوج اپنی فوج سے علیحدہ کر کے آمد پر دوسری جانب سے حملہ کر دیا۔ اس وقت آمد میں سوائے معدودے چند سپاہیوں کے جو انتظام اور حفاظت کی غرض سے شہر میں رہ گئے تھے اور کوئی سردار موجود نہ تھا حسن بن زید نے بکمال آسانی آمد پر قبضہ کر کے اپنی کامیابی کا جھنڈا گاڑ دیا۔

ساریہ پر قبضہ: محمد بن اوس گھبرا کر میدان جنگ سے بھاگ کھڑا ہوا اور بیٹا اور تمام رفقاء بھی اپنی جان بچا کر سلیمان بن عبداللہ بن طاہر کے پاس ساریہ پہنچا۔ حسن نے تعاقب کیا۔ سلیمان اپنا لشکر آراستہ کر کے مقابلہ پر آیا۔ گھمسان کی لڑائی ہونے لگی۔ حسن نے بنی ایک سپہ سالار کو فوج کے چند دستوں کے ساتھ دوسری طرف سے ساریہ پر حملہ کرنے کو روانہ کیا۔ جس کی خبر اس کی حمایت کرنے والے سلیمان بن عبداللہ کو نہ تھی۔ اس سپہ سالار نے پہنچتے ہی ساریہ پر قبضہ کر لیا۔ سلیمان اس غیر متوقع شکست سے گھبرا کر جرجان کی طرف بھاگا۔ حسن نے اس کے لشکرگاہ اور ان تمام چیزوں پر جو وہاں تھیں اور اس کے حرم اور اولاد پر بھی قبضہ کر لیا۔ حرم اور اولاد کو کشتیوں پر سوار کر کے سلیمان کے پاس بھیج دیا اور مال و اسباب وغیرہ اپنے قبضے میں کر لیا۔ بعض مؤرخین کا یہ بیان ہے کہ سلیمان نے بہ سبب اس تشیع کے جو بنی طاہر میں تھی قصداً یہ شکست اٹھائی تھی۔

طبرستان پر قبضہ: اس کے بعد حسن بن زید نے طبرستان کا رخ کیا اور اس پر قابض ہو گیا۔ سلیمان شکست کھا کر طبرستان سے بھاگ گیا۔ جرجان گیا تھا حسن کے قدم جم گئے اور بڑھ گئے۔ تمام صوبہ طبرستان میں اپنے عاملوں کو بھیج دیا اور اپنے آپ کو "داعی علوی" کے لقب سے مشہور کیا۔ رے کی طرف اپنے برادر زادہ قاسم بن علی بن اسمٰعیل کو روانہ کیا۔ ان دنوں رے میں قاسم بن علی بن زین العابدین نیابتہ حکمران تھا۔ چنانچہ قاسم نے رے پر قبضہ کر کے اپنی طرف سے بطور اپنے نائب کے محمد بن جعفر بن احمد بن عیسیٰ بن حسین صغیر بن زین العابدین کو مامور کیا۔

قزوین پر قبضہ: قزوین کی جانب حسین معروف بہ کوکبی بن احمد بن اسمٰعیل بن محمد بن جعفر کو بھیجا۔ والی قزوین نے اسے شکست دی۔ تب حسن بن زید نے اپنے دو سپہ سالار روانہ کیے ان کو محمد بن میکال والی قزوین کی سرکوبی کو روانہ کیا۔ چنانچہ دونوں نے شکست دے کر قتل کر ڈالا اور قزوین پر کامیابی کے ساتھ قبضہ کر لیا۔ یہ واقعہ ۲۵۱ھ کا ہے۔

حسن بن زید کی پسپائی: ان واقعات کے بعد سلیمان بن عبداللہ بن طاہر نے فوجیں آراستہ و مرتب کر کے جرجان سے طبرستان پر فوج کشی کی۔ حسن بن زید یہ خبر پا کر طبرستان چھوڑ کر دیلم چلے گئے۔ سلیمان نے طبرستان میں داخل ہو کر اس پر قبضہ کر لیا۔ اس کے بعد ساریہ کی طرف بڑھا۔ قارن بن شہرزاد کے لڑکے اور بعض امراء نے حاضر ہو کر علم خلافت کی اطاعت قبول کی۔ سلیمان نے ان کی تقصیر معاف کر دی۔ اس کے بعد محمد بن طاہر نے بقصد جنگ حسن بن زید پر فوج کشی کی۔ محمد اور حسن میں سخت خونریز لڑائیاں ہوئیں۔ آخر کار حسن کو شکست ہوئی۔ تین سو چالیس نامی گرامی سردار مارے گئے۔ پھر ۲۵۳ھ میں موسیٰ بن بغا ان لوگوں سے جنگ کرنے کو فوجیں مرتب کر کے دارالخلافت بغداد سے چلا۔ مقام قزوین میں حسین کوکبی سے مڈبھیڑ ہوئی۔ حسین شکست کھا کر دیلم بھاگ گیا اور موسیٰ بن بغا نے قزوین پر قبضہ کر لیا۔

بنی طاہر کا زوال: اس کے بعد حسین کوکبی نے ۲۵۳ھ میں با مدد دیلم سے مراجعت کی اور بلا کسی مزاحمت اور جنگ کے رے پر قبضہ کر لیا۔ قاسم بن علی اس کے بعد ہی ۲۵۷ھ میں کرخ پر قابض ہو گیا۔ حسن بن زید نے جرجان پر چڑھائی کی۔ محمد بن طاہر والی خراسان نے جرجان کے بچانے کے لئے فوجیں روانہ کیں۔ لیکن حسن بن زید نے انہیں پسپا کر کے جرجان پر کامیابی کے ساتھ قبضہ کر لیا۔ اس واقعہ سے بنی طاہر کی حکومت خراسان سے جاتی رہی اور طوائف الملوکی کا زمانہ شروع ہو گیا۔ آج اسے خراسان پر حکومت کا اعزاز حاصل ہے تو کل اسے۔ غرض یہی دائمی خراسان کی حکمرانی الٹ پلٹ کرتا رہا

یہاں تک کہ یعقوب صفار نے خراسان کو ان کے قبضہ و تصرف سے نکال لیا۔ اس کے بعد حسن نے [illegible] تک [illegible] کو ان کے قبضہ سے نکال دیا۔

یعقوب صفار کا طبرستان پر قبضہ: [illegible] یعقوب بن لیث صفار [illegible] جرجان [illegible] یعقوب [illegible] عبداللہ [illegible] حسن بن زید کے [illegible] یعقوب صفار نے [illegible] عبداللہ [illegible] حسن بن زید [illegible] یعقوب نے [illegible] حسن [illegible] طبرستان [illegible] عبداللہ [illegible] یعقوب نے [illegible] قبضہ [illegible] حسن کے تعاقب [illegible] حالات [illegible] یعقوب [illegible] یعقوب [illegible]

حسن بن زید اور خجستانی: اس اثنا میں [illegible] حسن بن زید نے [illegible] یعقوب صفار کے [illegible] خجستانی نے یعقوب بن لیث صفار سے خراسان میں بغاوت کی اور خراسان کو ان کے قبضہ سے نکال لیا۔ جیسا کہ [illegible] بیان کر آئے ہیں۔ [illegible] خجستانی [illegible] آخر کار خجستانی نے [illegible] قبضہ سے نکال لیا۔ یعقوب صفار کے انتقال کے بعد [illegible] جیسا کہ ان کے حالات میں بیان کیا جا چکا ہے۔ [illegible] حسن بن زید اور خجستانی کے درمیان [illegible] حسن [illegible] خجستانی [illegible] اس معرکہ میں [illegible] شکست ہوئی۔

حسن کی وفات: [illegible] حسن [illegible] محمد بن [illegible] اس کے بعد [illegible] محمد [illegible] حسن بن زید [illegible] حکومت [illegible] ۲۷۰ھ [illegible]

محمد بن زید: [illegible] محمد بن زید [illegible] خراسان [illegible] اس کے بعد یعقوب صفار نے خراسان [illegible] یعقوب کے قبضہ سے نکال لیا۔ [illegible] یعقوب [illegible]

خراسان پر چڑھائی کر دی۔ [illegible] ان دنوں [illegible] تھا۔ دونوں میں خونریز لڑائیاں ہوئیں۔ [illegible] جرجان [illegible] وفات پا گیا۔ اس کی جگہ اس کا بھائی محمد بن زید تخت حکومت پر جلوہ افروز ہوا جیسا کہ [illegible] ہو چکا ہے۔

رے پر فوج کشی: اس مدت کے دوران موفق نے [illegible] قبضہ کر لیا اور اس کا انتظام اپنے [illegible] اذکوتکین کو [illegible]۔ اذکوتکین نے [illegible] محمد بن زید [illegible] جرجان و خراسان کی ایک بہت بڑی فوج مرتب کر کے مقابلہ [illegible] شکست [illegible] فوج کے [illegible] ۲۷۲ھ [illegible] لوٹ مار کی اور [illegible] اذکوتکین نے اپنے [illegible] مقرر [illegible]۔

عمرو بن لیث: [illegible] کی طرف متوجہ کیا۔ [illegible] ۲۷۱ھ [illegible] عمرو بن لیث [illegible]۔ لیکن [illegible] لیث نے [illegible] چلا گیا۔

عمرو بن لیث کی شکست: عمرو بن لیث نے خراسان پر قابض ہونے اور رافع کو قتل کرنے کے بعد خلیفہ معتضد کی خدمت میں [illegible] کی درخواست [illegible]۔ [illegible] دریائے جیحون [illegible] عمرو بن لیث [illegible] بلخ [illegible] اسمٰعیل سامانی کے [illegible] عمرو بن لیث [illegible] لڑائی ہوئی۔ [illegible] اسمٰعیل سامانی نے [illegible] عمرو بن لیث [illegible] اسمٰعیل کے آدمیوں نے [illegible] گرفتار [illegible]۔ اسمٰعیل نے ۲۸۷ھ میں خلیفہ معتضد کی خدمت میں روانہ کر دیا۔ خلافت مآب نے [illegible] اسمٰعیل کو ان شہروں کی سند حکومت عطا فرمائی جو عمرو بن لیث کے قبضہ تصرف میں تھے۔

محمد بن زید کی وفات: جس وقت عمرو بن لیث کی شکست اور اسمٰعیل سامانی کی کامیابی کی خبر محمد بن زید تک پہنچی تو اس

خیال سے کہ ہمارا اسماعیل بھی محمد پر حملہ آور نہ ہو فوج بھی آراستہ کر کے طبرستان سے بقصد جنگ اسماعیل نکل کھڑا ہوا۔ سفر وقیام کرتا ہوا جرجان پہنچا۔ اسماعیل نے ناصحانہ طور پر اس کو اس عمل خونریزی سے باز آنے کا خط لکھا۔ لیکن جب محمد نے انکاری جواب دیا تو اسماعیل نے محمد بن ہارون کو ایک عظیم الشان فوج کی افسری کے ساتھ محمد بن زید کے مقابلہ پر روانہ کیا۔ محمد بن ہارون پہلے رافع بن ہرثمہ کے سپہ سالاروں میں سے تھا رافع کے قتل ہونے کے بعد عمرو بن لیث کی خدمت میں آ گیا تھا اور عمرو بن لیث کی گرفتاری کے بعد اسماعیل سامانی کا مطیع اور ملازم ہو گیا۔ محمد بن زید اور محمد بن ہارون میں جرجان کے میدان میں ہنگامہ کارزار گرم ہوا پہلی لڑائی میں تو محمد بن ہارون کو شکست ہو گئی لیکن شکست کھانے کے بعد محمد نے اپنے پرزور حملہ سے محمد بن زید کو پسپا کر دیا۔ اس کا سارا لشکر بے ترتیبی کے ساتھ بھاگ کھڑا ہوا۔ اس کے لشکر کا ایک گروہ کثیر کام آ گیا۔ اس کا بیٹا زید گرفتار کر لیا گیا اور یہ خود بھی زخمی ہوا۔ اسی کے صدمہ سے تھوڑے ہی دن بعد مر گیا۔ محمد بن ہارون اس کے لشکر کا تعاقب کر کے طبرستان کی جانب بڑھا اور اس پر قابض ہو گیا۔ نامہ بشارت مع زید بن محمد بطور معرفت اسماعیل کی خدمت میں روانہ کیا۔ اسماعیل نے خوش ہو کر بخارا میں قیام کرنے کا حکم دیا اور اس کی گراں بہا وظائف منصب اور جاگیر عطا کی۔

دیلم پر فوج کشی: پھر ۲۸۷ھ میں اسماعیل سامانی نے دیلم پر فوج کشی کی۔ اس وقت اس کی تمام حکومت اہل دیلم کے قبضہ میں تھی۔ اسماعیل کو اس مہم میں بھی کامیابی نصیب ہوئی اور اسی وقت سے خراسان کے علاوہ طبرستان اور جرجان پر بھی سامانی جھنڈا کامیابی کے ساتھ ہوا میں اڑنے لگا۔ یہاں تک کہ اس ملک میں اطروش کا ظہور ہوا جیسا کہ آئندہ آپ پڑھیں گے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ اس واقعہ کے بعد زید بن محمد بن زید نے طبرستان پر حکمرانی کی تھی اور اس کے مرنے کے بعد اس کا بیٹا حسن بن زید کرسی حکومت پر جلوہ افروز ہوا تھا۔

اطروش: اطروش عمرو بن علی زین العابدین کی اولاد سے تھا۔ جو زمانہ خلیفہ معتصم میں طالقان کا والی تھا۔ اس کا تذکرہ آپ اوپر پڑھ آئے ہیں۔ اطروش کا نام حسن تھا۔ علی بن حسن بن علی بن عمر بن زین العابدین کا بیٹا تھا۔ محمد بن زید کی شہادت کے بعد دیلم چلا گیا۔ تیرہ برس تک وہیں مقیم رہا اور اسلام کی دعوت و تعلیم دیتا رہا اور صرف انہیں لوگوں سے عشر لیتا رہا اور حفاظت کرتا رہا۔ اگرچہ دیلم کا بادشاہ (ابن حسان) اس کی مخالفت اور روک تھام کرتا رہا تھا مگر پھر بھی دیلم کا ایک بڑا گروہ اس کے ہاتھ پر مسلمان ہو گیا اور اس کی امامت قبول کر لی۔ اطروش نے دیلم میں مسجدیں بنوائیں اور انہیں مذہب شیعہ زیدیہ کی تعلیم دی۔ اسی باعث یہ لوگ اس مذہب کے پابند ہو گئے۔ اس کے بعد اطروش نے ان لوگوں کو طبرستان پر حملہ کرنے کی ترغیب دی چونکہ احمد بن اسماعیل بن سامان کی طرف سے محمد بن نوح طبرستان پر حکمرانی کرتا تھا اور دیلم پر اس کے بے شمار احسانات تھے۔ اس وجہ سے اہل دیلم نے اطروش سے طبرستان پر حملہ آور ہونے کی بابت عذر کیا۔

اطروش کا طبرستان پر قبضہ: چند دن بعد احمد سامانی نے محمد بن نوح کو حکومت طبرستان سے معزول کر کے ایک دوسرے شخص کو مقرر کیا اس نے اہل طبرستان کے ساتھ بہت برے برتاؤ کیے۔ ظلم و ستم کا ہاتھ دراز کیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ احمد سامانی نے اسے معزول کر کے محمد بن نوح کو دوبارہ حکومت طبرستان پر واپس بھیج دیا۔ پھر محمد بن نوح کے انتقال کے بعد ابو العباس محمد بن ابراہیم صعلوک کو متعین کیا۔ اس نے بھی اہل دیلم اور رؤسا طبرستان کے ساتھ خلاف وعدگی کی جس سے ان لوگوں

بار فتحیابی بھی ہوئی۔ حسن اطروش کو طبرستان پر قبضہ کر لینے کو بلا بھیجا۔ حسن کی مدت کی مراد بر آئی۔ لشکر آراستہ کر کے طبرستان پر چڑھ آیا۔ ابوالعباس یہ خبر پا کر مقابلہ پر آیا۔ سالوس سے ایک منزل کے فاصلہ پر دریا کے کنارے صف آرائی کی نوبت آئی۔ ابوالعباس کو شکست ہوئی چار ہزار لشکر اس معرکہ میں کام آیا۔ بقیۃ السیف پر اطروش نے سالوس میں محاصرہ کیا۔ حتیٰ کہ محصورین نے امان کی درخواست کی اطروش نے ان لوگوں کو امان دے دی اور مطمئن کر چھوڑ دیا۔ اس کے بعد حسن بن قاسم بن علی بن عبد الرحمن بن قاسم بن محمد بن اسماعیل بن قاسم بن حسن بن زید (اطروش کا داماد) آ پہنچا اور تمام پناہ گزینوں کو قتل کر ڈالا۔ اطروش اس وقت موجود تھا۔ اطروش نے اس مہم سے فارغ ہو کر طبرستان کے پورے صوبہ پر قبضہ کر لیا اور حسن بن قاسم اپنے کو "ناصر" کے لقب سے ملقب کرنے لگا۔ یہ واقعہ ۳۰۱ھ کا ہے۔

اطروش کا قتل ابوالعباس شکست کھا کر رے چلا گیا اور پھر رے سے بغداد کی طرف کوچ کیا۔ اس کے بعد ۳۰۴ھ میں ناصر نے آمد سے نکل کر سالوس میں پڑاؤ کیا۔ ابوالعباس کو اس کی خبر لگی۔ فوجیں مرتب کر کے پھر مقابلہ پر آ گیا۔ دونوں حریفوں میں گھمسان کی لڑائی ہوئی حسن داعی یعنی حسن بن قاسم نے اسے شکست دی اس کے بعد صعب بن نصر بن احمد نے خراسانی لشکروں کے ساتھ اطروش پر ۳۰۴ھ میں حملہ کیا اور شکست دے کر اسے قتل کر ڈالا۔ اطروش کے مارے جانے کے بعد اس کا داماد اور اس کے بیٹے حکمرانی کرنے لگے۔ ان لوگوں میں باہم متعدد لڑائیاں ہوئیں جیسا کہ آئندہ بیان کیا جائے گا۔ اطروش کے تین بیٹے تھے۔ ابوالقاسم حسن اور حسین ان کے لشکر کے تمام سپہ سالار اور سردار دیلمی تھے۔ انہی میں سے لیلیٰ بن نعمان (اس کو اطروش کے داماد حسن نے جرجان پر مامور کیا تھا) اور ماکان بن کالی تھا۔ (یہ استرآباد میں حکمرانی کرتا تھا) اس کے دیلمی سرداروں کے دوسرے گروہ سے اسفار بن شیرویہ (یہ ماکان کے ہمراہیوں میں سے تھا۔) لشکری اور مرداویج تھا۔ (یہ دونوں اسفار کے ہمراہیوں سے تھے) اور وشمگیر مرداویج کا بھائی اور مصاحب تھا۔ ان سب کے حالات آئندہ تحریر کئے جائیں گے۔

حسن بن قاسم حسن بن قاسم اطروش کا داماد بڑا کام تھا اطروش کا پیرو اور معتقد تھا۔ اسی وجہ سے یہ "داعی صغیر" کے لقب سے ملقب کیا جاتا تھا۔ اس نے ۳۰۸ھ میں سپہ سالاران دیلم میں سے لیلیٰ بن نعمان کو جرجان پر مامور کیا۔ اسے اس کی قوم میں بہت بڑا اعزاز اور وقار حاصل تھا۔ اطروش اور اولاد اطروش اسے "المؤید لدین اللہ المنتصر لآل رسول اللہ" کے لقب سے یاد کرتے تھے۔ ان دنوں خراسان کی زمام حکومت نصر بن احمد سامانی کے قبضہ اقتدار میں تھی اس کی سرحد طبرستان کی طرف سے دامغان تک تھی۔ بنی سامان کا ایک غلام قراتکین نامی اس سرحد پر مامور تھا۔ اس کا لیلیٰ بن نعمان سے جھگڑا پیدا ہو گیا۔ متعدد لڑائیاں ہوئیں۔ آخر کار لیلیٰ نے اسے شکست دی اسی واقعہ سے اس کی عظمت و شوکت اور بڑھ گئی۔ قراتکین کا غلام فارس بھی اس کے پاس چلا گیا۔ اس نے فارس کی بڑی آؤ بھگت کی اور اپنی بہن کا عقد کر کے رشتہ مصاہرت قائم کر لیا۔ اس کے بعد ابوالقاسم بن حفص ہمشیرزادہ محمد بن علی سپہ سالار صعلوک سامانیہ سے جب کہ اس کے ماموں (داعی) کا دبدبہ دم بدم ہوا امان کی درخواست کی۔ لیلیٰ نے امان دے کر اپنے پاس بلا لیا۔ کچھ عرصہ بعد حسن بن قاسم داعی صغیر نے نیشاپور پر فوج کشی کرنے کی تیاری کی چنانچہ ابوالقاسم بھی اس کے ہمراہ اس مہم پر گیا۔ قراتکین والی نیشاپور کی اس سے لڑائی ہوئی۔ قراتکین شکست کھا کر بھاگا۔ حسن بن قاسم نے ۳۰۸ھ میں کامیابی کے ساتھ نیشاپور پر قبضہ حاصل کر کے اپنے نام کا خطبہ پڑھوایا۔ سکہ جاری کیا۔

لیلیٰ بن نعمان کا قتل: ۳۰۹ھ اسی سنہ میں سعید بن نصر نے بخارا سے اپنی فوجیں بھیجنا ضروری سمجھا۔ چنانچہ حمویہ بن علی کی سرکردگی میں لیلیٰ بن نعمان کو بوشنج میں لڑنے کی غرض سے روانہ کیا۔ محمد بن عبید اللہ بلعمی، ابو جعفر صعلوک، خوارزم شاہ، سیمجور دواتی اور قراتکین وغیرہ نامی گرامی سپہ سالار اس مہم پر حمویہ کے ساتھ گئے تھے۔ مقام طوس میں لیلیٰ کی فوج سے مقابلہ ہوا، دونوں حریفوں میں گھمسان کی لڑائی ہوئی میدان حمویہ کے ہاتھ رہا۔ لیلیٰ شکست کھا کر آمد بھاگا۔ اس نے بے سر و سامانی و پریشانی سے آمد میں داخل ہوا کہ جہاں ایک دن بھی نہ ٹھہر سکا۔ بقراخان نے پیچھا کر کے گرفتار کر لیا۔ دیلمی فوج نے مجبوراً امان کی درخواست پیش کی۔ امان دے دی گئی مگر بعد میں حمویہ نے ان لوگوں کے قتل کا اشارہ کر دیا جب ان لوگوں نے اس کے سپہ سالاروں کے دامن عاطفت میں جا کر پناہ لی۔ اس کے بعد لیلیٰ پیش کیا گیا۔ حمویہ نے اس کا سر اتروا کر ۲۵ ربیع الاول ۳۰۹ھ میں دارالخلافت بغداد کو بشارت نامہ فتح کے ساتھ روانہ کر دیا۔ باقی ماندہ فوج قراتکین کا غلام [illegible] بہ حفاظت جرجان میں رہا۔

حسن بن اطروش: آپ اوپر پڑھ آئے ہیں کہ ۳۰۴ھ میں حسن اطروش کے قتل کے بعد طبرستان میں اس کا نواسہ حسن بن قاسم مشہور بہ داعی صغیر ملقب بہ ناصر تخت حکومت پر متمکن ہوا تھا۔

بعض کہتے ہیں کہ حسن بن قاسم حسن بن اطروش کا بھائی تھا جیسا کہ ابن حزم وغیرہ نے لکھا ہے۔ لیکن یہ صحیح نہیں ہے بلکہ حسن بن قاسم اطروش کا داماد اور حسن بن زید والی مدینہ کے خاندان سے تھا۔ اس کا جد محمد بطحانی ابن قاسم بن حسن حسن بن قاسم کا مورث اعلیٰ تھا۔

حسن بن اطروش اپنے باپ اطروش کے قتل کے وقت استرآباد میں تھا اس واقعہ کے بعد ماکان بن کالی نے حکومت و سلطنت لی اس نے بیعت کی اور اس کی طرف سے اس کا نظم و نسق کرنے لگا۔ جب لیلیٰ بن نعمان والی جرجان نے قراتکین کو شکست دی اور قراتکین کا غلام فارس بھی لیلیٰ کے پاس چلا آیا اور ۳۱۱ھ میں ابو القاسم بن حفص بھی جا کر امن حاصل کر کے لیلیٰ کی خدمت میں آ گیا اس وقت سعید بن نصر سامانی والی خراسان اپنے نامور سپہ سالار سیمجور دواتی کو چار ہزار سواروں کی جماعت کے ساتھ جرجان کے محاصرہ پر روانہ کیا۔ چنانچہ سیمجور نے پہنچ کر جرجان کا محاصرہ کر لیا۔ جرجان میں محصورین کے ساتھ حسن اور سرخاب بن وہسودان برادر ماکان بن کالی امیر لشکر بھی تھا۔ جس وقت محاصرہ سے محصورین پر شدت شروع کی اس وقت حسن و سرخاب آٹھ ہزار دیلمی فوج لے کر محاصرہ توڑ کر نکل آئے۔ سیمجور کو اولاً شکست ہوئی۔ محصورین نے جوش کامیابی میں تعاقب کیا۔ ناگاہ سیمجور کے لشکر کمین نے نکل کر دیلمی فوج پر حملہ کر دیا۔ ادھر سیمجور نے بھی پلٹ کر حملہ کیا۔ دیلمی فوج پھر محاصرے میں آ گئی۔ تقریباً چار ہزار دیلمی فوج کام آ گئی۔ حسن بدحواس ہو کر بھاگ کر استرآباد پہنچا۔ اس کے بعد سرخاب بھی بدحال پریشان استرآباد میں آیا دونوں ایک دوسرے کو دیکھ کر اپنی اپنی قسمتوں پر پھوٹ پھوٹ کر رونے لگے۔ سیمجور فوج کو لئے ہوئے جرجان میں ٹھہر رہا۔ چند دنوں بعد سرخاب مر گیا۔ حسن نے ماکان بن کالی کو استرآباد میں اپنا نائب مقرر کر کے ساریہ کا راستہ لیا۔

ماکان بن کالی: حسن کے چلے جانے کے بعد دیلمیوں نے جمع ہو کر ماکان بن کالی کو اپنا امیر بنایا۔ سعید بن نصر سامانی کو اس کی خبر لگی، ایک عظیم الشان فوج ان لوگوں کے محاصرے و سرکوبی کے لئے روانہ کیا۔ چنانچہ فوج ایک مدت تک ماکان

بن کاکی کا محاصرہ کئے رہا۔ آخر کار ماکان بن کاکی استرآباد کو اس نے محاصرین کے حوالہ کر کے دیلم کی طرف چلا گیا۔ نصر کی فوج نے استرآباد میں داخل ہو کر قبضہ حاصل کر لیا اور بقراخان کو استرآباد کی حکومت پر مامور کر کے جرجان اور پھر جرجان سے نیشاپور کی طرف مراجعت کی۔ اس کے بعد ۳۱۵ھ میں ماکان بن کاکی نے استرآباد کو بقراخان کے قبضہ سے نکال لیا بعدہ جرجان پر بھی قابض ہو گیا اور ایک مدت تک اسی شان و شوکت سے حکمراں رہا۔

ابوالحسن کا قتل: اس کے بعد اسفار بن شیرویہ جرجان پر قابض ہو کر استقلال و استحکام کے ساتھ حکومت کرنے لگا۔ جس کا سبب یہ پیدا ہوا تھا کہ اسفار بن شیرویہ ماکان بن کاکی کے ہمراہیوں اور جان نثار سپہ سالاروں میں سے تھا۔ کسی وجہ سے ماکان بن کاکی کو اسفار سے ناراضگی اور کشیدگی پیدا ہوئی وہ اسے اپنے لشکر سے نکال دیا۔ اسفار بن شیرویہ طوف سامانیہ میں سے ابوبکر بن محمد بن الیسع کے پاس نیشاپور چلا گیا اور اس کی خدمت میں رہنے لگا۔ کچھ روز بعد ابوبکر نے اسفار کو ایک فوج کی افسری کے ساتھ جرجان فتح کرنے کے لئے روانہ کیا۔ یہ وہ زمانہ تھا کہ ماکان طبرستان چلا گیا تھا اور جرجان میں اپنے بھائی ابوالحسن علی کو مامور کر گیا تھا۔ ایک روز رات کے وقت ابوالحسن نے ابوعلی حسین اطروش کے مار ڈالنے کا قصد کیا۔ اتفاق یہ کہ ابوعلی کو اس کا احساس ہو گیا ابوالحسن کو گرفتار کر کے قتل کر ڈالا اور مکان سے نکل کر ایک کونہ خانقاہ میں روپوش ہو گیا۔ اگلے دن سپہ سالاران لشکر اور اراکین دولت کو طلب کر کے اس واقعہ سے مطلع کیا۔ ان لوگوں نے ابوعلی حسین کو اس حادثہ جانکاہ سے محفوظ رہنے کی مبارک باد دی اور بطیب خاطر اس کی حکومت و سلطنت کی بیعت کی۔ علی بن خورشید کو فوج کی سرداری عنایت کی۔ اس کے بعد ان لوگوں نے متفق ہو کر اسفار بن شیرویہ کو امداد و اعانت کی غرض سے بلا بھیجا۔ چنانچہ اسفار ابوبکر بن محمد سے اجازت حاصل کر کے ان لوگوں کے پاس آیا۔ شدہ شدہ اس کی خبر ماکان بن کاکی تک پہنچ گئی۔ فوجیں مرتب کر کے چڑھائی کر دی دونوں فریقوں میں متعدد لڑائیاں ہوئیں آخر کار ماکان کو شکست ہوئی اور اسفار و علی بن خورشید وغیرہ نے طبرستان پر قبضہ کر کے ابوعلی حسین کو امیر بنا کر ٹھہرایا۔ کچھ دنوں تک ابوعلی حسین طبرستان میں مقیم رہا۔

ماکان اور اسفار کی جنگ: اس واقعہ کے بعد ابوعلی اور علی بن خورشید نے وفات پائی۔ ماکان بن کاکی کو مناسب موقع ہاتھ آ گیا۔ فوجیں آراستہ کر کے دوبارہ حملہ کر دیا اور تمام طبرستان میں صف آرائی کی نوبت آئی۔ اسفار نے شکست کھا کر ابوبکر بن محمد کے پاس جرجان میں جا کر دم لیا اور وہیں ٹھہرا رہا یہاں تک کہ ۳۱۵ھ میں اس نے انتقال کیا اور نصر بن احمد بن سامان نے اسفار کو جرجان کی حفاظت حکومت عنایت کی۔ اس نے تمام حکومت اپنے ہاتھ میں لے کر مرداویج بن زیار (یا زیاد) دیلمی کو سردار لشکر مقرر کر کے طبرستان کی طرف بڑھنے کا حکم دیا۔ مرداویج نے نہایت مستعدی اور مردانگی سے اس حکم کو انجام دیا اور ایک مدت قلیل میں طبرستان پر کامیابی کے ساتھ قابض ہو گیا۔ اسی زمانہ میں حسن بن قاسم داعی اور اس کا سپہ سالار لشکر ماکان بن کاکی دیلمیوں سے آزردہ ہو کر اصفہان اور قم وغیرہ پر قابض ہو چکے تھے۔ حسن اور ماکان نے یہ خبر پا کر مرداویج کے قبضہ سے طبرستان چھڑانے کو دوڑ پڑے اسفار بھی فوجیں آراستہ کر کے میدان جنگ میں آ گیا۔ ماکان اور حسن بن قاسم داعی شکست کھا کر بھاگ گئے۔ چونکہ اس کی تند مزاجی اور زیادتی بھول چوک پر مواخذہ کرنے کی وجہ سے ہمراہیوں میں بددلی پیدا ہو گئی تھی۔ اس وجہ سے امرا ہمراہیوں نے اسے میدان جنگ میں اس کا ساتھ چھوڑ دیا اور فتح مند گروہ نے اسے قتل کر ڈالا۔ اس کے بعد شکست خوردہ لشکر نے ایک مقام پر جمع ہو کر اسماعیل سے جو مرداویج اور حسن داعی کی گرفتاری اور اس کی جگہ ابوالحسن

اطروش کی تقرری کا مشورہ کیا۔ چنانچہ سیدان مرداویج اور وشمگیر کا ماموں تھا۔ کسی ذریعہ سے یہ خبر داعی تک پہنچ گئی۔ داعی نے سپہ سالاروں کے ساتھ ابوالحسن سے ملا اور ان لوگوں کے ساتھ جو شریک جلسہ شوریٰ تھے اپنے کل مراتب جو جرجان میں تھا دعوت کے بہانے سے لے گیا۔ جوں ہی یہ لوگ داخل ہوئے ایک سرے سے سب کو قتل کر کے ذبح کر دیا۔ اس باعث دیلمیوں کو اس سے نفرت و کشیدگی پیدا ہو گئی اور موقع پا کر دھوکے سے اسے قتل کر ڈالا۔

ہارون بن بہرام کی گرفتاری: اسفار نے بلا مزاحمت دولت طبرستان اور نیز جرجان قزوین زنجان ابہر قم اور کرج پر قبضہ حاصل کر لیا اور ملوک بنی سامان والی خراسان کی حکومت کا جھنڈا گاڑ دیا۔ تو خود تو ساریہ میں خیمہ زن ہوا اور ہارون بن بہرام کو سند امارت عطا کر کے آمد روانہ کیا۔ ہارون کا میلان طبع ابو جعفر کی طرف تھا۔ جو ناصر بن اطروش کی اولاد سے تھا۔ اس نے آمد میں پہنچ کر ابو جعفر کے نام کا خطبہ پڑھنا شروع کیا۔ ابو جعفر نے خوش ہو کر اپنے سرداروں میں سے ایک سردار کی لڑکی سے اس کا عقد کر دیا اور جلسہ عقد میں خود گیا اور علویوں کے ساتھ شریک ہوا۔ اسفار کو ان واقعات کی اطلاع پہنچ گئی۔ جس عقد کے روز دفعتاً آمد پر حملہ کر دیا اور ابو جعفر کو اور سرداران علویہ کے ساتھ گرفتار کر کے بخارا روانہ کر دیا۔ وہاں پر ان سب کو قید کر دیا یہاں تک کہ ایک مدت کے بعد ان لوگوں نے قید کی مصیبت سے رہائی پائی۔

حسن بن قاسم اور ماکان: بعض مؤرخین متاخرین تحریر کرتے ہیں کہ حسن بن قاسم داعی (اطروش کے داماد) کی بیعت اطروش کی موت کے بعد کی گئی اور "الناصر" کا لقب دیا گیا۔ اس نے اپنی حکومت کے بیعت لینے کے بعد جرجان پر قبضہ حاصل کر لیا اور اس سے پیشتر دیلم نے جعفر بن اطروش کی امامت قبول کر لی تھی اور اس کے مطیع ہو گئے تھے۔ اس لئے داعی نے طبرستان پر چڑھائی کی اور جعفر کے قبضہ سے اسے نکال لیا۔ جعفر بھاگ کر دیلم چلا گیا۔ علی بن احمد بن نصر نے گرفتار کر کے علی بن وہسوذان بن ... والی دیلم کے پاس بھیج دیا۔ یہ اس کے صوبے کا والی تھا۔ چنانچہ علی نے جعفر کو قید میں ڈال دیا۔ لیکن جب علی بن احمد ... گیا تو علی بن وہسوذان نے جعفر کو رہا کر دیا۔ جعفر نے دیلم میں پہنچ کر فوجیں مرتب کیں اور انہیں مسلح اور آراستہ کر کے پھر طبرستان کی طرف قبضہ کے ارادے سے واپس لوٹ آیا۔ حسن یہ خبر پا کر بھاگ گیا اور جعفر نے طبرستان پر کامیابی کے ساتھ قبضہ کر لیا۔ بعد میں جعفر نے وفات پائی تب ابوالحسن کی حکومت کی بیعت لی گئی۔ جو اس کے بھائی حسن کا بیٹا تھا۔ جب ماکان بن کالی کو ان حالات کا علم ہوا تو اس نے حسن داعی کی بیعت کر لی۔ اس نے حسن بن احمد (یعنی جعفر کے بھائی کا بیٹا تھا) کو گرفتار کر کے جرجان میں قتل کرنے کی غرض سے نظر بند کر دیا۔ جہاں پر اس کا بھائی ابوعلی قید تھا۔ حسن نے ایک روز بوعلی کو قتل کر کے جرجان کے سپہ سالاروں سے اپنی امارت کی بیعت لے لی۔ اس بنا پر ماکان سے اور اس سے لڑائیاں ہوئیں۔ آخر کار حسن بھاگ کر آمد چلا گیا اور وہیں داعی ابوعلی کو لیٹ کر ملک عدم کا راستہ لیا۔

ابو جعفر بن محمد: اس کے بعد اس کے بھائی ابو جعفر بن محمد بن احمد کی بیعت حکومت منعقد ہوئی۔ ماکان نے رے سے اس پر فوج کشی کی۔ ابو جعفر نے آمد کو خیر باد کہہ کر ساریہ کی طرف کوچ کیا۔ اس وقت ساریہ میں اسفار بن شیرویہ موجود تھا ابو جعفر اور اسفار میں معرکہ آرائیاں ہوئیں۔ میدان ابو جعفر کے ہاتھ رہا۔ میدان جنگ سے اسفار بھاگ نکلا۔ جرجان میں جا کر ابو بکر بن محمد بن الیاس کے پاس پناہ لی۔ اس کے بعد ماکان نے ... عم زاد بھائی کے ہاتھ پر حکومت و امارت کی بیعت کی۔

حسن داعی نے یہ خبر پا کر مرداویج سے اپنے ماموں سیاہ اب بن بغاد کا بدلہ لینے کے لئے رے پر فوج کشی کی (یہ شخص اسی ۳۱۶ھ میں جرجان کا والی تھا۔ ادھر ماکان نے دیلم کی طرف مراجعت کی اور طبرستان پر قبضہ کر لیا۔ اس سے پہلے ابو علی ناصر بن اسماعیل بن جعفر الاطروش کی حکومت کی لوگوں نے بیعت کی۔ زیادہ زمانہ گزرنے نہ پایا تھا کہ ابو علی نے وفات پائی۔ ابو جعفر بن محمد بن ابو الحسین احمد بن الاطروش اس واقعہ کے بعد ہی دیلم کی طرف چلا گیا۔ یہاں تک کہ مرداویج نے رے پر قبضہ کر لیا۔ اس نے ابو جعفر کو دیلم سے خط و کتابت کر کے بلا لیا اور بڑی عزت و حرمت سے ٹھہرایا۔ جب اس نے طبرستان پر اپنی کامیابی کا جھنڈا گاڑ دیا اور ماکان کو طبرستان سے نکال باہر کیا تو اس نے اسی ابو جعفر کی امارت کی بیعت کی اور "صاحب القلنسوة" کے لقب سے ملقب کیا۔

الثائر: پھر جب یہ مر گیا تو اس کے بھائی کے ہاتھ پر امارت و حکومت کی بیعت کی "الثائر" کا لقب دیا۔ ایک مدت تک دیلمیوں میں مقیم رہے۔ ۳۳۶ھ میں اس نے اس طوفان کی روک تھام کے لئے ابن عمید کو مامور کیا۔ چنانچہ ابن عمید اور الثائر سے معرکہ آرائیاں ہوئیں، ایک سخت و معرکہ خونریزی کے بعد ابن عمید کو فتح نصیب ہوئی۔ الثائر شکست کھا کر پہاڑوں میں جا چھپا اور جیلیوں کے ساتھ ٹھہرا رہا اور وہ لوگ اس کے نام کا خطبہ پڑھتے رہے۔ یہاں تک کہ ۳۵۰ھ میں اپنی حکومت کے تیس برس بعد اس نے وفات پائی۔ اس کے بھائی حسن بن جعفر کی امارت کی بیعت کی گئی اور "الناصر" کا لقب دیا گیا۔ کچھ عرصہ بعد کیا بن قیس پادشاہ جیل نے اسے گرفتار کر کے خلفاء بغداد کے سپہ سالاروں کے حوالہ کر دیا۔ الناصر کی گرفتاری سے فاطمیین کی حکومت و امارت ان ممالک و جبال سے ختم ہو گئی۔

باب: ۵

امارت اسماعیلیہ

[illegible] ایران اور عراق [illegible]

اپنی [illegible] حکومت [illegible] تھی۔

اسماعیلیوں کی اصل: [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ [illegible] امامت [illegible] کی امامت [illegible] امامت [illegible]

رافضی فرقہ: [illegible] امامت [illegible]

اسماعیلیہ فرقہ: [illegible] امامت [illegible]

[illegible]

امام علی رضا [illegible]

امام محمد تقی [illegible]

امام علی نقی [illegible]

اصحاب نے یہ گمان کیا کہ اپنے باپ کے بعد یہی امام ہوئے۔ یہ لوگ انہیں "مہدی" اور "قائم" کے لقب سے ملقب کرتے ہیں اور یہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ وہ زندہ ہیں وہ روپوش ہو گئے۔ جس وقت تک ان کے آنے کا انتظار کرتے ہیں۔ یہی وہ انتظاری امام ہے یہ کسی اور کی امامت کے قائل نہیں ہوتے کہ ان کی اولاد میں یہ سلسلہ ختم ہو چکا ہے [illegible] اور ان کی جماعت سے ان کے ذکر [illegible] اثنا عشریہ کے نام سے موسوم ہوتے ہیں۔ اس مذہب والے مدینہ منورہ، مکہ، نجف، تمام علاقہ عراق میں ہیں۔ اس وقت تک جیسا کہ ہم کو معلوم ہے نماز مغرب پڑھ کر ایک گھوڑا مع ساز و سامان کے ساتھ شہر سرمن رائے پر لے جاتے ہیں اور [illegible] آواز سے [illegible] بار [illegible] پکارتے ہیں یا الامام اخرج الینا فان الناس منتظرون و مخفی حائرون والظلم عم والحق مفقود فاخرج الینا فنقرب الرحمة من اللہ [illegible] بار کہتے ہیں۔ یہاں تک کہ ستارے کنارہ آسمان پر نکل آتے ہیں۔ اس وقت یہ لوگ اپنے اپنے مکانوں پر واپس آتے ہیں اور [illegible] شب کو پھر جاتے ہیں اور اسی طریقہ [illegible] پورا کرتے چلے آتے ہیں۔ [illegible] کا یہ قول [illegible] ہے کہ یہ لوگ ایسے شخص کا انتظار کرتے ہیں جس کی موت [illegible] زمانہ [illegible] ہو چکا ہے۔ [illegible] نے ان کی آنکھوں پر پٹی باندھ دی ہے [illegible] یہ لوگ اس امر کا [illegible] کیا کرتے ہیں حالانکہ یہ قصہ باطل اور بے بنیاد ہے۔ صحیح یہ ہے کہ [illegible] کا انتقال ہو چکا ہے اور وہ مدفون ہیں۔

اسماعیلی فرقہ کے عقائد: فرقہ اسماعیلیہ کا یہ خیال ہے کہ جعفر صادق کے بعد آپ کے بیٹے اسماعیل کو امامت ملی۔ اسماعیل کا انتقال جعفر صادق سے پہلے ہو چکا تھا۔ ابو جعفر منصور خلیفہ نے انہیں طلب کیا تھا [illegible] مدینہ منورہ [illegible] لکھا کہ وفات پا چکے ہیں۔ اسماعیلیہ [illegible] امامت [illegible] سمجھتے ہیں کہ امامت کا عہدہ انہی کی اولاد میں باقی رہے۔ اگرچہ ان کا انتقال ان کے باپ جعفر صادق کے انتقال سے پہلے ہو چکا تھا جیسا کہ [illegible] (صلوات اللہ علیہم) کو منصوص بالامامت فرمایا تھا [illegible] انتقال کر گئے تھے۔ اسماعیلیہ کے نزدیک ان کے علاوہ کسی اور کے لئے امامت [illegible] نہیں ہے کیونکہ [illegible] محمد بن اسماعیل کے بارے میں اسماعیلیہ یہ کہتے ہیں کہ [illegible] ظاہر [illegible] ہیں اور [illegible] میں سب سے پہلے ہیں۔ اسماعیلیہ کا یہ عقیدہ ہے کہ [illegible] (ائمہ) کا ظاہر [illegible] کیا کرتے ہیں۔ ائمہ مستورین [illegible] کسی وقت بھی امام سے خالی نہیں رہتی امام خواہ ظاہر ہو یا مستور [illegible] ان کی تائید [illegible] اور اس کے [illegible] فرقہ اسماعیلیہ کا یہ قول بھی ہے کہ [illegible] اور [illegible] کیا [illegible] یاد ہو گی۔

اسماعیلیہ کے نزدیک اول ائمہ مستورین محمد بن اسماعیل معروف بہ محمد المکتوم ہیں۔ ان کے بعد ان کے بیٹے جعفر المصدق بعد ان کے بیٹے محمد الحبیب پھر ان کے بیٹے عبید اللہ المہدی صاحب حکومت افریقیہ و مغرب ہیں [illegible] حکومت و سلطنت کی بنیاد قائم کرنے والا ابو عبد اللہ شیعی [illegible] اسی فرقہ اسماعیلیہ سے [illegible] ہیں۔ [illegible] حکومت و سلطنت [illegible] ان کے بعد [illegible] ہوا۔ [illegible]

[illegible] پایا جاتا ہے۔

حوشب اور اس کے بیٹے ابو [illegible] منصور کی طرف سے یمن کا والی تھا۔ یہ شخص پہلا فرد تھا [illegible] جس وقت ان کے ہاتھ سے حکومت نکل گئی تب اسماعیلیہ کے عقائد کو [illegible] ہو گیا۔

امام محمد الحبیب نے ابو عبد اللہ کو [illegible] روانہ کیا تھا جب اسے یہ معلوم ہوا کہ محمد بن [illegible] خلافت سے [illegible] تو یمن میں داخل ہوا۔ اس وقت یمن میں ایک بہت بڑا [illegible] [illegible] ان [illegible] کو [illegible] اور شیعوں کو بھی [illegible] حکومت کو [illegible] تھا۔ امام محمد نے [illegible] اپنے بیٹے عبد اللہ کو [illegible] اور [illegible] اجازت [illegible] امام محمد کی امامت کی دعوت دینے [illegible] مغرب کی [illegible] ابو عبد اللہ شیعی [illegible] امام [illegible] ابو عبد اللہ شیعی [illegible] عبید اللہ المہدی [illegible] جب امام جعفر صادق نے اپنے [illegible] مغرب کی طرف روانہ کیا تھا۔ چنانچہ ان لوگوں نے افریقیہ میں پہنچ کر [illegible] جب ابو عبد اللہ شیعی عبید اللہ المہدی کا [illegible] تو اس مذہب کا [illegible] اس کا مقصود [illegible] اور عبید اللہ المہدی کی امامت [illegible] بیعت لی [illegible] بیان کیا جائے گا۔

باب: ٦

خلافت فاطمیہ

ابو محمد عبیداللہ المہدی ۲۹۷ھ تا ۳۲۲ھ

دولت عبیدیہ: فاطمی یا حکومت عبیدیوں کا پہلا فرمانروا عبیداللہ المہدی ہے جو محمد الحبیب بن جعفر مصدق بن محمد المکتوم بن جعفر صادق تھا۔ اہل قیروان و مہدیہ سے ان لوگوں نے اس نسب سے انکار کیا ہے۔ کوئی اعتبار نہیں ہے اور وہ کہتے تھے کہ [illegible] ہے۔ خاندان خلافت بغداد میں عہد خلافت قادر باللہ میں اس نسب کے قدح و طعن کی بابت ایک محضر تیار کیا گیا تھا جس پر بڑے بڑے علماء سے دستخط ثبت کئے گئے تھے۔ [illegible] مستند قرار [illegible] نسب [illegible] بن عمار نے [illegible] بابت روایت کیا ہے [illegible] جب [illegible] مغرب کی طرف چلا گیا تو اس نسب کی صحت کی شہادت دی جاتی ہے اور شریف رضی نے اشعار [illegible] تھے۔ [illegible] شہادت [illegible] مصری سے عباسیان بنی عباس [illegible] عبیدیوں سے حریف مقابل تھے۔ بغداد میں ان عبیدیوں کے نسب کی بابت بہت [illegible] روایت اعتراضات کرتے تھے۔ [illegible] شریف رضی [illegible] شعر

[illegible]

[illegible]

[illegible] شہادت [illegible] نسب [illegible] ہوتے [illegible] شہادت [illegible] کی [illegible] عبیدیوں کے [illegible] ان کے [illegible] نسب [illegible] اس [illegible] کے لئے [illegible] ہے

ابو عبداللہ حسین کا مغرب پر قبضہ: ان عبیدیوں کے داعی [illegible] افریقیہ میں تھے۔ [illegible] میں ان کا ظہور افریقیہ میں حلوانی اور ابوسفیان کے ذریعے [illegible] جعفر صادق نے [illegible] روانہ کیا تھا [illegible] مغرب میں [illegible] یہاں تک

کر بطور شیعہ کے داعی بن کے آ گئے۔ چنانچہ حلوانی اور ابوسفیان سرزمین مغرب میں گئے۔ ایک نے شہر مرمجنہ میں قیام کیا دوسرے نے سوق حمار میں۔ یہ دونوں شہر تونس کے مقامات سے تھے۔ ان کی [illegible] سے ان دو جگہوں میں ان کے مذہب کا شہرہ ہوا۔ اس وقت تک محمد الحبیب شہر سلمیہ (شام) میں قیام پذیر تھا۔ ان کے دو داعی امام حسین بن علی کی قبر کی زیارت کو آیا کرتے تھے۔ تو ان کی [illegible] زیارت [illegible] کرتے تھے۔ ایک مرتبہ یمن سے محمد بن الفضل [illegible] سے محمد الحبیب نے [illegible] میں سے رستم بن حسین بن حوشب کو یمن میں دعوت خلافت جدیدہ کے لئے مامور کر کے روانہ کیا اور محمد نے بنی فرس سے محمد بن الفضل کو [illegible] ہدایت کی کہ عنقریب مہدی کا ظہور ہونے والا ہے [illegible] جلد [illegible]۔ اس ہدایت کو دلوں میں بٹھا دو۔ [illegible] ہدایت کے مطابق [illegible] ابوالقاسم [illegible] کے ساتھ ساتھ کہ یہاں مشہور اور معروف ہیں دعوت دینے لگے۔ رفتہ رفتہ [illegible] پیدا ہو گیا [illegible] منصور کے لقب سے ملقب و موسوم ہو کر [illegible] ایک قلعہ [illegible] سے [illegible] مغرب [illegible] کی طرف بھیجا [illegible]۔

ابوعبداللہ الحسین بن محمد بن زکریا [illegible] "محتسب" [illegible] بعض مؤرخین [illegible] محتسب بھی تھا۔ بلکہ ان کا [illegible] محتسب تھا اور ابوعبداللہ "معلم" کے لقب سے یاد ہوتا ہے۔ اس صاحب کے [illegible] تعلیم [illegible] محمد الحبیب کی خدمت میں سلمیہ میں حاضر ہوا۔ محمد الحبیب نے ابوعبداللہ [illegible] ابن حوشب کے پاس تعلیم کی غرض سے یمن بھیج دیا [illegible] سرزمین مغرب میں جا کر [illegible] چنانچہ ابوعبداللہ نے ان کی صحبت میں شب و روز رہ کر علم [illegible] حاصل کیا۔ اس کے بعد حاجیوں کے ساتھ مکہ معظمہ آیا۔ اور موسم حج میں کتامہ کے رئیسوں اور سرداروں سے ملاقات [illegible] ایک [illegible] ابوالقاسم [illegible] کی طرف سے تھا [illegible] موسیٰ بن [illegible] کا [illegible] مسعود [illegible] اس [illegible] میں [illegible] کی باتیں [illegible] ان کی محبت [illegible] کے دل میں [illegible] قائم ہو گئے [illegible] ملک مغرب لے جانے کی درخواست کی [illegible] ایک [illegible] ان [illegible] سے ان [illegible] کی [illegible] حالات [illegible] اور [illegible] نے کہا کہ [illegible] ان [illegible] کے حالات [illegible] کے [illegible] اور [illegible] کی [illegible] ان [illegible] کا [illegible]۔

ابوعبداللہ شیعی کی افریقہ کو روانگی: ابوعبداللہ نے [illegible] اپنے [illegible] حاجیوں [illegible] سے [illegible] کے [illegible] مغرب [illegible] ان [illegible] کے [illegible] اس وقت [illegible] ان [illegible] کے [illegible] ان [illegible] کے پاس [illegible] محمد [illegible] نے اس سے [illegible]

موالی سے اس مذہب کی تعلیم حاصل کر لی تھی۔ اس وجہ سے یہ سمجھ کر کہ وہ بھی صاحب امر ہے ابو عبداللہ کی بڑی آؤ بھگت کی۔ دو چار روز قیام کرنے کے بعد ابو عبداللہ نے اپنے ہمراہیوں سے کوچ کیا۔ [illegible] وقت چودہ ربیع الاول ۲۸۸ھ کو شہر کتامہ پہنچا اور موسیٰ بن حریث کے مکان پر شہر ایکجان میں جو بنی سکتان کی ایک پہاڑی پر واقع تھا۔ قیام پذیر ہوا۔ اس کے بعد ابو عبداللہ کے قیام کے لئے ایک مکان مقام فج الاخیار میں تعمیر اور مکمل کرایا گیا

ابو عبداللہ شیعی اور اہل کتامہ اس نے ان لوگوں کو یہ تعلیم دینی شروع کی کہ میرے پاس امام زمان مہدی کی بیعت پر قیام کرنے کی نص موجود ہے اور عنقریب وہ بھی ہجرت کر کے اسی مقام پر پہنچ آئیں گے اور ان کے انصار و معاون اپنے زمانہ کے بہترین لوگوں میں سے ہوں گے اور وہ اسی شہر کے رہنے والے ہوں گے۔ جن کا نام کتمان سے مشتق ہوگا۔ تھوڑے دنوں میں اہل کتامہ کا ایک بڑا گروہ اس کے پاس جمع ہو گیا۔ بعض بعض علماء بھی اس کے دام فریب میں آ گئے۔ اب آہستہ آہستہ اس کا مذہب بڑھتا اور امامت اہل بیت کے مباحثے تذکرے ہونے لگے۔ ایک دوسرے کو قطعاً کھلم کھلا آل محمد کی تعلیم اور ہدایت کرنے لگا۔ اس وقت کتامہ میں ایسے لوگ بھی رہ گئے تھے جو اس مذہب اور اس خیال سے علیحدہ رہے ہوں۔ وہ لوگ اسے ابو عبداللہ شیعی مشرقی کے نام سے موسوم کرتے تھے۔ اس کی دعوت کی اطلاع امیر افریقیہ ابراہیم بن احمد بن اغلب کو ہوئی۔ دھمکی اور تہدید کا خط تحریر کیا۔ ابو عبداللہ نے ابراہیم کے خط کو نہایت سخت جواب دے کر لوٹا دیا۔ غرض رفتہ رفتہ کتامہ ابراہیم کی مخالفت پر تیار ہو گئے۔ ابو موسیٰ بن عیاش والی میلہ علی بن حفص بن عسلوجہ والی سطیف اور بن تمیم صاحب بلزمہ وغیرہ قبائل بربر کتامہ ابو عبداللہ کے معاملہ میں پیش پیش رہنے لگے۔ انہی میں یحییٰ مساکتی (جو امیر کے لقب سے پکارا جاتا تھا) مہدی بن ابی کمارہ رئیس لہیصہ فرج بن خیران رئیس اجانہ اور ثمل بن تمیم رئیس ملوسہ آ پہنچا۔ ان لوگوں نے مصالحت و مشورہ کر کے بیان بن صقلاب رئیس بنی حکان سے اس بابت خط و کتابت کی کہ ابو عبداللہ شیعی کو ہم لوگ اپنے شہر سے نکال دیں۔ یا گرفتار کر کے والی افریقیہ کے حوالہ کر دیں۔ اس وقت تک ابو عبداللہ شیعی مقام ایکجان ہی میں مقیم تھا۔ بیان بن صقلاب نے اس امر کو اہل کتامہ کے مشورہ پر چھوڑ دیا۔

ابو عبداللہ شیعی کی تازروت کو روانگی چنانچہ وہ لوگ خلافت کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ بحث مباحثہ ہوا مگر کوئی امر طے نہ ہوا۔ ابو عبداللہ اور اس کے ہمراہیوں کو اس کی اطلاع ہو گئی۔ حسن بن ہارون غسانی نے چند اپنے آدمی بھیجے اور ایکجان سے ہجرت کر کے اس کے پاس چلے جانے کی درخواست کی اور منظور کر لیا۔ ابو عبداللہ اپنے ہمراہیوں کے ساتھ ایکجان سے نکل کر شہر تازروت چلا گیا۔ جو حسن کے شہروں میں سے ایک شہر تھا۔ تھوڑے دنوں میں غسان کو ملا صادر کے اپنا معین و مددگار بنا لیا۔ غسان اور کتامہ کے ان خاندان والوں نے ابو عبداللہ کی امداد و اعانت پر کمر ہمت باندھ لی۔ جنہوں نے اس سے پیشتر اس کے ہاتھ پر بیعت کی تھی۔ اس سے ابو عبداللہ کی شان و شوکت بڑھ گئی اور ایک امتیازی حالت سے زندگی بسر کرنے لگا۔ اس کے بعد حسن بن ہارون اور اس کے بھائی محمود کے باہم حکومت و ریاست کے بارے میں اختلاف پیدا ہو گیا۔ محمود اور مہدی بن ابی کمارہ کے باہم تعلقات تھے۔ مہدی نے باعث لہیصہ ابو عبداللہ کو گرفتار کر کے محمود کو ابو عبداللہ سے مواخذہ کرنے کا اشارہ کیا۔ [illegible] جھگڑا بڑھ گیا۔ ابو عبداللہ اس وقت تک کمزور ہی تھا۔ [illegible] حسن کو لہیصہ کے سر کرنے کی تحریک کی۔ مہدی بن ابی کمارہ سردار لہیصہ کا بھائی ابو مدینی نامی ابو عبداللہ کے معتقدین سے تھا۔ اس نے موقع پا کر

مہدی کو مار ڈالا اور اس کی جگہ سبیہ پر حکومت کرنے لگا۔ مہدی کے مارے جانے سے اہل سبیہ بھی ابو عبداللہ کے مطیع و فرمانبردار ہو گئے۔

ابو عبداللہ شیعی کی فتوحات: ان واقعات کے بعد کتامہ نے جمع ہو کر ابو عبداللہ سے جنگ کرنے کا مشورہ کیا اور متعدد مسلح ہو کر تازروت پر چڑھ آئے۔ ابو عبداللہ نے سہیل بن فوکاش کو فتح بن یحیی مسالتی کے پاس امداد طلب کرنے کو بھیجا۔ فتح اور ابو عبداللہ میں رشتہ مصاہرت (سسرال) قائم ہو گیا تھا۔ فتح نے کتامہ کو ابو عبداللہ سے جنگ سے روکا مگر وہ نہ رکے۔ چنانچہ ابو عبداللہ اور کتامہ میں متعدد لڑائیاں ہوئیں۔ آخرکار ابو عبداللہ کو فتح نصیب ہوئی کتامہ شکست کھا کر بھاگے۔ مہدی بن یوسف لوشی اس معرکہ میں سخت مصائب میں مبتلا ہو گیا تھا۔ اس لڑائی سے سب کے ہوش و حواس درست ہو گئے۔ قبائل لطنہ، ملوسہ اور اجانہ نے ابو عبداللہ کی اطاعت قبول کر لی ان دونوں نے ان سب کی اعانت کی تھی۔ مکنون بن سعادہ اور ابو زکی تمام بن معارک نے ابو عبداللہ اور اپنی قوم سے فرار ہو کر فتح بن یحیی وغیرہ جیجل چلے گئے۔ جو باقی رہ گئے وہ ابو عبداللہ کے مطیع و فرمانبردار ہو گئے۔ اس کے بعد فتح بن یحیی اپنی قوم کو جمع کر کے ابو عبداللہ سے لڑنے کے لئے نکلا۔ ابو عبداللہ بھی یہ خبر پا کر مقابلہ پر جنگ ہو گیا۔ دونوں گروہوں میں خونریزی چھڑ گئی۔ اس معرکہ میں بھی ابو عبداللہ کو فتح یابی حاصل ہوئی فتح بن یحیی شکست کھا کر بھاگا۔ اس کی فوج کا کثیر حصہ کام آ گیا۔ باقی ماندہ جان بچا کر سطیف پہنچے اور جب وہاں بھی امن و امان کی صورت نظر نہ آئی تو انہوں نے ابو عبداللہ سے امان کی درخواست کی۔ ابو عبداللہ نے منظور کر لی اور وہ لوگ اطاعت میں آ کر امن و چین سے بسر کرنے لگے۔ فتح بن یحیی شکست کے بعد تونس چلا گیا تھا اور وہاں کی حالت کی درستگی میں مصروف تھا چند دن بعد جب اس کی حالت درست ہو گئی تو اس نے ابو عبداللہ سے جنگ کرنے کی غرض سے دوبارہ فوج کشی کی اور ہارون بن یوسف کو سردار لشکر مقرر کر کے روانہ کیا۔ ابو عبداللہ بھی اپنی فوج آراستہ کر کے میدان جنگ میں آ گیا۔ ہارون پہلے ہی حملہ میں شکست کھا کر بھاگا اور ایک قلعہ میں داخل ہو کر قلعہ بند ہو گیا۔ ابو عبداللہ شیعی نے تعاقب کیا اور اس قلعہ پر پہنچ کر اس کا محاصرہ کر لیا۔ آخر الامر محصورین نے اطاعت کے لئے گردنیں جھکا دیں اور ابو عبداللہ نے اس قلعہ کو فتح کیا۔ اس کامیابی سے ابو عبداللہ کا رعب داب بڑھ گیا۔ بجایہ اور تمام قبائل تابع فرمان بردار ہو گئے۔ ابو عبداللہ لوٹ کر تازروت آیا اور اپنے مبلغوں کو تمام ملک مغرب میں پھیلا دیا لوگوں نے خوشی سے اس کی اطاعت قبول کی اور اس کے علم حکومت کے نیچے آ گئے۔ فتح بن یحیی نے بھاگ کر ابراہیم بن احمد امیر تونس کے پاس پہنچا اور اسے ابو عبداللہ سے جنگ کرنے کی ترغیب دینے لگا۔ ابو عبداللہ نے اہل مسیلہ کی سازش سے مسیلہ کو فتح کیا اور ان کے امیر موسیٰ بن عیاش کو قتل کر کے ماکنون بن ضبارہ ایجانی کو مسیلہ کی امارت پر بٹھایا۔ ابراہیم بن موسیٰ بن عیاش نے بھاگ کر ابراہیم بن احمد کے پاس تونس میں جا کر دم لیا

ابو عبداللہ شیعی اور ابو حوال کی جنگ: ۲۸۹ھ میں ابراہیم نے فتح بن یحیی اور ابراہیم بن موسیٰ کی ترغیب و تحریک سے اپنے بیٹے ابو حوال کو ایک عظیم فوج کا سردار بنا کر ابو عبداللہ کو ختم کرنے کے لئے روانہ کیا۔ اس نے کتامہ کو بھی پامال کیا اور اس کے بعد تازروت کی طرف بڑھا۔ ابو عبداللہ شیعی نے اپنی فوجوں کو آراستہ کر کے شہر ضرمہ میں ابو حوال سے مقابلہ کیا۔ اتفاق یہ کہ پہلے ہی حملہ میں ابو حوال نے ابو عبداللہ کو شکست دی۔ ابو عبداللہ میدان جنگ سے بھاگ کر [illegible]

ٹکڑا اور اپنے ہوش و حواس درست کر کے صف بندی کر لی اور [illegible] حاصل کر کے قلعہ تازروت میں داخل ہو گئے۔ اس [illegible] ابو عبداللہ نے قوت پکڑ لی [illegible] بہت سے قبائل پامال کیے گئے۔ ادھر زیادۃ اللہ کی حکومت میں بھی ایک گونہ ضعف و اضمحلال پیدا ہو چلا تھا۔ ابراہیم بن حبشی بن عیاش اغلبی کے لشکر [illegible] کی جانب ابو عبداللہ کے حالات دریافت کرنے کو گیا ہوا تھا۔ [illegible] ابو عبداللہ کے ہمراہیوں سے اور اس سے مڈبھیڑ ہوئی۔ ابو عبداللہ نے ابراہیم کو شکست دے کر لشکر کا تعاقب کر کے پیچھے [illegible] ابو حوال [illegible] کامل قبضہ ہوا۔ ابو عبداللہ نے ایکجان میں اقامت اختیار کی اور وہیں پر ایک شہر بسایا جس کا نام دار الہجرت رکھا گیا۔ بربریوں کو اپنے مذہب کی دعوت دینے لگا۔ بہت سے قبائل اس کے مذہب میں داخل ہو گئے۔ اسی زمانہ میں [illegible] کا انتقال ہو گیا۔

ابراہیم بن احمد والی افریقیہ اور ابو العباس کا قتل: [illegible] اپنے بیٹے ابو العباس [illegible] ابو عبداللہ شیعی اور اس کی جماعت [illegible] قیام کر کے اس کی مزاحمت [illegible] ابراہیم بن احمد اغلبی والی افریقیہ کو اس کے بیٹے زیادۃ اللہ نے قتل کر ڈالا اور خود تخت حکومت پر متمکن ہو کر حکمرانی کرنے لگا۔ اس وقت ابو عبداللہ [illegible] قتل [illegible] آیا اور [illegible] عیش میں مصروف ہو گیا۔ ابو عبداللہ کو موقع مل گیا اب کوئی مزاحمت کرنے والا نہ رہا تھا۔ اپنے [illegible] افریقیہ میں پہنچ کر [illegible] اس کی حکومت کا خاتمہ کیا اور [illegible] قریب ظہور ہونے والے ہیں [illegible] نے [illegible] آیا۔

عبید اللہ مہدی: محمد حبیب بن جعفر بن محمد بن اسماعیل نے اپنے انتقال کے وقت اپنے بیٹے عبید اللہ کو اپنا ولی عہد [illegible] تھا اور یہ ارشاد کیا تھا کہ تم ہی مہدی موعود ہو اور میرے بعد تم بہت دور دراز کی جانب ہجرت کرو گے اور بڑے بڑے مصائب کا سامنا کرنا پڑے گا۔ چنانچہ وفات کے بعد اس واقعہ کی [illegible] تمام اطراف و جوانب میں شہرت ہو گئی۔ ابو عبداللہ نے چند لوگوں کو [illegible] (ابن حوشب) [illegible] کامیابی کی خبر دینے کو روانہ کیا اور یہ کہلا بھیجا تھا کہ ہم لوگ ہر وقت آپ کا انتظار کر رہے ہیں۔ [illegible] تیار [illegible] اس وقت تخت خلافت پر المکتفی باللہ جلوہ افروز تھا [illegible] عبید اللہ مہدی کی گرفتاری کا حکم صادر فرمایا۔ عبید اللہ یہ خبر پا کر مع اپنے بیٹے [illegible] شام سے عراق کی طرف بھاگ [illegible] مصر میں جا کر دم لیا۔ ان دنوں مصر کا [illegible] عیسیٰ نوشری [illegible] حاکم تھا۔ مصر پہنچ کر عبید اللہ مہدی نے [illegible] سوداگر کے بھیس میں [illegible] اپنے [illegible] کے ساتھ [illegible] ابو عبداللہ شیعی کے پاس مغرب پہنچ جائے [illegible] اسکندریہ [illegible] کی جانب [illegible] مغرب کی طرف روانہ ہوا۔ اس اثنا میں خلیفہ مکتفی باللہ [illegible] عبید اللہ مہدی [illegible] عیسیٰ والی مصر کے نام [illegible] حلیہ اور [illegible] لکھا ہوا

تھا۔ ان دنوں مصر کی گورنری پر عیسیٰ نوشری مامور تھا۔ چنانچہ عیسیٰ نے عبیداللہ مہدی کی جستجو میں لوگوں کو روانہ کیا اور ایک گو ان کو عبیداللہ مہدی کی جستجو میں کامیابی بھی ہوئی لیکن اسے اس امر کا یقین نہ ہو سکا کہ یہی شخص عبیداللہ مہدی ہے۔ اس وجہ سے مطلع ہو جانے اور گرفتار کر لینے کے باوجود رہا کر دیا۔

عبیداللہ مہدی کی طرابلس میں آمد: عبیداللہ مہدی رہائی پا کر نہایت تیزی سے مسافت طے کرنے لگا۔ اثنائے راہ میں اس کی کتابیں چوری ہو گئیں۔ جن میں اس کے آباء واجداد کے منقولات تھے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ اس کے بیٹے ابوالقاسم نے ان کتابوں کو اس وقت برآمد کیا تھا۔ جبکہ اس نے مصر پر فوج کشی کی تھی۔ الغرض جس وقت عبیداللہ مہدی طرابلس پہنچا اور اس کے ہمراہی تجار اس سے علیحدہ ہوئے اس وقت عبیداللہ مہدی نے ابوالعباس برادر ابوعبداللہ شیعی کو ابوعبداللہ شیعی کے پاس انہی تاجروں کے ہمراہ کتامہ روانہ کیا۔ ابوالعباس طرابلس روانہ ہو کر قیروان پہنچا۔ اس کے پہنچنے سے پیشتر زیادۃ اللہ کو عبیداللہ مہدی اور اس کے ہمراہیوں کی خبر پہنچ گئی تھی اور یہ ان کی جستجو اور سراغ میں تھا۔ چنانچہ ابوالعباس کو قیروان میں پہنچتے ہی گرفتار کر لیا اور اس سے عبیداللہ مہدی کے حالات دریافت کئے۔ ابوالعباس نے لاعلمی ظاہر کی۔ زیادۃ اللہ نے جھلا کر جیل میں ڈال دیا اور والی طرابلس کو لکھ بھیجا کہ عبیداللہ مہدی کو جس کا حلیہ اس طرح کا ہے فوراً گرفتار کر لو۔ اتفاق سے عبیداللہ مہدی کو اس کی خبر لگ گئی۔ طرابلس سے قسطیلیہ چلا گیا۔ پھر وہاں سے بوجہ تعلق ابوالعباس برادر ابوعبداللہ شیعی جو قیروان میں تھا نکل کر سجلماسہ میں جا کر قیام کیا۔ ان دنوں سجلماسہ کی زمام حکومت الیسع بن مدرار کے قبضۂ اقتدار میں تھی۔ الیسع نے عبیداللہ مہدی کی بے حد توقیر اور عزت کی۔ اس کے بعد ہی زیادۃ اللہ کا خط (کہا جاتا ہے کہ خلیفہ مکتفی کا فرمان تھا۔) الیسع کے پاس آ پہنچا۔ جس میں یہ لکھا ہوا تھا کہ یہی شخص مہدی ہے اور حکومت وخلافت کا دعویدار ہے اور کتامہ داعی ہے۔ الیسع نے عبیداللہ مہدی کو فوراً گرفتار کر لیا۔

ابوعبداللہ شیعی کا سطیف پر قبضہ: ان واقعات کے بعد ابوعبداللہ شیعی نے ابوخوال کے مارے جانے پر جو اس سے برسر جنگ رہا تھا۔ تمام کتامہ کو جمع کیا اور انہیں آلات حرب سے مسلح وآراستہ کر کے سطیف پر فوج کشی کی۔ سطیف میں ان دنوں علی بن جعفر بن عسلوجہ حکمرانی کر رہا تھا اور اس کا بھائی ابوحبیب بھی وہیں موجود تھا۔ ابوعبداللہ ایک مدت تک سطیف کا محاصرہ کئے رہا۔ آخر کار بزور تیغ اس پر قبضہ حاصل کر لیا۔ داؤد بن جاشہ سردار لہیصہ بھی اس وقت سطیف میں ٹھہرا ہوا تھا۔ یہ اس زمانہ میں یہاں چلا آیا تھا جس وقت بعض سرداران کتامہ یہاں چلے آئے تھے۔ اہل سطیف کے ساتھ اس نے بھی ابوعبداللہ شیعی سے امان کی درخواست کی تھی اور ابوعبداللہ شیعی نے امان دے دی تھی۔ ابوعبداللہ نے شہر سطیف میں فتح یابی کے ساتھ داخل ہو کر شہر کو منہدم کرا دیا یا باقی قلعوں کو مسمار کرا کر زمین کے برابر کر دیا۔

ابوعبداللہ شیعی اور ابن حبشی کی جنگ: زیادۃ اللہ کو اس کی خبر لگی۔ فوجیں مرتب کر کے اپنے عزیز و قریب ابراہیم بن حبشی نامی کی سرکردگی میں کتامہ کو سر کرنے کے لئے روانہ کیں۔ اس فوج کی تعداد چالیس ہزار تھی۔ کوچ و قیام کرتی ہوئی قسطنطینیہ پہنچی اور وہیں قیام پذیر ہو گئی۔ اس وقت فریق مخالف نے اونچے اونچے پہاڑوں کی چوٹیوں پر

[illegible]

ابو عبداللہ شیعی کی فتوحات [illegible]

[illegible]

ابو عبداللہ شیعی اور ابوالعباس کی [illegible]

قسطیلیہ کی فتح [illegible]

قیروان اور رقادہ پر قبضہ ۲۹۶ھ میں ابوعبداللہ شیعی [illegible]

فوجیں فرار ہوئیں، شاہی قصر امارت میں جا کر مقیم ہوا اپنے بھائی ابو العباس کو قیروان کی حکومت سے ... والی امان کی منادی کرا دی۔ امراء وزراء اور عوام الناس جو خوف زدہ ادھر ادھر بھاگ گئے تھے واپس ہو کر اپنے اپنے مکانات میں آئے اور شاہی محل جہاں سے خوف سے ادھر ادھر بھاگ گئے ابو عبداللہ شیعی نے شہر کے مکانات لوگوں میں تقسیم کر دیا چنانچہ لوگ سب شیعوں کے ساتھ ان مکانات میں قیام اختیار کیا۔

ابو عبداللہ شیعی کی سجلماسہ کو روانگی: فاتحانہ جنگ و ... مصروف رہنے کے بعد زیادۃ اللہ کا مال و اسباب اور سامان خلعت کے لئے۔ ابو عبداللہ شیعی نے ان پر ایک سرسری نظر ڈالی اور ان کی حفاظت کا حکم دیا۔ اسی اثنا میں جمعہ کا دن آ گیا۔ خطیبوں نے دریافت کیا کہ کس کا نام خطبہ میں پڑھا جائے۔ ابو عبداللہ شیعی نے کسی کا بھی نام نہیں بتایا لیکن جو سکہ ڈھالا گیا اس کے ایک طرف "بلغت حجۃ اللہ" اور دوسری جانب "تفرق اعداء اللہ" منقوش تھا۔ ہتھیاروں پر "عدۃ فی سبیل اللہ" اور گھوڑوں پر "الملک للہ" کندہ تھا۔ رقادہ میں چند دن قیام کر کے عبیداللہ مہدی کی تلاش میں سجلماسہ کی جانب کوچ کیا۔ روانگی کے وقت رقادہ اور قیروان پر اپنے بھائی ابو العباس کو مقرر کیا۔ ابو زکی کو ... کے پاس ... چھوڑ دیا ... مغرب ... سے ... ہوئی ... ابو عبداللہ شیعی جس وقت سجلماسہ جا رہا تھا تو راستہ میں بہت سے ... اس کے ... جانے کے بعد اطاعت ... بھیجا۔ ابو عبداللہ شیعی نے سجلماسہ کے قریب پہنچ کر الیسع بن مدرار والئ سجلماسہ کے پاس ایک قاصد بھیجا اور ... الیسع نے ... قاصد کو قتل کرا دیا اور فوجیں مرتب کر کے مقابلہ پر نکلا۔ جنگ ہوا۔ ... اتفاق یہ کہ الیسع کی فوج بھاگ کھڑی ہوئی۔ ... الیسع اور اس کے ہمراہی بھی ... کے ساتھ ...

عبیداللہ مہدی کی روانگی: اگلے دن ابو عبداللہ شیعی ... شہر میں ... ابو عبداللہ شیعی شہر میں داخل ہو کر جیل کی جانب گیا۔ جہاں کہ عبیداللہ مہدی اپنے بیٹے کے ساتھ قید تھا۔ ان دونوں کو قید سے نکالا اور عبیداللہ مہدی کی خلافت و امامت کی بیعت کی ... قبائل ... آگے آگے ابو عبداللہ شیعی تھا ... ہذا مولاکم ... یہاں تک کہ اپنے خیمہ ... عبیداللہ مہدی کو اپنے ... خیمہ میں ... الیسع کی تلاش ... گرفتار ... بعد ... لایا ... ابو عبداللہ ... قتل کا حکم ... اور اسی وقت قتل کر دیا گیا۔

عبیداللہ مہدی کی بیعت: ابو عبداللہ ... عبیداللہ مہدی چالیس روز تک سجلماسہ میں مقیم رہ کر اس کے بعد افریقیہ کی جانب کوچ کیا۔ رقادہ پہنچا۔ ابو عبداللہ شیعی نے ... مال و اسباب ... عبیداللہ مہدی کے حوالہ کر دیے ... قیام کر ... ربیع الآخر ۲۹۷ھ میں رقادہ پہنچے۔ اہل قیروان نے ... اطاعت و فرمانبرداری کا اظہار کیا۔ جمعہ کو عبیداللہ مہدی کی خلافت و امارت کی بیعت عامہ ہوئی اور اس کی حکومت و سلطنت کی ... کے ساتھ ... عبیداللہ مہدی نے اپنے ... کو ... افریقیہ میں پھیلا دیا۔ ...

نے اس کی دعوت بلا توقف قبول کی تھی ان کا قتل عام کیا گیا۔ لونڈیاں اور مال و اسباب کو اہل کتامہ پر تقسیم کیا۔ جاگیریں دیں، دفاتر اور محکمہ جات اہل دیوانی کے قائم کئے۔ خراج وصول کرنے کے لئے عامل مقرر کئے گئے، ملک و صوبوں پر حکام مقرر کر کے ان پر عمال مقرر کئے۔ ماتحتوں پر خیال رکھا۔ [illegible] کی طرف روانہ کیا۔ صقلیہ کی طرف حسن بن احمد بن ابی خنزیر کو بھیجا۔ اسحاق بن منہال کو جو قاضی تھا معزول کیا اور اس کے بھائی کو ریاست کا اہل جانا۔ ۲۹۷ھ میں حسن بن احمد نے دریا کو بالکل آسانی سے عبور کیا اور قصور [illegible] میں قیام کرتے ہی اہل [illegible] کو لوٹ کرنے لگے۔ آخر [illegible] کا [illegible] کے [illegible] صقلیہ کی طرف مراجعت کی۔ اس کا [illegible] سے اہل [illegible] میں غدر پیدا ہو گیا۔ اہل صقلیہ کے سرداروں نے [illegible] کو نکالا۔ اہل صقلیہ نے بطور معذرت کے [illegible] عبداللہ مہدی کی خدمت میں معذرت کی درخواست بھیجی۔ عبداللہ المہدی نے ان لوگوں کے عذرات قبول کر لئے اور صقلیہ پر ابن ابی خنزیر کی جگہ علی بن عمر بلوی کو متعین کیا۔ چنانچہ علی آخر ۲۹۹ھ میں صقلیہ پہنچا۔

بیت المقدس پر عیسائیوں کا دوبارہ قبضہ انطاکیہ فتح یابی کے بعد عیسائی کروسیڈروں نے بیت المقدس کا قصد کیا۔ چالیس روز تک محاصرہ کئے رہے۔ قلعہ شکن منجنیقیں چاروں طرف سے نصب کیں شہر پناہ و دیوار منہدم کرانے کی غرض سے دو برج چوبی بنائے تھے۔ جس پر آتش بازی کا کوئی اثر نہیں پہنچتا تھا۔ لڑتے بھڑتے شمالی جانب سے بیت المقدس میں جمعہ سات روز شعبان ۴۹۲ھ کے تمام ہونے کو باقی رہ گئے تھے گھس پڑے۔ گھستے ہی قتل عام خونریزی اور کشت و خون کا ہنگامہ گرم اور جاری رہا۔ مسلمانوں نے محراب داؤد علیہ السلام میں جا کر پناہ لی اور یہ سمجھ کر وہاں جا چھپے تھے کہ شاید اب خونریزی اور قتل

سے ہم بچ جائیں گے۔ مگر ان ستم رسیدوں کو وہاں بھی پناہ نہ ملی۔ عیسائی فوجوں نے پیچھا کیا۔ انہیں اذیتیں دیں اور جب انہوں نے دروازہ کھلوا کر قتل کرنے گئے تو مسجد اقصیٰ اور صخرہ میں ستر ہزار مسلمان شہید کئے گئے۔ مسجد اقصیٰ کی چالیس قندیلیں نقرئی جو تین تین ہزار اور چھ سو درہم وزن کی تھیں اور ایک تنور نقرئی (جو وزن میں چالیس رطل شامی تھا) اور ایک سو پچاس قندیلیں طلائی لوٹ لیں۔ اس کے علاوہ اور [illegible] قیمتی سامان لوٹ لے گئے جو شمار سے باہر تھے۔ بقیۃ السیف جو اس قتل عام خونریزی سے بچ گئے۔ وہ بحال پریشان فریاد کناں بغداد پہنچے اور ان مصائب کو بالتفصیل بیان کیا۔ جو اسلام اور مسلمانوں پر بیت المقدس اور سرزمین شام میں قتل و غارت گری اور قید ہونے کے گزر رہے تھے۔ خلافت مآب نے [illegible] علماء کے ایک گروہ کو سلطان برکیاروق اور ان کے بھائیوں محمد اور سنجر کے پاس جہاد پر آمادہ کرنے کی غرض سے بھیجا۔ لیکن بادشاہان سلاطین سلجوقیہ میں باہمی تنازعات اور مخالفت کی وجہ سے اس قدر قوت باقی نہ رہی تھی کہ عیسائی صلیبیوں کے مقابلے میں تلوار اٹھاتے اور بیت المقدس کو ان کے قبضے سے نکالنے کی کوشش کرتے۔ چنانچہ علماء کا وفد ناکام واپس آیا۔

عسقلان کا محاصرہ: وزیر السلطنت افضل بن بدر جمالی امیر الجیوش نے بیت المقدس پر عیسائیوں کے قبضہ کی خبر پا کر فوجیں آراستہ کیں اور صلیبی گروہ کو بیت المقدس سے نکال باہر کرنے کے قصد سے مصر سے کوچ کیا۔ عیسائی فوجیں بھی افضل کے لشکر سے مقابلہ کرنے کے لئے بڑھیں اور ناگہاں عساکر کے اوپر چھاپہ مارا۔ مصری لشکر کا ایک گروہ [illegible] منتشر ہو کر زیتون کے باغ میں جا چھپا۔ عیسائیوں نے آگ لگا دی۔ سب کے سب جل گئے اور جو کچھ آگ سے بچ کر باہر نکلا اسے عیسائیوں نے بے دریغ قتل کر ڈالا۔ اس ہولناک واقعہ کے بعد عیسائی فوجیں عسقلان کی طرف بڑھیں اور پہنچ کر محاصرہ کیا۔ بیس ہزار دینار بطور تاوان جنگ لے کر واپس ہو گئیں۔

باب: ۱۲

ابو علی منصور الآمر باحکام اللہ ۴۹۵ھ تا ۵۲۴ھ

و

ابو المیمون عبد المجید الحافظ لدین اللہ ۵۲۴ھ تا ۵۴۴ھ

تخت نشینی: مصر کا ساتواں خلیفہ ابو القاسم احمد بن مستنصر باللہ علوی ملقب بہ مستعلی ۴۹۵ھ میں اپنی خلافت کے سات سال پورے کر کے مر گیا۔ اس کی جگہ اس کا بیٹا ابو علی جس کی عمر اس وقت پانچ برس کی تھی تخت خلافت پر متمکن ہوا اور الآمر باحکام اللہ کا خطاب اختیار کیا۔ خلفائے علویہ میں سے کوئی شخص اس سے اور مستنصر سے زیادہ کم عمری میں خلیفہ نہیں بنایا گیا۔ [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] نہیں ہوتی تھی۔

عیسائیوں اور مصریوں کا مقابلہ: ۴۹۶ھ میں افضل امیر الجیوش نے مصر سے ایک بڑی فوج [illegible] عیسائیوں سے جنگ کرنے کے لیے رملہ کی جانب روانہ کی۔ سعد الدولہ طواشی ترکی ایک امیر تھا جو اس کے باپ کا غلام تھا۔ اسی کو سپہ سالار مقرر کیا۔ رملہ اور یافہ کے درمیان عیسائی لشکر سے معرکہ آرائی ہوئی۔ عیسائیوں کے سردار کا نام بغدوین تھا۔ پہلے حملہ میں عیسائیوں نے مصری لشکر کو شکست دے دی۔ [illegible] سعد الدولہ مارا گیا۔ عیسائیوں نے اس کے لشکر کو پامال کر دیا اور [illegible] مال و اسباب لوٹ لیا۔ افضل کو اس شکست کی خبر ہوئی تو اس نے اپنے بیٹے شرف المعالی کو فوج کا سردار مقرر کر کے دوبارہ روانہ کیا۔ رملہ کے قریب عیسائیوں سے مقابلہ ہوا۔ شرف المعالی نے عیسائیوں کو شکست دے دی۔ بغدوین خوف زدہ ہو کر گھاس کے کھیتوں میں چھپ رہا اور جب یہ معرکہ ختم ہو گیا تو چند عیسائی سرداروں کے ساتھ نکل کر یافہ چلا گیا۔ شرف المعالی نے رملہ کا محاصرہ کر لیا [illegible] پندرہ روز [illegible] آخر کار بزور تیغ فتح کر لیا۔ چار سو عیسائیوں کو قتل کیا اور تین سو عیسائی سرداروں کو گرفتار کر کے مصر بھیج دیا۔ بغدوین یافہ سے کشتی میں بیٹھ کر ساحل چلا گیا۔ اتفاق سے اسی زمانہ میں عیسائی زائرین کا ایک گروہ بیت المقدس کی زیارت کو آیا ہوا تھا۔ بغدوین نے ان کو لڑائی پر آمادہ کیا۔ سب کے سب اس کے ساتھ ہو گئے تو اس نے تیاری کر کے عسقلان کی جانب کوچ کیا۔

شرف المعالی چلا گیا۔ اپنے باپ افضل امیر الجیوش کے پاس چلا گیا اور عیسائیوں نے عسقلان پر بلا جدال و قتال قبضہ حاصل کر لیا۔

تاج العجم کی گرفتاری: اس کے بعد شرف المعالی نے بری اور بحری فوجیں مرتب کیں۔ اپنے باپ کے غلام تاج العجم کو [illegible] فوج کے ساتھ براہ خشکی عیسائیوں کے مقابلے پر عسقلان کی طرف روانہ کیا اور قاضی ابن قادوس کی ماتحتی میں کشتیوں کا بیڑا دے کر یافا کی جانب بھیجا۔ چنانچہ تاج العجم نے عسقلان پہنچ کر پڑاؤ کیا۔ قاضی قادوس نے تاج العجم کو لکھ بھیجا کہ آؤ ہم تم متفق ہو کر عیسائیوں پر حملہ کریں۔ تاج العجم نے نہایت درشت جواب دیا۔ افضل امیر الجیوش کو اس واقعہ کی اطلاع ہوئی۔ افضل نے اسی وقت ایک [illegible] کو تاج العجم کے گرفتار کرنے کو بھیجا اور اپنے غلاموں میں سے جمال الملک کو عسقلان کی جانب روانہ کیا اور عساکر شامیہ کی سرداری بھی اسی کو مرحمت کی۔

سناء الملک کی عیسائیوں پر فوج کشی: ۴۹۷ھ تک انہی اتفاقات پر [illegible] ہوتا رہا۔ آخر ذیقعدہ ۴۹۷ھ میں مصری اور عیسائی فوجوں میں باہم کئی لڑائیاں ہوئیں۔ ۴۹۸ھ میں وزیر سلطنت افضل نے اپنے دوسرے بیٹے سناء الملک حسین کو عیسائیوں کے مقابلہ پر روانہ کیا اور جمال الملک کو اس کے ہمراہ کر دیا۔ چنانچہ سناء الملک پانچ ہزار فوج کی جمعیت سے عیسائیوں سے لڑنے کے لئے روانہ ہوا۔ طغتکین اتابک والی دمشق سے کمک طلب کی۔ طغتکین نے تیرہ سو سوار بھیج دیئے۔ عسقلان اور یافا کے درمیان [illegible] اسلامی اور عیسائی فوجوں سے مقابلہ ہوا [illegible]۔ اس کے بعد دونوں فریق ایک دوسرے سے خود بخود علیحدہ ہو گئے۔ [illegible] اسلامی نے عسقلان اور دمشق کی جانب مراجعت کی۔ [illegible] طغتکین نے اپنے [illegible] حکومت [illegible] اٹھانے کا قصد کیا تھا۔ اسی وجہ سے طغتکین نے عیسائیوں سے [illegible] اور ان سے [illegible]۔

عیسائیوں کا طرابلس پر قبضہ: طرابلس پر خلافت عبیدیہ کی حکومت کا سکہ چلتا تھا۔ اسی زمانہ پر آشوب وقتوں میں عیسائیوں نے اس کا کئی مہینے سے محاصرہ کر رکھا تھا۔ محصورین کی امداد [illegible] مصر [illegible] آتی تھی۔ ۵۰۲ھ کے دور میں جہازوں کا ایک بیڑا [illegible] عیسائی [illegible] سے ساحل طرابلس پر پہنچا۔ [illegible] کی کافی تعداد تھی [illegible] طرابلس پر محاصرہ کئے ہوئے تھے۔ [illegible] افضل نے [illegible] مصالحت کرا دی۔ ان دونوں سے [illegible] طرابلس پر حملہ کیا۔ [illegible] عیسائیوں نے طرابلس [illegible] شہر پناہ پر [illegible] شہر پناہ کی دیواروں [illegible] عیسائی فوجیں [illegible] بہت سی [illegible] طرابلس [illegible] دمشق [illegible] شہر کے ساتھ امان حاصل کر لی تھی [illegible] دمشق چلا گیا۔ اس فتح کے بعد ایک [illegible] طرابلس کے [illegible] عیسائیوں نے [illegible] تقسیم کر دیا۔ [illegible] عیسائیوں کے [illegible]

ساحلی شام پر قبضہ کر لیا۔ ہم نے ان واقعات کو دولت عبیدیہ کے تذکرہ میں اس وجہ سے خصوصیت سے بیان کیا ہے کہ ان مقامات پر خلافت علویہ کا قبضہ و تصرف تھا۔ بقیہ حالات کو عیسائیوں کے اخبار کے ضمن میں بیان کریں گے۔

شمس الخلافہ کا قتل: عسقلان میں حکومت علویہ مصر کا قبضہ تھا۔ شمس الخلافہ نامی ایک امیر کے قبضہ اقتدار میں اس کی عنان حکومت تھی۔ بغدوین عیسائی بادشاہ بیت المقدس سے شمس الخلافہ نے کچھ مال دے کر صلح کر لی۔ شمس الخلافہ نے خود مختاری کا اظہار کیا اور علم خلافت علویہ سے اپنے تعلقات نیازمندی منقطع کر لئے۔ یہ خبر دربار خلافت مصر تک پہنچی۔ وزیر افضل نے ایک فوج مرتب کر کے عسقلان کی جانب روانہ کی اور امیر لشکر کو یہ ہدایت کر دی کہ جس وقت شمس الخلافہ لشکر میں آئے فوراً گرفتار کر لینا۔ کسی ذریعہ سے شمس الخلافہ کو اس کی اطلاع ہو گئی۔ کھلم کھلا مخالفت پر آمادہ ہو گیا اور جس قدر اہل مصر اس کے شہر میں تھے سب کو نکال دیا۔ وزیر السلطنت امیر الجیوش افضل نے بہ نظر تالیف قلب شمس الخلافہ کو بدستور عسقلان کا حکمران رکھا اور اسے اس کے عہدے پر بحال رکھنے کا اظہار کیا۔ مگر شمس الخلافہ کا دل وزیر السلطنت کی طرف سے صاف نہ تھا۔ اتفاق سے اس کے اہل عسقلان کی جانب سے کچھ خوف ہوا۔ اس وجہ سے بعض فوجیں ترکوں کی کثرت سے بھرتی کر لیں۔ اہل عسقلان کو اس سے کچھ دینی و مذہبی نفرت پیدا ہو گئی۔ سب نے متفق ہو کر حملہ کر دیا اور گرفتار کر کے قتل کر ڈالا۔ اور خلیفہ آمر باحکام اللہ اور وزیر السلطنت افضل کے دربار میں اس واقعہ کی اطلاع دی۔ خلیفہ آمر نے دار الخلافت مصر سے ایک شخص کو امیر مقرر کر کے عسقلان روانہ کیا۔ اس امیر نے عسقلان پہنچ کر اہل عسقلان کے ساتھ بہت رحم و انصاف کے برتاؤ کئے۔ شورش و بغاوت جس قدر تھی رفع ہو گئی۔ نظام حکومت درست ہو گیا۔

عیسائیوں کا صور پر حملہ: اس واقعہ کے بعد عیسائی بادشاہ بیت المقدس نے شہر صور پر حملہ کیا۔ صور بھی خلافت علویہ مصریہ کے مقبوضات میں داخل تھا۔ عز الملک الاعز نامی ایک امیر اس شہر کا والی تھا۔ اتابک طغتکین کا لشکر اس کی حفاظت کر رہا تھا۔ عیسائیوں نے اس شہر پر چاروں طرف سے محاصرہ ڈال کر جنگ کی طرح ڈال دی۔ اہل صور نے طغتکین اتابک دمشق سے امداد کی درخواست کی۔ چنانچہ طغتکین اتابک اہل صور کی کمک پر آیا اور مقابلہ جما۔ اور ان کا محاصرہ جاری اور قائم رہا۔ حتیٰ کہ پھلوں کا زمانہ آ گیا۔ عیسائی بادشاہ اس خوف سے کہ طغتکین والی دمشق عیسائی مقبوضات کی تباہی شروع کر دے اور فصل کو نقصان پہنچائے محاصرہ اٹھا کر چلا گیا اور اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے اہل صور کو ان کے شر سے بچا لیا۔

بغدوین کا انتقال: ماہ ذی الحجہ ۵۱۱ھ میں بغدوین بادشاہ بیت المقدس نے فوجیں مرتب کر کے مصر پر چڑھائی کی۔ کوچ و قیام کرتا ہوا تنیس تک پہنچا۔ ایک روز تیرنے کو گیا۔ دریائے نیل میں اترا۔ موت کا وقت قریب آ گیا تھا۔ بیمار ہو کر واپس ہوا۔ عیسائیوں نے پھر بیت المقدس کی جانب مراجعت کی۔ چنانچہ بیت المقدس پہنچ کر مر گیا۔ بیت المقدس کی بادشاہی کی وصیت قمص والی رہا کے حق میں کر گیا۔ اگرچہ اس وقت ملوک سلجوقیہ میں خانہ جنگیاں اور باہمی نزاعات پیدا ہو گئے تھے تاہم ان قوموں نے تمام بلاد شامیہ کو دبا لیا۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے سلطان صلاح الدین فاتح بیت المقدس کے لئے چھوڑا اور یہ سب اسی کے مقدر تھا۔

---

[1] یہ واقعہ ۵۰۹ھ کا ہے۔ تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۱۰ صفحہ [illegible]

خلیفہ آمر کی افضل سے کشیدگی: ہم اوپر بیان کر آئے ہیں کہ وزیر السلطنت افضل نے خلیفہ مستعلی کی وفات کے بعد خلیفہ آمر باحکام اللہ کو جس وقت کہ اس کا سن پانچ برس کا تھا۔ تخت خلافت پر متمکن کیا۔ جب خلیفہ سن شعور کو پہنچا اور اس کی حکومت وسلطنت کو ایک گونہ استحکام و استقلال حاصل ہو گیا۔ اس وقت خلیفہ آمر کو افضل کا ہر کام میں پیش پیش رہنا ناگوار گزرنے لگا۔ اپنے مصاحبوں سے وزیر السلطنت افضل کے قتل کی بابت مشورہ لیا۔ اس کا چچا زاد بھائی عبدالمجید جو اس کا ولی عہد بھی تھا۔ بربنائے مخالفت مانع ہوا اس خیال سے باز آ گیا۔ یہ بہت بڑی بدنامی کی بات ہے ایک زمانہ دراز سے یہ اور اس کا باپ ہم حکومت کی خیر خواہی کرتا چلا آیا ہے۔ جس وقت لوگوں کو یہ خبر معلوم ہو گی ان کے دل میں کیا کیا خیالات پیدا ہوں گے۔ علاوہ بریں اسے قتل کرنے سے پیشتر کسی اور شخص کو قلمدان وزارت پر مامور کرنا چاہئے۔ جہاں تک کہ آئندہ خطرات سے آپ محفوظ رہیں۔ خلیفہ آمر یہ سن کر خاموش ہو گیا تھوڑی دیر کے بعد عبدالمجید نے یہ رائے دی کہ ابو عبداللہ بن بطائحی کے ذریعہ سے اس اہم کام کو انجام دینا چاہئے۔ ابو عبداللہ اس کا معتمد علیہ اور مصاحب بھی ہے۔ وہ بخوبی اس کام کو اچھی طرح انجام دے سکے گا اور وہ اپنے دوستوں کو متعین کر دے گا جو افضل کو قتل کر ڈالیں گے۔ چنانچہ خلیفہ آمر نے ابو عبداللہ کو پیش گاہ خلافت میں طلب کر کے وزیر السلطنت کے قتل کر ڈالنے کی خواہش ظاہر کی اور عہدہ وزارت پر مقرر کرنے کا وعدہ کیا۔ ابو عبداللہ نے ابو منصور کو وزیر السلطنت کے قتل پر مامور کیا جنھوں نے اسے مصر میں اس وقت قتل کیا جبکہ وہ اپنی سواری کے ساتھ مصر سے قاہرہ جا رہا تھا۔ یہ واقعہ ۵۱۵ھ کا ہے۔

وزیر السلطنت افضل کا قتل عام: وزیر السلطنت افضل حسب دستور قدیم عید کے دن قاہرہ کے خزانۃ السلاح کو انعام و اکرام تقسیم کرنے کی غرض سے جا رہا تھا۔ خدام اور فوج کی کثرت خلائق اور تماشائیوں کے اژدہام کی وجہ سے گرد و غبار کثرت سے اٹھ رہی تھی۔ وزیر السلطنت کو اس سے تکلیف ہونے لگی حکم دیا کہ دور سے ساتھ چلو۔ کل فوج ہٹ گئی۔ صرف دو شخص ہم رکاب رہے بازار صیقل تک پہنچے۔ چند تیز رو پیچھے رہ گئے اور آپ آگے بڑھ گیا۔ دو شخص جن کو ابو عبداللہ نے اس کے قتل پر مامور کیا تھا ایک گوشہ سے نکل کر وزیر السلطنت کی طرف جھپٹے ایک نے تلوار چلائی دوسرے نے خنجر مارا۔ زخمی ہو کر گھوڑے سے زمین پر آ رہا۔ قاتلوں نے بھاگنے کی کوشش کی۔ لیکن اس میں انہیں کامیابی حاصل نہ ہوئی گرفتار کر لیے گئے۔ وزیر السلطنت کو اس کے مکان وزارت میں اٹھا کر لے گئے۔ اس وقت اس میں کچھ دم باقی تھا۔ خلیفہ آمر عیادت کو آیا دریافت کیا "تمہارا خزانہ کہاں ہے؟" عرض کیا "ظاہری خزانہ کا حال ابوالحسن بن ابو اسامہ جانتا ہے (یہ شخص حلب کا رہنے والا تھا اور اس کا باپ قاہرہ کا قاضی تھا) اور پوشیدہ خزانے کا حال بطائحی واقف ہے"۔

افضل کا خزانہ: جس وقت افضل اپنی وزارت کا پچیسواں سال پورا کر کے داعی اجل کو لبیک کہہ کر راہی ملک عدم ہوا تو خلیفہ آمر نے اس کے مال و اسباب اور خزانہ کی پورے طور سے نگرانی کی۔ چھ روز تک اشرفیوں کے ہمیان بار بردار اٹھا کر لے جاتے رہے۔ رنگ برنگ کے ریشمی کپڑے بغدادی اسکندری اسباب جواہر ظروف طلائی و نقرئی ہر طرح کی قیمتی چیزیں عنبر اور مشک بے شمار برآمد ہوا۔ اس کے خزانے کے اسباب میں دو ہزار قلمدان اور آبنوس کے ٹکڑوں کا ایک صندوقچہ بنا ہوا تھا جس پر چاندی جڑی ہوئی تھی پیتل کا ایک شخص (بصورت کنیز) بنا ہوا تھا جس کا وزن ایک ہزار رطل تھا اور اس

---

۱ [illegible]

چھوٹے بیٹے کی چہیتی بیوی تھی۔ اس کے پائل مرجان کے بنے تھے۔ بچھوے زمرد کے اور کنگن یاقوت کی تھیں۔ امیر الجیوش افضل اس چھوٹے لڑکے کو اپنے بعد وزارت میں رکھنا چاہتا تھا جس سے یہ امکان مضبوط ہو جاتا تھا کہ قدرت کو یہ منظور نہ تھا رکھنے کا قائل ہے کہ یہ سب مال و زر و جواہرات امیر کے قبضہ میں آ گیا۔

بطائحی کی وزارت: ابن میسر لکھتا ہے کہ بطائحی کا باپ عراق میں رہتا تھا۔ جب افضل کے عہد میں [illegible] میں آیا۔ کے مرنے سے اس کے باپ کا سایہ اٹھ گیا۔ کوئی ترکہ بھی نہ چھوڑا۔ انتہائی تنگی سے اس کی پرورش ہوئی۔ سن شعور کو پہنچا تو کہ ماں بھی مر گئی۔ پہلے تو اس نے معماری کا کام کیا پھر دلالی کا کام کرنے لگا۔ آخر اوقات مال و اسباب اٹھا کر لے جانے وزارت میں ہوا کرتا تھا۔ جب امیر الجیوش افضل کو اس کی خوبیوں کا تجربہ ہوا تو فراشوں کے زمرے میں داخل کر لیا۔ ترقی کرتے کرتے نیابت کے عہدے پر پہنچ گیا۔ جب امیر الجیوش افضل مارا گیا تو خلیفہ آمر نے اسے افضل کی جگہ وزارت کے عہدے پر مقرر کر دیا۔ آمر بطائحی ابن فاتک ابو عبداللہ محمد کے نام سے مشہور تھا لیکن خلیفہ آمر نے اسے وزارت عطا کرنے کے بعد "جلال الاسلام" کا لقب مرحمت کیا تھا۔ پھر وزارت کے دوسرے برس "المامون" کا خطاب دیا۔

خلیفہ آمر کی بطائحی سے کشیدگی: تھوڑے دنوں بعد ہی کیا افضل کی طرح وہ بھی سلطنت میں ترقی اور شہرت سے بڑھنے لگا۔ اس سے خلیفہ آمر کو تشویش پیدا ہوئی۔ دونوں کی باہمی کشیدگی سے منافرت اور دہشت پیدا ہو چلی۔ مامون کا ایک بھائی ملقب بہ مؤتمن تھا۔ مامون نے خلیفہ آمر کے مشورہ سے اس کو [illegible] کی حفاظت کے لئے روانہ کیا۔ اس کے ہمراہ سپہ سالاروں کو ایک گروہ بھی گیا۔ جس میں تاج الملوک [illegible] افضل اور [illegible] وغیرہ تھے۔ ان لوگوں کی روانگی کے بعد مامون نے قاہرہ میں قیام اختیار کیا۔ [illegible] اور ترتیب لشکر کی تیاری کرنے لگا۔ ان لوگوں نے خلیفہ آمر سے اس کی شکایت شروع کر دی کہ یہ بچے کو زہر دے کر [illegible] چاہتا ہے۔ [illegible] کے [illegible] سرائے خلافت سے مال [illegible] آئی تھی۔ ساتھ ہی اس نے یہ بھی خبر دی کہ خلیفہ آمر کے کان تک یہ بھی پہنچ گئی کہ مامون نے نجیب الدولہ کو یمن میں اپنی امامت کی دعوت دینے روانہ کیا ہے۔ آمر نے اس امر کی انکشاف کی غرض سے چند لوگوں کو یمن روانہ کیا۔

بطائحی کا قتل: جس وقت خلیفہ آمر کو ان باتوں کی تحقیق ہو گئی تو وہ دل ہی دل میں جل گیا اور ہر طرح کے خیالات اس کے دماغ کو پراگندہ کرنے لگے تو مجبوراً اس نے بطائحی کو قاہرہ بلا لیا۔ جو اس کے بھائی کے ساتھ اسکندریہ میں مقیم تھے۔ [illegible] سے تنگ آ چکا تھا۔ [illegible] کی [illegible] حالت تھی۔ سب کے سب ماہ رمضان ۵۱۹ھ میں دارالخلافت قاہرہ آ گئے۔ اس کے بعد مؤتمن بھی اجازت حاصل کر کے قاہرہ پہنچ گیا۔ [illegible] خلافت [illegible] کرنے کے لئے آمر خلافت میں [illegible] اور [illegible] کی افطار کے لئے قصر خلافت میں حاضر ہوئے خلیفہ آمر نے ان دونوں بھائیوں کو گرفتار کر کے قید میں ڈال دیا۔ اگلے دن دربار عام کر کے ان دونوں بھائیوں کے حالات اور [illegible] کو ظاہر کیا اور عہدہ وزارت پر کسی کو مقرر نہ فرمایا۔ [illegible] وزارت سے دو شخصوں [illegible] اور [illegible] کو [illegible] ان [illegible] کی وجہ سے [illegible] فرمایا۔ اس کے بعد [illegible] مامون کی تفتیش کی غرض سے یمن گئے ہوئے تھے۔ بارگاہ خلافت میں حاضر ہوئے اور نجیب الدولہ

کا بھی پردہ فاش کیا۔ تمام واقعات عرض کئے گئے خلیفہ آمر نے [illegible] مامون کو قتل کر کے صلیب پر چڑھا دیا۔

خلیفہ آمر کا قتل خلیفہ آمر نے اپنی [illegible] ملا ہوا تھا۔ مگر اس کے باوجود [illegible] کا خواہاں تھا۔ [illegible] بھی [illegible] تھا [illegible] کا شغف رکھتا تھا۔ پھر کہا جاتا ہے طبیعت موزوں پائی تھی اور چند اشعار بھی کہا کرتا تھا۔ ان میں سے دو شعر یہ ہیں

اصبحت لا ارجو ولا اتقی
الا الٰہی وله الفضل
جدی نبیی و امامی ابی
و مذہبی التوحید و العدل

"مجھے کسی سے کوئی امید ہے اور نہ کسی کا ڈر ہے سوائے اپنے اللہ کے اور وہ فضل والا ہے۔ میرے دادا نبی ہیں اور میرے باپ امام ہیں اور میرا مذہب توحید اور عدل ہے۔"

[illegible] اکثر [illegible] کے قتل کا قصد کیا کرتا تھا۔ لیکن موقع ہاتھ نہ آتا [illegible] چند دن [illegible] ان میں سے دس آدمیوں نے ایک مکان میں جمع ہو کر [illegible] ایک روز خلیفہ آمر جزیرہ روضہ کی طرف جا رہا تھا۔ پل پر سے ہو کر گزرا [illegible] دس آدمی [illegible] کی تاک میں [illegible] چھپ گئے۔ جس وقت خلیفہ آمر پل پر سے [illegible] فوراً [illegible] تلواروں سے قتل کر دیا [illegible] یہ واقعہ ۵۲۴ھ کا ہے۔ [illegible] برس خلافت کی۔ چونتیس برس کی عمر پائی [illegible]

خلیفہ آمر کی وصیت جب خلیفہ آمر [illegible] اس کی کوئی اولاد نہ تھی۔ اس وجہ سے اس کے چچا کے بیٹے میمون عبدالمجید بن امیر ابوالقاسم بن خلیفہ مستنصر باللہ [illegible] کہتے ہیں کہ خلیفہ آمر نے وصیت کی تھی کہ میری بیوی کو حمل ہے۔ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ اس کے بطن سے لڑکا پیدا ہوگا میرے بعد وہی تخت خلافت پر متمکن کیا جائے" اور میمون عبدالمجید اس کی نگرانی و پرداخت کرتا رہے۔

ابو المیمون عبدالمجید الحافظ لدین اللہ پانچ دن گزرنے کے بعد میمون نے [illegible] خلیفہ کے [illegible] "حافظ لدین اللہ" کا خطاب دیا۔ حسب وصیت مرحوم خلیفہ ہزار ملوک کو قلمدان وزارت سپرد کیا [illegible] السادات [illegible] کے ناموں میں سے تھا [illegible] خلافت [illegible] انتظام کے بعد قتل [illegible] خلافت میں [illegible] مضمون کو بیان کیا جاتا ہے۔

ابو علی کی وزارت: اس وقت یہ امر طے پا گیا کہ عہدہ وزارت ہزار الملوک کو مرحمت کیا جائے [illegible] ہزار ملوک کے [illegible] عنایت [illegible] لشکریوں اور امراء لشکر [illegible] میں سب سے [illegible] ابو علی [illegible] تھا۔ جو مصر کا سردار [illegible] تھا۔ ابو علی بن افضل اس وقت قصر خلافت میں [illegible] حامیوں نے

لشکریوں اور امراء لشکر نے ابو الفضل کا احسن بن مر کے ابو علی کو وزیر السلطنت کے خلاف ابھار دیا۔ چونکہ ابو علی کی وزارت حاصل کرنے کی غرض سے قصر خلافت سے باہر نکلا جوں ہی یہ گروہ قصر خلافت کے باہر آیا۔ لشکری اور امراء بشمول مصطفیٰ ہو چلا گئے۔ ابو علی وزیر ... اور ہاتھوں ہاتھ ابو علی کو بیچ میں لے گئے۔ قصر خلافت اور قصر وزارت کے درمیان ابو علی نے قیام کرنے کے لئے خیمہ نصب کیا تمام شہر میں ہنگامہ برپا ہو گیا۔ قصر خلافت کے دروازے بند کر دیے گئے۔ جو حقہ کے لوگوں میں اضطرابی کیفیت پیدا ہو گئی۔ خلیفہ حافظ نے مجبوری ابو علی کو عہدۂ وزارت سے معزول کیا اور جب اس کے بعد ... ہوا تو اس نے قتل کرنے کے لئے ... ابو علی احمد بن افضل نے ... ہے۔

خلیفہ حافظ کی معزولی ابو علی عہدۂ وزارت سے سرفراز ہو کر نہایت خوبی سے اس عہدے کے تمام امور کا انجام دینے لگا اور جو امور اس عہدے سے متعلق تھے انہیں صحیح طور پر پورا کیا۔ آدمی منتظم اور ہوشیار تھا۔ خلیفہ حافظ کو اپنے حسن انتظام سے دبا لیا۔ اس کے تمام اختیارات چھین لئے ... خزانہ اور ذخائر شاہی سے ... اپنے مکان میں اٹھا لایا۔ یہ امامیہ اثنا عشریہ مذہب رکھتا تھا اور مذہب کا متعصب اور سخت تھا ... اس نے ... [... (صاحب الزمان) کی امامت کا ... اللہ الصمد ... مسکوک کرایا ... خلیفہ حافظ کے نام کو خطبہ سے نکال دیا۔ اذان میں "حی علی خیر العمل" ... کی اور خطبوں ... ان اوصاف سے ... اس کی قوت اس قدر بڑھ گئی تھی کہ خلیفہ حافظ کے قتل کرا ڈالنے کا قصد کر لیا اور ان لوگوں نے ... جن لوگوں نے خلیفہ آمر کو قتل کیا تھا ... خلیفہ حافظ کو خلافت سے معزول کر کے ایک مکان میں قید کر دیا

ابو علی کا قتل ... خلافت ... لشکریوں کو ملا کر اس کے قتل کا باہم عہد و پیمان کیا۔ چنانچہ ابو علی ایک روز صبح اپنے لشکر کے ... گیند کھیلنے کو گیا تو ... چند ... کمین گاہ میں چھپ رہے ... جس وقت ابو علی اس طرف سے ہو کر گزرا ... کمین گاہ سے نکل کر ابو علی پر ... ابو علی زخمی ہو کر گرا اور اسی وقت ... ابو علی کے مارے جانے کے بعد امرائے لشکر نے خلیفہ حافظ کو قید سے نکالا اور دوبارہ اس کے ہاتھ پر خلافت و امارت کی بیعت کی اور لشکریوں نے ابو علی کا مکان لوٹ لیا۔ جو کچھ ... خلیفہ حافظ نے بیعت کے بعد قصر خلافت میں اٹھا لایا۔

وزیر یانس حافظی خلیفہ حافظ نے ابو علی کے قتل کے بعد قلمدان وزارت ابو الفتح یانس حافظی کو مرحمت فرمایا۔ اسے امیر الجیوش کا خطاب دیا یہ بہت بارعب اور صاحب وجاہت آدمی تھا۔ اس نے تھوڑے دن بعد خلیفہ حافظ کو دبا لیا ... میں کشیدگی پیدا ہو گئی ... خلیفہ حافظ نے اس کے غسل خانے میں زہر آلود پانی رکھوا دیا تھا۔ جس کی وجہ سے یانس کی موت واقع ہوئی۔ یہ واقعہ ذی الحجہ ... کا ہے۔

حسن بن خلیفہ کی وزارت وزیر السلطنت یانس کے ہلاک ہونے کے بعد خلیفہ حافظ نے یہ قصد کیا کہ آئندہ کوئی وزیر مقرر نہ کیا جائے ... بغیر وزیر کے ... حکومت ... چنانچہ اسی خیال سے وزارت کے عہدہ ... اپنے بیٹے سلیمان کو ... اتفاق ... بیٹے حسن ...

گیا تب اپنے دوسرے بیٹے حسن کو اس خدمت پر متعین کیا۔ حسن پر یہ گل کھلا کہ اس نے دعویٰ خلافت کر دیا اور اپنے باپ خلیفہ حافظ کو قید کرنے کا قصد کیا۔ لشکریوں نے اس ارادے میں اس کی اطاعت کی کسی ذریعہ سے خلیفہ حافظ کو اس کی خبر لگ گئی۔ حکمت عملی سے اس کے مصاحبوں اور ہوا خواہوں میں نفاق پیدا کرا دیا۔

حسن بن حافظ کا قتل بیان کیا جاتا ہے کہ اس شب میں خلیفہ حافظ نے چالیس آدمیوں کو یکے بعد دیگرے قتل کیا اس کے بعد اپنے ایک خادم کو قصر خلافت سے حسن کو قتل کرنے کے لئے روانہ کیا۔ حسن نے اسے بھگا دیا اب اس وقت خلیفہ حافظ تنہا بے یار و مددگار رہ گیا۔ سردار لشکر جتنے تھے وہ برہم ہو گئے۔ گورنر بہرام ارمنی کو پیام دیا کہ ارمنی فوج کو مدد پر آمادہ کر دے چنانچہ بہرام نے آرمینیوں کو ابھار دیا۔ آرمینیوں نے حسن پر یورش کی اور قصر خلافت اور قصر وزارت کے درمیان صف آرائی ہوئی۔ قصر وزارت کو جلانے کی غرض سے گھاس پھوس ڈال دی گئی۔ حسن یہ خبر پا کر قصر وزارت سے نکل آیا اور آرمینیوں سے لڑنے لگا۔ بالآخر آرمینیوں نے اسے گرفتار کر کے خلیفہ حافظ کے روبرو پیش کیا خلیفہ حافظ نے اپنے آپ اسے قتل کر کے اپنا کلیجہ ٹھنڈا کیا۔ یہ واقعہ ۵۲۹ھ کا ہے۔

رضوان بن ولخشی کی وزارت حسن بن حافظ کے مارے جانے کے بعد آرمینیوں نے متفق ہو کر بہرام کی وزارت کی تحریک کی۔ خلیفہ حافظ نے ان کی درخواست پر بہرام کو خلعت وزارت مرحمت فرمائی امور سلطنت کے سیاہ و سفید کرنے کی اجازت دی۔ بہرام نے عہدۂ وزارت سے ممتاز ہو کر آرمینیوں کو اعلیٰ اعلیٰ منصبوں پر مقرر کیا اور مسلمانوں کی اہانت کرنے لگا۔ رضوان بن ولخشی جو شہر اسکندریہ کا والی تھا اور نہایت جری ایک امیر تھا، بہرام کی وزارت سے کشیدگی پیدا ہو گئی اسی اثناء میں بہرام نے عزل و نصب اور وزارت پر تصرف کرنا شروع کیا۔ بہرام نے مصلحتاً رضوان بن ولخشی کو صوبہ غربیہ کی سند حکومت دے کر قاہرہ سے علیحدہ کر دیا۔ رضوان نے تھوڑے دن بعد ایک فوج مرتب کر کے قاہرہ کا قصد کیا۔ بہرام یہ سن کر دو ہزار آرمینیوں کے ساتھ قوص کی جانب بھاگ گیا۔ قوص پہنچ کر اپنے بھائی کو مقتول پایا۔ کیونکہ اس کے بھائی نے اہل قوص سے کسی قسم کی مخالفت کی تھی۔ پھر وہ جب قوص سے نکل کر اسوان کی جانب آیا تو کنز الدولہ والی اسوان نے شہر پناہ کے دروازے بند کر لئے۔ بہرام کو شہر میں داخل نہ ہونے دیا۔ رضوان نے ایک دستہ فوج اپنے بھائی (ابراہیم اوحد) کی سرکردگی میں بہرام کی گرفتاری کے لئے روانہ کیا۔ چنانچہ ابراہیم بہرام اور ان آرمینیوں کو جو اس کے ہمراہ تھے امان دے کر گرفتار کر لایا۔ خلیفہ حافظ نے اسے اپنے قصر خلافت میں نظر بند رکھا جب تک وہ اپنے اسی مذہب پر رہا یہاں تک کہ مر گیا۔ رضوان قلمدان وزارت کا مالک ہوا "الافضل" کا لقب اختیار کیا یہ سنی المذہب تھا اور اس کا بھائی ابراہیم امامیہ مذہب رکھتا تھا۔

خلیفہ حافظ کی رضوان سے کشیدگی رضوان نے جیسا کہ عہدۂ وزارت سے ممتاز و سرفراز ہو کر ہاتھ پاؤں نکالے اور سلطنت پر قابض و متصرف ہونے کا قصد کیا۔ ایک ہاتھ میں قلم اور ایک ہاتھ میں تلوار لے کر مخالفوں کی نگرانی کرنے لگا۔ ٹیکس اور بہت سے محصولات معاف کر دیئے اور جو شخص اس کے خلاف مرضی ٹیکس قائم کرتا یا محصول وصول کرتا تھا اسے سزائیں دیتا تھا۔ ان امور سے خلافت مآب کو ناخوش ہونا لازمی امر تھا اور فقہائے امامیہ کو طلب کر کے رضوان کی معزولی کی بابت مشورہ کیا۔ ان لوگوں نے خلافت مآب کی رائے سے اختلاف کیا۔ تب خلیفہ حافظ نے بجائے اس

سواروں کو [illegible] رضوان کی مخالفت اور اس کے برخلاف بغاوت کرنے کی تحریک کرنے اور ترغیب دینے پر مستعد ہوا۔ رضوان کے کان تک یہ خبریں پہنچیں تو شوال ۵۳۳ھ [illegible] سے بخوف جان بھاگ نکلا۔ بازاریوں اور لشکریوں نے اس کے گھر کو لوٹ لیا۔ خلیفہ حافظ خود سوار ہو کر قصر وزارت کی جانب آیا۔ فتنہ و فساد فرو ہو گیا۔ بہرام [illegible] سے [illegible] کیا تو اسے قصر خلافت میں ٹھہرا لیا۔

رضوان کی گرفتاری رضوان قاہرہ سے نکل کر شام کی طرف ترکوں سے امداد طلب کرنے کو روانہ ہوا۔ [illegible] ہمراہیوں میں تھا۔ [illegible] وہاں ایک شخص تھا جو اس کا معتقد علیہ اور بہی خواہ تھا۔ خلیفہ حافظ نے اس سے مطلع ہو کر کہ رضوان ترکوں سے مدد حاصل کرنے شام جا رہا ہے [illegible] بن مصال کو رضوان کے واپس لانے کو بھیجا۔ چنانچہ [illegible] نے سمجھا بجھا کر اور امان دے کر رضوان کو قاہرہ کی جانب واپس لایا۔ جب قصر خلافت میں خلیفہ حافظ کی خدمت میں حاضر ہوا تو خلیفہ حافظ نے قید کر لینے کا اشارہ کر دیا۔

رضوان کا قتل [illegible] میں رضوان قید سے نکل کر صعید چلا گیا تھا [illegible] نے رضوان کی پذیرائی کی۔ ایک مدت تک رضوان صعید میں مقیم رہا، اس کے بعد ۵۴۲ھ میں مصر پر حملہ کیا۔ قصر خلافت کے دروازے پر شاہی لشکر سے لڑا [illegible] شکست دی مگر اس کے بعد ہی اس کے ہمراہیوں میں نا اتفاقی پیدا ہو گئی، ایک دوسرے سے علیحدہ ہو گیا۔ [illegible] نے شام کی جانب واپسی کا قصد کیا اور چند لوگوں نے [illegible] قصر سے [illegible] خلیفہ حافظ نے اس امر کا احساس کر کے [illegible] کے ذریعے سے رضوان کو گرفتار کرنے کے [illegible] ۵۴۳ھ [illegible] اس کے [illegible] مغربیوں کو [illegible] کی جانب واپس [illegible] کے قریب شاہی لشکر سے [illegible] شاہی لشکر کو شکست ہوئی۔ رضوان کا [illegible] قصر کے قریب قیام کیا۔ خلیفہ حافظ سے [illegible] لشکریوں کے [illegible] کے لئے روپیہ [illegible] چنانچہ خلیفہ نے [illegible] کے مطابق بیس ہزار دینار بھیجے۔ [illegible] اور روانہ کئے۔ رضوان کو اب اس سے [illegible] حاصل ہو گیا مگر خلیفہ حافظ اس کے استیصال میں لگا رہا۔ چنانچہ [illegible] کے ایک گروہ کو رضوان کے قتل پر متعین کر دیا۔ انہوں نے موقع پا کر رضوان کو [illegible] خلافت [illegible] خلیفہ حافظ نے [illegible] اس کے بعد [illegible] وزارت [illegible] دے دیا۔

باب: ۱۳

ابو منصور اسماعیل الظافر لاعداء اللہ ۵۴۴ھ تا ۵۴۹ھ

عادل بن سلار کی وزارت: ۵۴۴ھ میں خلیفہ حافظ لدین اللہ ابو المیمون عبدالمجید بن امیر ابو القاسم احمد بن مستنصر نے جب کہ ان کی خلافت کو بیس سال پانچ ماہ گزر چکے تھے وفات پائی۔ ابن اثیر سے روایت ہے کہ انہوں نے اپنی عمر کے آخری مرحلے طے کئے تھے۔ اپنے آخر زمانہ خلافت میں بلا کسی وزیر کے امور سلطنت انجام دیتا رہا۔ اس کے مرنے کے بعد اس کا بیٹا ابو منصور اسماعیل اس کی وصیت کے بموجب تخت خلافت پر متمکن ہوا اور ”الظافر بامر اللہ“ کا لقب اختیار کیا۔

خلیفہ حافظ نے بوقت انتقال ولی عہد اپنے فرزند ابو منصور کو ابن مصال کی وزارت کی وصیت اور ہدایت کی تھی۔ اس لئے خلیفہ ظافر حسب وصیت چالیس روز تک ابن مصال سے وزارت کا کام لیتا رہا۔ اس کے بعد عادل بن سلار والی اسکندریہ عہدہ وزارت حاصل کرنے کی غرض سے اسکندریہ سے قاہرہ کی طرف بڑھا۔ اتفاق یہ کہ ابن مصال وزیر السلطنت کسی ضرورت سے ان دنوں سوڈان گیا ہوا تھا۔ عادل نے قاہرہ پہنچ کر قصر وزارت پر قبضہ کر لیا اور قلمدان وزارت کا مالک ہو گیا۔ عادل نے قلمدان وزارت کے مالک ہونے کے بعد عباس بن ابو الفتوح بن یحییٰ بن تمیم بن معز بن بادیس صنہاجی کو جو اس کا پروردہ تھا ایک لشکر کے ساتھ ابن مصال معزول وزیر سے جنگ کرنے کے لئے روانہ کیا۔ چنانچہ عباس نے ابن مصال پر چڑھائی کی اور فتح یاب ہو کر اس کو قتل کر دیا۔ ابن مصال الامیر کے قتل کئے جانے سے عادل کی وزارت کو استقلال اور استحکام حاصل ہو گیا۔

عادل اور بلارہ بنت قاسم: عادل بن سلار کے حرم میں بلارہ بنت قاسم بن تمیم بن معز بن بادیس اور اس کا بیٹا عباس بھی تھا۔ بلارہ پہلے ابو الفتوح بن یحییٰ کے نکاح میں تھی۔ ۵۰۹ھ میں علی بن یحییٰ بن تمیم بن معز والی افریقیہ نے اپنے بھائی ابو الفتوح مذکور کو کسی وجہ سے افریقیہ سے نکال دیا تھا۔ چنانچہ ابو الفتوح اپنی زوجہ بلارہ اور اپنے بیٹے عباس کے ساتھ مصر میں آیا۔ اس وقت یہ بچہ شیر خوار تھا۔ ابو الفتوح نے دیار مصر پہنچ کر اسکندریہ میں عادل بن سلار کے پاس قیام کیا۔ عادل نے عزت و احترام سے ٹھہرایا۔ چند دن قیام کرنے کے بعد ابو الفتوح مر گئے۔ جب اس کی بیوی بیوہ ہو گئی تو عادل بن سلار نے اس سے نکاح کر لیا۔ عباس نے اسی کے ہاں نشو و نما پائی بڑا ہوا اور اس کے ساتھ اس وقت جبکہ وزارت حاصل کرنے کے لئے قاہرہ آیا تھا یہ بھی ساتھ آیا تھا۔ یہ بارگاہ خلافت میں معزز ہوا اور عادل کے بعد عہدہ وزارت سے سرفراز کیا گیا۔

عادل کے خلاف سازش: عادل نے رتبہ وزارت حاصل کر کے امور سلطنت کی باگ اپنے ہاتھ میں لی تو اس کی خلافت مآب

تھی۔ اس کے سامنے کسی کی بھی نہ چلتی تھی جو چاہتا تھا کر گزرتا تھا اور خلیفہ ظافر صرف تماشا دیکھا جاتا۔ انہی وجوہات سے خلیفہ ظافر کو وزیر السلطنت سے کشیدگی اور نفرت پیدا ہوگئی مگر وزیر السلطنت برابر خلیفہ ظافر کو ہیچ سمجھتا رہا اور اپنے فرائض منصبی کو نہایت قابلیت و خوش اسلوبی سے انجام دیتا رہا۔ ایک مرتبہ چند لوگوں نے جو خلیفہ ظافر کی خدمت میں رہا کرتے تھے وزیر السلطنت کے قتل کا قصد کیا وزیر السلطنت کو کسی ذریعہ سے اس کی خبر لگ گئی۔ اسی وقت سب کو گرفتار کر کے جیل میں ڈال دیا اور ان میں سے ایک گروہ کو قتل کرا دیا۔ خلیفہ ظافر نے دم تک نہ مارا۔ اسی کے زمانہ وزارت میں عسقلان پر عیسائیوں نے چڑھائی کی۔ اس نے عسقلان کے بچانے کے لئے اکثر اوقات فوجیں روانہ کیں۔ آلات حرب اور رسد و غلہ بھیجتا رہا۔ مگر عیسائی سرداروں نے عسقلان پر قبضہ کر ہی لیا۔ جس سے دولت علویہ کی کمزوری بڑھ گئی اور عوام الناس کے خیالات اس کی طرف سے بدل گئے۔

عباس بن ابو الفتوح: عباس بن ابی الفتوح کی جو وزیر السلطنت عادل کا پروردہ تھا اور خلیفہ ظافر کی بہت بنتی تھی۔ عباس تجربہ کار سردار تھا۔ خلافت میں سب کو اس کی قدر تھی۔ اس کا بیٹا نصیر نامی تھا۔ خلیفہ ظافر نے اسے اپنا مصاحب و ہمدم بنا رکھا تھا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ خلیفہ ظافر اسے محبت کی آنکھوں سے دیکھتا تھا۔ عادل نے عباس کو سمجھایا کہ اپنے بیٹے نصیر کو خلیفہ ظافر کی صحبت میں آنے جانے اور اس سے موافقت پیدا کرنے سے منع کرو۔ عباس نے اس پر کچھ توجہ نہ کی۔ تب عادل نے نصیر کی دادی بلارہ مادر عباس کو بھی سمجھایا۔ یہ امر نصیر اور عباس کو شاق گزرا۔ عادل کی طرف سے ان کے دلوں میں کھٹک آ گئی۔ اسی اثناء میں عیسائیوں نے عسقلان پر فوج کشی کر دی۔ عادل نے فوجیں مرتب کر کے سامان جنگ اور آلات حرب کے ساتھ عباس بن ابو الفتوح کو عسقلان کی جانب روانہ ہونے کا حکم دیا۔

عادل بن سلار کا قتل: عباس نے خلیفہ ظافر کی خدمت میں حاضر ہو کر عادل کی شکایتوں کا دفتر کھول دیا اور تمام واقعات عرض کئے۔ اتفاق وقت سے مؤید الدولہ اسامہ بن منقذ امیر شیزر بھی دربار خلافت میں موجود تھا۔ جو عباس کا دوست اور ہوا خواہ تھا۔ اس نے عادل کو قتل کر ڈالنے کی رائے دی۔ خلیفہ ظافر اور عباس نے اس سے موافقت کی۔ عباس تو مع فوج کے بلبیس چلا گیا اور اپنے بیٹے نصیر کو عادل کے قتل کرنے کی ہدایت کر گیا۔ چنانچہ نصیر ایک گروہ کے ساتھ اپنی دادی کے مکان میں آیا عادل اس وقت سو رہا تھا۔ پہنچتے ہی عادل پر تلوار کا ایسا وار کیا کہ عادل بستر خواب سے اٹھ بھی نہ سکا۔ سوتا کا سوتا رہ گیا۔ اس کے بعد عباس مع فوج کے بلبیس سے واپس آیا اور خلیفہ ظافر کے قلمدان وزارت کا مالک بن گیا۔ زمام حکومت اپنے قبضہ قدرت میں لے کر نظم و نسق کرنے لگا۔ ادھر عسقلان کو اس وقت تک عیسائیوں کے محاصرے میں ایک مدت گزر چکی تھی اور اب تک وہ امداد کی امید میں عیسائیوں کی مدافعت کی کوشش کرتے جاتے تھے۔ مگر جب انہیں اس واقعہ کی خبر ہوئی اور دربار خلافت سے ناامید ہوئے تو انہوں نے طول محاصرہ سے تنگ آ کر شہر عسقلان کو عیسائیوں کے حوالے کر دیا۔ یہ تمام واقعات ۵۴۸ھ میں پیش آئے۔

خلیفہ ظافر کا قتل: نصیر بن عباس جیسا کہ آپ اوپر پڑھ آئے ہیں، خلیفہ ظافر کا ندیم تھا اور شب و روز کا مصاحب تھا اور

[illegible]

خلیفہ ظافر بھی اسے پیار کرتا تھا اور جب سے لوگوں کے خیالات اس کی طرف سے بدلنے لگے تھے جس کے کرنے میں جو آتا تھا کہتا تھا اسامہ بن منقذ کو جو کہ عباس کا دوست اور خیر خواہ تھا۔ ان افواہوں اور لوگوں کے خیالات سے صدمہ پہنچتا تھا۔ اسامہ نے ایک روز عباس سے نصیر کی بابت لوگوں کے خیالات ظاہر کر کے کہہ دیئے۔ اگر تم خلیفہ ظافر کا خاتمہ کر دو۔ تو اس ننگ و عار سے تمہیں نجات مل جائے گی ورنہ قیامت تک تم پر یہ الزام رہے گا۔ عباس نے اپنے بیٹے نصیر کو اس کی بد افعالی اور خلاف وضع فطرت افعال کے ارتکاب پر برا بھلا کہا۔ لوگوں کے خیالات اور ان کی سرگوشیوں کا تذکرہ کرتے ہوئے غیرت دلائی کہ اگر تم خلیفہ ظافر کو کسی حیلہ سے قتل کر ڈالو تو تمہارے دامن سے یہ داغ مٹ جائے گا ورنہ قیامت تک لوگ کیا کچھ نہ کہیں گے۔ اس گفت و شنید سے نصیر کے دل میں بھی غیرت نے جوش مارا۔ دعوت کے بہانے سے خلیفہ ظافر کو اپنے مکان پر بلا بھیجا اور جب وہ قصر خلافت سے نصیر کے مکان میں آ گیا تو نصیر نے اسے مع ان لوگوں کے جو اس کے ساتھ تھے قتل کر کے اسی مکان میں دفن کر دیا۔ یہ واقعہ ماہ محرم ۵۴۹ھ کا ہے۔

خلیفہ ظافر کے بھائیوں کا قتل خلیفہ ظافر کے قتل کے دوسرے دن عباس قصر خلافت میں گیا۔ خدام خلافت سے خلیفہ ظافر کو دریافت کیا۔ ان لوگوں نے کہا کہ ابھی ظاہر نہیں ہوا۔ عباس نے کہا سرائے خلافت سے جوں ہی وہ مراجعت کی خدام خلافت خلیفہ ظافر کے بھائی یوسف اور جبرئیل کے پاس گئے اور خلیفہ ظافر کے سوار ہو کر نصیر کے مکان پر جانے اور پھر واپس نہ آنے کا حال بتلایا۔ یوسف اور جبرئیل نے کہا اس واقعہ کو تم جوں کا توں وزیر مملکت سے بیان کر دو۔ پس جب اس کے دوسرے روز عباس پھر سرائے خلافت میں آیا۔ ان لوگوں نے بیان کیا کہ خلیفہ ظافر سوار ہو کر آپ کے بیٹے نصیر کے مکان پر گئے تھے اور پھر وہاں سے واپس نہیں آئے۔ عباس کو اس خبر کے سننے سے سخت رنج پیدا ہوا مگر ضبط کر کے کہنے لگا۔ معلوم ہوتا ہے کہ خلیفہ ظافر کے دونوں بھائی یوسف اور جبرئیل اس واقعہ قتل میں سازش کئے ہوئے ہیں۔ یہ کہہ کر اپنے خادموں کی طرف متوجہ ہوا اور اسی وقت ان دونوں بھائیوں کو گرفتار کر لانے کا حکم دیا۔ جوں ہی یہ دونوں داخل ہوئے ویسے ہی مار ڈالے گئے۔ انہی کے ساتھ عباس نے حسن بن حافظ کے دونوں لڑکوں کو بھی مار ڈالا۔

ابو القاسم عیسیٰ الفائز بنصر اللہ ۵۴۹ھ تا ۵۵۵ھ ان دونوں کے قتل سے فارغ ہو کر خلیفہ ظافر کے بیٹے ابو القاسم عیسیٰ کو سرائے خلافت سے طلب کر کے اپنے کندھے پر اٹھایا اور تخت خلافت پر لا کر بٹھا دیا۔ اس وقت اس کی عمر قریباً پانچ سال یا اس سے کچھ زیادہ تھی۔ سب سے پہلے عباس نے ابو القاسم کی امارت کی بیعت کی۔ نذریں گذرانیں اور "الفائز بنصر اللہ" کا لقب دیا۔ عباس کو کل لینے کا موقع مل گیا۔ جو کچھ مال و اسباب و جواہرات قصر خلافت میں تھا۔ سب کا سب اپنے مکان پر اٹھا لایا۔ جس وقت عباس خلیفہ ظافر کے دونوں بھائیوں کو قتل کر کے باہر نکلا تو مقتولوں کی لاشیں دیکھ کر اہل قصر متأثر اور بے چین ہوئے اور عام طور سے رنج و غم میں گرفتار ہو گئے۔

عباس بن ابو الفتوح کا فرار خلیفہ ظافر اور اس کے دونوں بھائیوں کے قتل کیے جانے کے بعد قصر خلافت کی بیگمات نے طلائع بن رزیک کو یہ واقعہ لکھ بھیجا۔ طلائع ان دنوں اشمونین اور بہنسا کا والی تھا۔ اسی اثناء میں اسے یہ بھی خبر لگی کہ ان واقعات کی وجہ سے لوگوں میں عباس کی طرف سے ناراضگی اور بددلی پیدا ہو گئی ہے۔ چنانچہ طلائع نے فوجیں مرتب کر کے قاہرہ

کا قصد کیا۔ [illegible] پکڑے [illegible] پیچھے [illegible] لوگ گئے۔ جیسے قصر خلافت [illegible] نجات [illegible] جس وقت صالح نے وزیر کو مجبور کیا۔ وزیر السلطنت عباس اور اس کا بیٹا نصیر جس قدر مال و زر اور آلات حرب سمیٹ سکے لے کر شام کی جانب نکل کھڑے ہوئے۔ ان دونوں کے ہمراہ ان کا دوست اسامہ بن منقذ بھی تھا۔ اتفاق سے [illegible] سے مڈبھیڑ ہو گئی۔ ایک دوسرے سے [illegible] عباس مارا گیا۔ اس کا بیٹا نصیر گرفتار کر لیا گیا اور اسامہ بھاگ کر شام کی جانب [illegible] گیا۔

وزارت صالح بن رزیک: وزیر السلطنت عباس کے نکل جانے کے بعد طلائع بن رزیک [illegible] قاہرہ میں داخل ہوا [illegible] قصر خلافت میں آیا۔ اس کے بعد عباس کے مکان کی طرف گیا۔ [illegible] کے ہمراہ [illegible] جو بوقت قتل [illegible] نکال [illegible] کیا۔ خلیفہ فائز نے خوش ہو کر وزارت کا خلعت عنایت کیا اور "الملک الصالح" کا خطاب مرحمت کیا۔ [illegible] تھا۔ [illegible] جب وزارت [illegible] امور سلطنت کی [illegible] کے امیروں کی [illegible] کرنے لگا۔

نصیر بن عباس کا قتل: [illegible] قرابت [illegible] کا [illegible] فرنگیوں [illegible] قاصد [illegible] نصیر [illegible] کر دیا۔ اس کے بعد صالح نے [illegible] نصیر بن عباس [illegible] قتل کر کے [illegible] مصلوب کر دیا۔

خلیفہ فائز کی پھوپھی کا قتل: صالح نے [illegible] کی طرف [illegible] خلافت [illegible] تھے ان [illegible] سب سے [illegible] اور [illegible] آتے تھے۔ ان دونوں کی [illegible] ابن غالب [illegible] ان کے مکانات [illegible] اسی طرح تمام [illegible] قتل کر دیا [illegible] میں کوئی ایسا [illegible] قصر خلافت [illegible] اسباب [illegible] قتل [illegible] فائز کی پھوپھی [illegible] صالح [illegible] کے قتل کی [illegible] کرنے لگی [illegible] وزیر السلطنت [illegible] قصر خلافت میں [illegible] خلافت [illegible] خلیفہ [illegible] کے قتل کے بعد خلیفہ فائز اپنی پھوپھی [illegible] اور [illegible]

کوشش کرنے لگے قریب تھا کہ خلیفہ فائز کے ہاتھ سے نکل جائے۔ [illegible] کی تحریک پر خلیفہ فائز نے [illegible] سے [illegible] طلب کی۔ [illegible] نے جواب دیا [illegible] بھی [illegible] ان کے [illegible] ہے۔ چاہیے کہ خلیفہ [illegible] اپنے سے جدا کر دے۔ ان کے عہد حکومت میں ملک [illegible] سلطان نور الدین محمود زنگی نے دمشق [illegible] کے قبضہ سے ۵۴۹ھ میں نکال لیا۔

خلیفہ فائز کا انتقال: ۵۵۵ھ میں خلیفہ فائز بنصر اللہ ابو القاسم عیسیٰ بن ظافر اسماعیل [illegible] نے وفات پائی چھ برس خلافت کی۔

ابو محمد عبداللہ العاضد لدین اللہ ۵۵۵ھ تا ۵۶۷ھ: خلیفہ فائز کی وفات کے بعد وزیر السلطنت صالح بن رزیک قصر خلافت میں آیا اور خدام سے خاندان خلافت کے لڑکوں کو پیش کرنے کا ارادہ ظاہر کیا [illegible] کسی کو منتخب کر کے تخت خلافت پر متمکن کرے [illegible] خلافت کی [illegible] اس سے [illegible] لڑکوں کے تخت خلافت پر متمکن ہونے سے [illegible] ہو گئے تھے۔ لڑکوں [illegible] وزیر [illegible] مصاحب [illegible] ابو محمد عبداللہ بن یوسف بن حافظ [illegible] تخت خلافت پر متمکن کر کے خلعت خلافت کی بیعت کی۔ العاضد لدین اللہ کا لقب دیا۔ اپنی بیٹی سے [illegible] کر کے اس [illegible] خلیفہ عاضد اس وقت [illegible] تھا۔

وزیر السلطنت صالح کا قتل: خلیفہ عاضد کی [illegible] وزیر السلطنت صالح کا [illegible] تھا۔ وزیر السلطنت صالح [illegible] حکومت [illegible] استقلال [illegible] کے [illegible] گئے تھے اور مصاحبت کے [illegible] انتظام [illegible] اس [illegible] کی [illegible] خلیفہ [illegible] خلیفہ تھا [illegible] خلافت [illegible] کا حکم [illegible] تھا۔ [illegible] دولت [illegible] سے خلافت [illegible] صالح کے قتل کی [illegible] تھے۔ خلیفہ عاضد کی پھوپھی نے [illegible] خلیفہ [illegible] اس [illegible] کے [illegible] خلافت کے خدام [illegible] وزیر السلطنت کے قتل [illegible] کا [illegible] ان [illegible] ابن الراعی [illegible] تھے۔ ایک روز [illegible] قصر خلافت کی دہلیز میں چھپ کر کھڑے ہو گئے۔ جوں ہی وزیر السلطنت اس طرف سے گزرا ابن الراعی نے [illegible] زخمی ہو کر [illegible] اٹھا کر [illegible] خلافت میں [illegible] اس وقت [illegible] تھی۔ خلیفہ عاضد کے [illegible] بھیجا [illegible] تم نے [illegible] اپنے [illegible] کا [illegible] خلیفہ عاضد نے جواب دیا [illegible] کا [illegible] وزیر السلطنت نے [illegible] اپنے بیٹے رزیک کو طلب کر کے قلمدان وزارت سپرد کیا اور خلیفہ عاضد [illegible] صالح کی موت کے بعد اس کے بیٹے [illegible] الملک العادل کا خطاب دیا۔

زریک بن صالح کی وزارت: زریک نے عہدہ وزارت حاصل کر کے خلیفہ عاضد کی اجازت سے اپنے باپ کے قاتلوں خلیفہ عاضد کی پھوپھی امیر ابن قوام الدولہ اور ابن الراعی کو سزائے موت دی اور حکومت و سلطنت کا نظم و نسق کرنے لگا۔ بے سمجھے بوجھے شاور والی صعید کی معزولی پر تل گیا۔ شاور نہایت چالاک اور مدبر تھا۔ صالح اکثر کہا کرتا تھا کہ میں اسے سند حکومت دے کر بہت پچھتایا اور میں اسے معزول بھی نہ کر سکا۔ صالح نے انہی باتوں پر نظر کر کے شاور سے چھیڑ چھاڑ نہ کرنے کی زریک کو ہدایت کی تھی۔ مگر زریک نے مطلق خیال نہ کیا۔ شاور کی معزولی کا حکم بھیج دیا اور اس کی جگہ امیر ابن الرفعہ کو صعید کا حاکم مقرر کیا۔ شاور کو اس سے سخت برافروختگی ہوئی۔ فوجیں مرتب کر کے قاہرہ کی طرف بڑھا۔

زریک کا خاتمہ: زریک اور اس کی فوج مقابلے کی طاقت اپنے میں نہ دیکھ کر اپنے چند غلاموں کے ساتھ کچھ نقد روپیہ اسباب لے کر نکل بھاگا۔ کوچ و قیام کرتا ہوا اطفیح پہنچا۔ اتفاق سے ابن النضر مل گیا۔ اس نے زریک کو گرفتار کر لیا اور پابہ زنجیر شاور کی خدمت میں لا کر حاضر کر دیا۔ شاور نے اسے اور اس کے بھائی کو نظر بند کر دیا۔ چند روز بعد زریک نے جیل سے نکل جانے کا قصد کیا۔ زریک کے بھائی نے شاور تک یہ خبر پہنچا دی۔ شاور نے زریک کو اس کی وزارت کے ایک برس بعد اور اس کے باپ کی وزارت کے نو برس بعد قتل کر ڈالا۔

شاور کی وزارت: ۵۵۸ھ میں شاور مظفر و منصور قاہرہ میں داخل ہوا۔ عبد الصمد کے مکان پر جا کر اترا۔ اس کے ہمراہ اس کے بیٹے علی، طے اور کامل بھی تھے۔ دار الوزارت پر شاور کے قابض ہو جانے کے بعد خلیفہ عاضد نے قلمدان وزارت شاور کے حوالے کر دیا۔ "امیر الجیوش" کا خطاب مرحمت کیا۔ بنی زریک کے مال و اسباب اور مکانات پر قبضہ کر لینے کی اجازت دے دی۔ چنانچہ شاور نے بنی زریک کے مال و اسباب، مکانات اور خزانوں پر قبضہ کر لیا۔ مگر چالیس صندوق جو اب دولت علویہ کے وقف ہو جانے کے باعث دولت کے خزانے اور صحیفے ہیں۔

شاور کی معزولی: صالح بن زریک نے اپنے عہد وزارت میں امراء کا ایک گروہ بنایا تھا جنہیں برقیہ کے نام سے موسوم کیا کرتا تھا۔ اس گروہ کا سردار ضرغام نامی ایک شخص تھا۔ جو اس سے پہلے ہی سرائے خلافت کا داروغہ تھا۔ اس نے شاور کی وزارت کے نویں مہینے وزارت کا دعویٰ کیا۔ بالآخر شاور کو مصر سے نکال دیا اور خود دار الوزارت پر قابض ہو گیا۔ شاور نے مصر سے نکل کر شام کا راستہ لیا۔ ضرغام نے شاور کی روانگی کے بعد مصر میں قتل عام کا بازار گرم کر دیا۔ شاور کے بیٹے علی کو مار ڈالا۔ اس کے علاوہ اور بہت سے امراء مصر کو تہ تیغ کیا۔ جو دولت علویہ کے جاں نثاروں میں سے تھے۔ اسی وجہ سے دولت علویہ کے قوائے حکمرانی ضعیف ہو گئے اور حکومت مدبروں اور سیاسی شخصیتوں سے خالی ہو گئی۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ تھوڑے سے ہی دن بعد اس بنیاد کو منہدم کر دیا۔

شاور اور سلطان نور الدین زنگی: شاور نے شام پہنچ کر الملک العادل سلطان نور الدین محمود زنگی کی خدمت میں دمشق میں حاضری حاصل کی۔ اپنی سرگزشت بیان کر کے امداد کا خواستگار ہوا اور شرط کی کہ اگر پھر عہدہ وزارت پر مستقل طور سے بحال ہو جاؤں گا تو امراء لشکر کی جاگیروں کے علاوہ ملک مصر کے تہائی محاصل پر دولت نوریہ کا قبضہ مسلط ہو گا۔ شیر کوہ سلطان نور الدین محمود کی فوج کا افسر اعلیٰ تھا۔ اس واقعہ کے آنے پر شیر کوہ سلطان نور الدین محمود کی خدمت میں آ گیا۔ ہم حسب موقع تحریر

کرنے کے لئے [illegible] ۵۵۹ھ میں سلطان نور الدین محمود نے اسد الدین شیرکوہ کو عظیم فوج کے ساتھ شاور کی کمک پر روانہ کیا۔ مصر پہنچ کر منصب وزیر ضرغام کو وزارت سے معزول کر دیا جائے اور شاور پھر وزارت پر مامور و بحال کیا جائے اور جو شخص اس کام کے انجام دینے میں مزاحم ہو اس سے جنگ کی جائے۔

شاور کی بحالی: اسد الدین شیرکوہ کی روانگی کے بعد سلطان نور الدین محمود اس خیال سے کہ مبادا مصری عیسائی فوج کی امداد حاصل کر کے شیرکوہ سے مقابلہ نہ کریں [illegible] عیسائیوں کی طرف روانہ ہوا۔ شیرکوہ اور شاور نے [illegible] مصر پہنچ کر آس پاس میں پڑاؤ کیا۔ ناصر الدین اور فخر الدین [illegible] ضرغام مصری فوج لے کر مقابلہ پر آئے۔ شیرکوہ نے ان دونوں کو شکست دے کر [illegible] کی طرف بڑھے [illegible] کے خلاف ضرغام سے [illegible] ضرغام کے دونوں بھائی گرفتار کر لئے گئے۔ شیرکوہ [illegible] ضرغام [illegible] بھاگ نکلا شہر سیدہ نفیسہ کے قریب پکڑا گیا اور قتل کیا گیا۔ اس کے دونوں بھائی ناصر الدین اور فخر الدین بھی قتل کر دیئے گئے۔ شاور [illegible] وزارت پر مامور کیا گیا [illegible] اسد الدین شیرکوہ کی مخالفت شروع کر دی۔ شیرکوہ [illegible] کے باعث [illegible] طرح [illegible] ہوا۔

شیرکوہ اور شاور کی جنگ: شیرکوہ مصر سے شام واپس آ کر ایک مدت تک نور الدین محمود کی خدمت میں حاضر رہا۔ ۵۶۲ھ میں نور الدین محمود سے مصر پر فوج کشی کی اجازت طلب کی۔ نور الدین محمود نے اجازت دی۔ چنانچہ شیرکوہ فوج لے کر [illegible] مصر [illegible] عیسائی [illegible] (باب مصر) [illegible] کے مقام [illegible] شاور نے عیسائیوں سے مدد طلب کی اور ان کی فوج [illegible] شیرکوہ کے مقابلے [illegible] پہلے شیرکوہ [illegible] مصریوں اور عیسائیوں کی کثرت سے [illegible] میدان جنگ [illegible] مصری اور عیسائی فوجوں کو شکست دے دی۔

شیرکوہ کا اسکندریہ پر قبضہ: شیرکوہ نے اس کامیابی کے بعد اسکندریہ کی طرف قدم بڑھایا۔ اہل اسکندریہ نے بلا مقابلہ کے شہر شیرکوہ کے حوالے کر دیا۔ شیرکوہ نے اپنے بھائی نجم الدین ایوب کے بیٹے صلاح الدین کو اسکندریہ کا حاکم مقرر کر کے صعید پر چڑھائی کی۔ مصری اور عیسائی امیر یہ خبر پا کر اپنی فوجوں کو [illegible] جمع [illegible] اسکندریہ کے [illegible] کو فتح کرنے کے لئے اسکندریہ کی جانب بڑھے اور اسکندریہ پہنچ کر صلاح الدین کا محاصرہ کر لیا۔ شیرکوہ کو اس کی خبر لگی تو اس نے صعید سے اسکندریہ کی طرف [illegible] صلاح الدین کی حمایت کے لئے کوچ [illegible] عیسائیوں نے [illegible] جنگ [illegible] شروع کر دی [illegible] شیرکوہ نے [illegible] کیا تھا کہ مصریوں اور عیسائیوں [illegible] مصالحت کا پیغام بھیجا [illegible] شیرکوہ نے اسکندریہ ان کے حوالے [illegible]

شیرکوہ جنگ سے لڑ کر دمشق کی جانب واپس ہوا۔ یہ واقعہ ۵۶۲ھ میں پیش آیا۔

شاور اور عیسائیوں کے درمیان معاہدہ عیسائیوں نے شیرکوہ کی واپسی کے بعد مصر میں اپنے چند شرائط پیش کئے۔

(۱) عیسائی فوجیں قاہرہ میں متعین رہیں گی۔ (۲) ان کی طرف سے ایک نیابتی حاکم قاہرہ میں رہے گا۔ (۳) شہر قاہرہ کے دروازوں پر عیسائیوں کا قبضہ رہے گا تاکہ نورالدین کا لشکر شہر میں داخل نہ ہوسکے۔ (۴) اس انتظام اور حسن کارکردگی کے معاوضہ میں ایک لاکھ دینار سالانہ حکومت مصر عیسائی بادشاہ کو دیا کرے گی۔ حکومت مصر نے ان تمام شرائط کو بخوشی منظور کرلیا۔

عیسائیوں کی عہد شکنی اس کے بعد عیسائیوں کو ملک مصر پر قبضہ کر لینے کی طمع دامن گیر ہوئی اور اہل مصر پر جابرانہ حکمرانی کرنے لگے۔ [illegible] قاہرہ پر قبضہ کر لینے پر مستعد و آمادہ ہوئے۔ شاور نے عیسائیوں کے خوف سے مصر کو ویران کر دیا۔ شہر میں آگ لگا دی۔ اہل شہر نے بازاروں کو لوٹ لیا۔ اس اثنا میں عیسائی قاہرہ پر قبضہ کر لینے کے قصد سے قاہرہ پہنچ گئے۔ خلیفہ عاضد نے سلطان نورالدین کو ان واقعات سے مطلع کیا۔ [illegible] اس خیال سے کہ مبادا خلیفہ [illegible] نورالدین کو بلا کر [illegible] عیسائیوں سے مصالحت کے لئے نامہ و پیام کرنے لگا۔ بالآخر دس لاکھ دینار مصری تاوان [illegible] پر مصالحت ہوئی۔ [illegible] جب کہ شاور نے عیسائیوں کے خوف سے اس سے پیشتر مصر کو ویران [illegible] ٹوٹ چکی۔

شیرکوہ کی قاہرہ روانگی شاور اور عیسائیوں کی مصالحت کا کام جلیس بن عبد القوی اور شیخ موفق کاتب سرانجام دے رہا تھا اور خلیفہ عاضد بھی مصالحت کا مخالف تھا۔ شاور نے قاضی فاضل عبدالرحیم بیسانی کو خلافت مآب کو [illegible] رضامندی کرنے کی [illegible] خلافت میں بھیجا [illegible] عیسائیوں کو [illegible] اس سے [illegible] خلیفہ عاضد نے [illegible] دربار خلیفہ عاضد کا قاصد پہنچا تو نورالدین نے شیرکوہ کو لشکر تیار کرنے کا حکم دیا اور [illegible] شیرکوہ کو بہت سا مال و اسباب جنگ مرتب کر کے مصر کی جانب خلیفہ عاضد کی مدد کے لئے روانہ کیا۔ اس مہم میں صلاح الدین (شیرکوہ کا بھتیجا) بھی شیرکوہ کی درخواست پر [illegible] اور اس کے ساتھ ایک جماعت امراء [illegible] شیرکوہ [illegible] آمد [illegible] اس وقت عیسائیوں کو شیرکوہ کی آمد کی خبر [illegible] قاہرہ [illegible] بچے کھچے واپس ہو گئے۔

شاور کا قتل [illegible] روایت [illegible] شیرکوہ [illegible] قاہرہ میں [illegible] ۷ ربیع الآخر ۵۶۴ھ [illegible] مظفر و منصور قاہرہ میں داخل ہوا۔ خلیفہ عاضد نے خلعت خوشنودی عطا کی اور شیرکوہ [illegible] شاور [illegible] اس کے دماغ [illegible] پریشان [illegible] تھے۔ [illegible] خلیفہ عاضد نے شیرکوہ کو شاور کے قتل کا [illegible] ارشاد فرمایا [illegible] اقبال کا دن ڈھل چکا تھا [illegible] شیرکوہ نے اپنے بھتیجے صلاح الدین بن ایوب اور عزالدین جردیک کو اس کام

کے مقرر کرنے پر متعین کیا۔ ایک روز شاور حسب دستور شیرکوہ سے ملنے کے لئے آیا۔ شیرکوہ اس وقت امام شافعیؒ کی قبر پر گیا ہوا تھا۔ شاور بھی یہ خبر پا کر امام شافعیؒ کے مقبرے کی طرف روانہ ہوا۔ اثنائے راہ میں صلاح الدین اور عزالدین جردیک سے ملاقات ہو گئی۔ ان دونوں نے شاور کو قتل کر کے سر اتار لیا اور خلیفہ عاضد کی خدمت میں جا کر پیش کر دیا۔ عوام الناس نے شاور کے مکانات لوٹ لئے۔ دونوں بیٹے کامل اور طے ان لوگوں کے ساتھ قصر وزارت میں ان کے ہوا خواہ تھے گرفتار کر کے جیل میں ڈال دیئے گئے۔ خلیفہ عاضد نے خوش ہو کر شیرکوہ کو وزارت کا عہدہ عطا کیا اور "المنصور امیر الجیوش" کا خطاب مرحمت فرمایا۔

شیرکوہ کی وزارت۔ شیرکوہ نے عہدۂ وزارت سے ممتاز ہو کر قصر وزارت میں جا کر قیام کیا۔ ملک کے نظم و نسق کی جانب توجہ کی۔ دولت و حکومت خلیفہ پر غالب اور متصرف ہوا۔ حکم دیا کہ جاگیریں دی جائیں۔ اپنے مصاحبوں اور امرائے لشکر کو حکم دیا کہ اہل مصر کو مصر میں آباد رہنے کے لئے چھوڑ دو۔ ان کے اس فعل سے جو کہ انہوں نے ان کی بربادی اور ویرانی میں کیا تھا بیزاری اور ناراضگی ظاہر کی۔ اس کے بعد شیرکوہ کبھی دربار خلیفہ میں خلیفہ سے ملنے نہ گیا۔ ایک روز جوہر استاد نے خلیفہ عاضد کی طرف سے کہا۔ مولانا امیر المومنین فرماتے ہیں کہ ہم کو یقین کامل ہے کہ اللہ جل شانہ نے دشمنان خلافت کے مقابلے میں ہماری مدد کو تمہارے ذریعہ سے بھیجا ہے۔ ہم کو امید ہے کہ تم ہمیشہ اپنی خیر خواہی کا اسی طرح ثبوت دیتے رہو گے۔ شیرکوہ نے اس قدر دانی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے عرض کیا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جیسی توقع ہے ویسی ہی بلکہ اس سے زیادہ آپ کو ثابت کر دکھاؤں گا۔ خلیفہ عاضد نے خلعت فاخرہ سے سرفراز کیا اور جلیس بن عبدالقوی کے برابر بیٹھنے کی جگہ مقرر کی۔

جلیس بن عبدالقوی داعی الدعاۃ اور قاضی القضاۃ بھی تھا۔ شیرکوہ نے اس کو اس کے عہدے پر بحال و قائم رکھا۔

شیرکوہ کی وفات: اس کے بعد اسد الدین شیرکوہ نے کچھ وزارت سے دو مہینے چند دن بعد اور بعض کہتے ہیں کہ گیارہ مہینے بعد وفات پائی۔ بوقت وفات اپنے مصاحبوں اور امرائے لشکر کو وصیت کی کہ کسی وقت بھی تم ارض مصر کو چھوڑنے کا قصد نہ کرنا۔

صلاح الدین کی وزارت: شیرکوہ کے انتقال کے وقت امرائے نوریہ میں سے عین الدولہ یاروقی، قطب الدین ینال، سیف الدین مشطوب ہکاری اور شہاب الدین محمود حارمی قاہرہ میں موجود تھے۔ یہ لوگ رتبۂ وزارت اور ریاست کے حاصل کرنے میں باہم جھگڑ پڑے۔ ہر فریق نے دوسرے کو مغلوب کرنے کی غرض سے اپنے اپنے ہوا خواہوں کو جمع کیا۔ لیکن خلیفہ عاضد اس خیال سے کہ صلاح الدین ابھی کمسن ہے سلطنت کو بخیر و خوبی نہ چلا سکے گا اور ارکین خلافت قبضہ میں رہ سکیں گے، صلاح الدین کی وزارت کی طرف مائل ہوا۔ اکثر ارکین دولت نے اس خیال کی موافقت کی۔ بعض کی یہ رائے ہوئی کہ ان کا لشکر دستہ شام کی طرف واپس کر دیا جائے اور ان پر قراقوش کو حکومت دی جائے۔ خلیفہ عاضد نے کثرت رائے کے مطابق صلاح الدین کو محل سرائے خلافت میں طلب کر کے قلمدان وزارت مرحمت فرمایا۔ اس سے امرائے نوریہ میں سخت بددلی پیدا ہوئی۔ مگر فقیہ عیسیٰ ہکاری کی ملاقات اور تدبیر سے جو صلاح الدین کا دلی خیر خواہ تھا۔ کل امرائے نوریہ صلاح الدین کی طرف مائل و راغب ہو گئے۔ عین الدولہ یاروقی ایک ضدی آدمی تھا۔ اس نے کسی طرح اطاعت قبول نہ کی۔ ترک رفاقت

کے شام چلا گیا۔

الغرض صلاح الدین مصر میں خلیفہ عاضد کی وزارت کا کام انجام دینے لگا۔ اسے سلطان نورالدین محمود زنگی کے دربار میں بھی تعلق تھا اور ان کی طرف سے صلاح الدین مصر میں ایک نائب کے طور پر رہتا تھا۔ نورالدین اسے امیر سپہ سالار کے خطاب سے یاد کرتا تھا۔ خط و کتابت میں اس کا نام لکھنے کی بجائے امیر سپہ سالار و جمیع امراء فوج یا مصریہ کے تحریر کرنے پر اکتفا کرتا تھا۔ رفتہ رفتہ صلاح الدین تمام امور سلطنت کے سیاہ و سفید کرنے کے اختیارات اپنے قبضہ اقتدار میں لے لیا اور خلیفہ عاضد کے قوائے حکمرانی کمزور ہوتے گئے مصر کے دارالمعونہ کو جو کہ اہل مصر کے زندیقوں کا مکان اور قید خانہ تھا منہدم کرا دیا شافعیہ کا مدرسہ تعمیر کرایا۔ اسی طرح دارالغزل کو بھی مسمار کرا کے مالکیہ کا مدرسہ بنوایا۔ شیعی قاضیوں کو معزول کر کے شافعی قضاۃ مقرر کئے اور اپنی طرف سے تمام بلاد مصر میں ایک ایک نائب مقرر کیا۔

عیسائیوں کا محاصرہ دمیاط: جس وقت اسد الدین شیرکوہ امراء فوج کے ساتھ مصر میں آیا اور عہدہ وزارت حاصل کر کے مصر کے ملک پر قابض و متصرف ہو گیا اور عیسائیوں سے ملک مصر خالی کرا لیا۔ اس وقت عیسائیوں کو اپنی زیادتی پر ندامت ہوئی۔ جو کچھ خطیر خراج ان کو ملک مصر میں ملتا تھا وہ بھی موقوف ہو گیا۔ علاوہ یہ ہوا کہ ان کو بیت المقدس پر قبضہ رکھنے میں بھی آئندہ خطرات کا خیال پیدا ہوا عیسائیان صقلیہ اور اندلس کو یہ واقعات لکھ بھیجے اور ان سے امداد طلب کی۔ چنانچہ تھوڑے دن بعد عیسائی مجاہدوں کا ایک عظیم گروہ عیسائیان شام کی کمک پر آ گیا۔ ان سے شام کے عیسائیوں کے حوصلے بڑھ گئے۔ مسلح ہو کر دریائی راہ سے دمیاط کا آ کر محاصرہ کر لیا۔ دمیاط کی حکومت پر ان دنوں شمس الخواص منکورس نامی ایک امیر مامور تھا۔ اس نے صلاح الدین کو اس سے مطلع کیا۔ صلاح الدین نے بہاؤ الدین قراقوش کو ایک فوج کی افسری کے ساتھ اہل دمیاط کی مدد کو روانہ کیا خزانہ مالی و اسباب اور بے شمار آلات حرب مرحمت کئے اس کے ساتھ ساتھ سلطان نورالدین محمود زنگی سے بھی امداد طلب کی شیعوں اور سوڈانیوں کی وجہ سے مصر نہ چھوڑنے اور بذات خود جانے کی معذرت کی۔ نورالدین محمود نے بھی وقتاً فوقتاً تھوڑی تھوڑی سی فوجیں اہل دمیاط کی امداد کو روانہ کیں اور ان کی قوت تقسیم کرنے کے خیال سے خود بھی سواحل شام سے حملہ آور ہوا اور پے بہ پے زور دار حملوں سے عیسائیوں کو تنگ کرنے لگا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ عیسائی گروہ مجاہدوں نے گھبرا کر پچاس یوم کے بعد دمیاط سے محاصرہ اٹھا لیا۔ لوٹ کر اپنے شہروں میں آئے تو انہیں ویران اور خراب پایا۔ خلیفہ عاضد نے اس کامیابی پر صلاح الدین کی بے حد مدح و ثنا کی۔ اس کے بعد صلاح الدین نے اپنے باپ نجم الدین اور اپنے تمام اصحاب و احباب کو شام سے مصر طلب کر لیا۔ خلیفہ عاضد ان لوگوں سے ملنے کے لئے آیا اور بڑی آؤ بھگت کی۔

صلاح الدین کے خلاف سازش: جس وقت صلاح الدین کا قدم استقلال کے ساتھ حکومت مصر پر جم گیا۔ عیسائیان مصر اور ان کے بدخواہوں کو بے حد رنجش ہوئی۔ ان میں سے ایک گروہ جس میں عویرش قاضی القضاۃ ابن کامل، امیر معروف عبدالصمد کاتب اور عمارہ یمنی زبیدی شاعر تھا صلاح الدین کے خلاف مشورہ کرنے کی غرض سے جمع ہوا۔ ان سب کا سرگروہ اور پیشوا یہی عمارہ یمنی تھا۔ ان لوگوں نے بحث و مباحثہ کے بعد یہ طے کیا کہ مصر سے ترکوں کو نکال باہر کرنے کے لئے عیسائیوں سے امداد لینا چاہئے اور اس صلہ میں مصر کے مالیہ سے ان کا ایک حصہ مقرر کر دیا جائے۔ اس صلاح و مشورہ میں سوڈانی غلام اور قصر خلافت کے خدام بھی شریک تھے۔ موتمن الخلافۃ قصر خلافت کے خادموں کا سردار تھا۔

فراندو بن الفنش: الفنش نے ان قلعوں اور مقامات پر قبضہ کر لیا جن پر مسلمانوں کا کچھ برائے نام اقتدار باقی تھا۔ اس کے بعد الفنش نے بھی موت کا پیام قبول کیا۔ اس کا بیٹا فراندو تخت نشین ہوا۔ [illegible] ولی کے لقب سے ملقب کیا جاتا تھا۔ یہ وہی شخص ہے جس نے قرطبہ اور اشبیلیہ کو ابن ہود کے قبضہ اقتدار سے نکال کر اپنے دائرہ حکومت میں داخل کیا تھا۔ اسی کے عہد حکومت میں بادشاہ ارغون نے بلاد [illegible] پر یلغار شروع کی جس سے تمام مشرقی اندلس میں ایک عام ہلچل پڑ گئی۔ شہر بلنسیہ، مرسیہ اور مشرقی مرسیہ کے تمام شہر مسلمانوں کے قبضہ سے نکل گئے اور مسلمانوں نے ہر چہار طرف سے سمٹ سمٹ کر ممالک غرناطہ کو مرکز اور ٹھکانا بنایا۔ [illegible] ابن ہود کے بعد ابن الاحمر حکمران ہوا۔ پھر فراندو مر گیا اس کا بیٹا تخت حکومت پر متمکن ہوا اور جب یہ بھی مر گیا تو اس کا بیٹا فراندو عیسائی قشتالہ کی عنان حکومت کا مالک و وارث ہوا۔

سلطان یعقوب بن عبدالحق: اس کے زمانہ حکومت میں سلطان غرناطہ ابن الاحمر ثانی مدد و اعانت کے لیے آیا تھا۔ ان دنوں اس کا بادشاہ یعقوب بن عبدالحق تھا۔ عیسائی فوجوں سے ایک [illegible] وادی میں معرکہ آرائی ہوئی جس میں [illegible] کے [illegible] میں سے ایک [illegible] عیسائیوں کو ہزیمت [illegible] سردار قتل ہوا۔ سلطان یعقوب بن عبدالحق نے ان کا تعاقب کیا جس سے عیسائیوں کی جماعت منتشر ہو گئی مگر قتل و غارت کا سلسلہ برابر جاری رہا۔ سلطان یعقوب نے کبھی اور کسی وقت بھی اندلس کا انتظام حکومت اپنے ہاتھ میں لینا پسند نہ کیا۔ ہمیشہ اپنے ملک اور دارالحکومت میں بیٹھا ہوا [illegible] عیسائیوں کے حملوں کی مدافعت و [illegible] کرتا تھا اور اپنے [illegible] کے ساتھ اور [illegible] سے عیسائیوں کی سرکوبی میں مصروف رہا۔ بالآخر عیسائی سلاطین نے مصالحت کا پیام دیا اور باہم مصالحت ہو گئی۔

فراندو اور سلطان یعقوب: اسی زمانہ میں فراندو بادشاہ قشتالہ اور اس کے بیٹے سانچو میں باہم مخالفت پیدا ہو گئی۔ فراندو بطور وفد کے سلطان یعقوب کی خدمت میں اپنے بیٹے سانچو کی زیادتیوں کی شکایت کرنے کے لیے حاضر ہوا اور دست بوسی کے بعد امداد و اعانت کی درخواست کی۔ سلطان یعقوب نے اپنی [illegible] اور دریادلی سے اس کی درخواست کو قبولیت کا درجہ عنایت کیا اور ایک لاکھ اشرفی عطا کیں۔ فراندو نے اس کے بدلے اپنا تاج جو کہ اس کے اسلاف کے زمانہ سے چلا آتا تھا بطور رہن کے بارگاہ سلطانی میں حاضر کیا تھا۔ یہ تاج سلاطین بنی عبدالحق کے خاندان بنی مرین کے خزانہ میں اس وقت موجود ہے۔ اس کے بعد فراندو ۶۸۳ھ/۱۲۸۴ء میں مر گیا۔

سانچو بن فراندو کی عہد شکنی: اس کا بیٹا سانچو مستقل طور سے حکمرانی کرنے لگا۔ سلطان یعقوب کے انتقال کے بعد سانچو کی بارگاہ سلطانی میں درخواست مصالحت پیش کرنے کے لیے حاضر ہوا چنانچہ سلطان یوسف بن یعقوب نے اس سے مصالحت کر لی مگر سانچو نے اپنا عہد توڑ دیا۔ [illegible] کے خلاف آتش جنگ کو مشتعل کر کے طریف کا محاصرہ کیا اور اس پر قبضہ کر لیا۔

[illegible] بن فراندو: ۶۹۳ھ/۱۲۹۳ء میں یہ بھی مر گیا اس کا بیٹا فراندو تخت نشین ہوا اور ۷۱۲ھ/۱۳۱۲ء میں بار حکومت سے سبکدوش ہو گیا۔ اس نے کئی ملک [illegible]۔ [illegible] اس کا بیٹا [illegible] تخت نشین ہوا [illegible] حکمران ہوا جب

عیسائیوں نے غرناطہ پر [illegible] ۷۱۸ھ میں [illegible] چڑھائی کی تھی [illegible] دونوں چچا بھتیجا کام آئے [illegible] بطرہ کا [illegible] تخت نشین ہوا [illegible] بھی [illegible] تھا۔ [illegible] اور [illegible] حکومت سنبھالی تو اس نے سلطان [illegible] کی [illegible] اور [illegible] کیا۔

بطرہ اور قرطبہ کی جنگ [illegible] بطرہ اور [illegible] کی باہم جنگ ہوئی۔ بطرہ نے [illegible] پر [illegible] کی [illegible] ۷۶۲ھ [illegible] اس نے [illegible] کے [illegible] قبضہ کر لیا۔ بطرہ [illegible] کے [illegible] ملک [illegible] کے لئے [illegible] بادشاہ [illegible] نے بطرہ [illegible] کے لئے [illegible] اور قرطبہ پر قبضہ کر کے بطرہ کے [illegible] کر دیا۔ [illegible] سے [illegible] میں [illegible] سے [illegible] ہلاک ہو گیا۔

بطرہ کا قتل [illegible] بطرہ [illegible] کے [illegible] جنگ [illegible] جاری [illegible] کامیاب ہوا اور بطرہ [illegible] میں [illegible] ہوا۔ [illegible] بطرہ [illegible] کے پاس پناہ طلب کی اور [illegible] کو معلوم ہوا اور اس نے [illegible] کے [illegible] پر بطرہ کو [illegible] ۱۳۶۹ء میں [illegible] کے قتل کر ڈالا اور [illegible] کے تمام مقبوضات [illegible] پر قابض ہو گیا۔

[illegible] اور [illegible] کے مابین جھڑپیں بطرہ کا بیٹا اپنے باپ کے مارے جانے کے بعد [illegible] کے ساتھ [illegible] میں [illegible] قرطبہ [illegible] سے [illegible] کی حکومت پر قابض ہو گیا۔ [illegible] بادشاہ [illegible] نے اپنی [illegible] کے [illegible] بطرہ کی [illegible] سے تھا [illegible] جھگڑا شروع کیا [illegible] وراثت کے بارے میں [illegible] کی [illegible] ہے۔ [illegible] کا سلسلہ جاری رہا [illegible] کی وجہ سے [illegible] مسلمانوں سے [illegible] تھے اور ان [illegible] نے اس [illegible] کا [illegible] کر دیا [illegible] عیسائیوں نے [illegible] کی کمزوری کی وجہ سے [illegible] قائم کر رکھا تھا اس کے بعد ۷۷۱ھ (۱۳۶۹ء) [illegible] مر گیا [illegible] حکومت پر [illegible] ہوا [illegible] اپنا [illegible] کی طرف بھاگ [illegible] کی جانب لوٹ آیا۔ اس وقت [illegible] صدی ہجری میں [illegible] کی کیفیت ہے اور اس [illegible] وہاں کی حکومت [illegible] رہی ہے اور [illegible] بادشاہ [illegible] کے ساتھ ان کی [illegible] سے [illegible] واللہ من ورائھم محیط

شاہ پرتگال [illegible] پرتگال کی سلطنت غربی اندلس [illegible] میں ہے بادشاہ [illegible] ہے [illegible] اس کے قبضہ میں ہیں اس کے [illegible] اس کا [illegible] اس وقت [illegible] ہونے کے [illegible] سے [illegible] ہے [illegible] کی طرح [illegible] ہے۔

شاہ برشلونہ بادشاہ برشلونہ کی حکومت کا حصہ شرقی اندلس میں [illegible] ہے [illegible] اور [illegible] ہے۔ ارغون [illegible] وغیرہ اس کے [illegible] حکومت [illegible] ہوئے [illegible] اس کا [illegible]

[illegible] بادشاہ کا حال [illegible]
[illegible] بادشاہ تھے۔

اہل غزنین اور قوم غور کے مابین کشیدگی [illegible]

یلدوز کا غزنین پر قبضہ [illegible]

[illegible] پر تسلط [illegible]

[illegible]

تک جا پہنچا (۱۰۰۹ء) میں یہ بھی مرگیا، ملک عدم ہوا اس کا بیٹا مظفر تخت نشین ہوا چونکہ یہ کمسن تھا اس کی ماں امور ریاست کی نگران ہوئی۔ اس سے اور ملوک طوائف اندلس یحییٰ بن منذر سے لڑائی ہوئی تھی۔ یہ وہی ہسپانیہ ملک ہے جس نے سرحد طرطوشہ پر قبضہ کر لیا تھا سلسلہ حکومت جعفری کی نسل میں قائم رہا۔ موحدوں کے آخری دور حکومت میں اس کا بادشاہ جاقمہ بن بطرہ بن اذفونش بن ریمند تھا۔ اسی نے بلنسیہ کو مسلمانوں کے قبضے سے نکالا ہے ان دنوں (یعنی آٹھویں صدی ہجری میں) ان کے بادشاہ کا نام بطرہ ہے۔ مجھے اس کے نسب کی کوئی ذاتی اطلاع تحقیق ہوئی کہ کس طرح پر اس کا نسب اس کی قوم سے ملتا ہے اس صدی (آٹھویں) کے تیسویں سال میں اس نے تخت حکومت پر قدم رکھا تھا اور اس وقت تک یہ زندہ ہے۔ اس کا بیٹا اس کے ضعیف و معمر ہونے کی وجہ سے اس پر غالب ہے۔

واللہ وارث الارض ومن علیہا وھو خیر الوارثین

باب: ۴۰

امارت افریقہ

افریقہ میں اسلامی فتوحات کی ابتداء: ان حکمرانان عرب میں سے جنہوں نے عہد خلافت عباسیہ کے زیر اثر بلاد اسلامیہ پر حکمرانی کی ہے ہم بنو اغلب والیان افریقہ کے حالات تحریر کرتے ہیں اور ان کی ابتدائے حکومت اور تمام احوال لکھا چاہتے ہیں۔

عبداللہ بن ابی سرح: عہد عثمان رضی اللہ عنہ بن عفان کے تذکرہ میں عبداللہ بن ابی سرح کے ہاتھوں افریقہ کی فتح کی کیفیت ہم تحریر کر آئے ہیں کہ کیونکر اکابر صحابہ اور سرداران عرب کی جمعیت سے افریقہ پر حملہ آور ہوئے تھے۔ عیسائیوں کے بادشاہ جرجیر جو وہاں پر فرمانروا تھا روم اور بربر کا مجموعہ جمعیت منتشر اور پراگندہ کیا تھا۔ اس کے دار السلطنت سبیطلہ کو منہدم ومسمار کر کے ان کے مال و اسباب چھین لئے تھے ان کی عورتیں اور لڑکیاں لونڈیاں بنائی تھیں ان کی حکومت کے شیرازہ کو درہم برہم کر دیا تھا۔ سرداران عرب نے افریقہ کے میدانوں کو اپنی جولانگاہ بنایا اور اہل کفر کو اس کثرت سے قتل و قید کرنا شروع کر دیا کہ اہل افریقہ نے عبداللہ بن ابی سرح فاتح افریقہ کی خدمت میں یہ درخواست کی کہ کچھ معاوضہ لے کر آپ ہم سے نیز عرب کے ساتھ اپنے ملک کو واپس جائیں۔ چنانچہ عبداللہ بن ابی سرح نے اس درخواست کو قبولیت کا درجہ عنایت کیا اور ۲۷ھ میں مصر کی جانب واپس ہوئے۔

معاویہ بن خدیج: ۴۵ھ میں امیر معاویہ بن ابی سفیان نے معاویہ بن خدیج والی مصر کو افریقہ پر جہاد کرنے کی ہدایت کی۔ معاویہ بن خدیج نے فوجیں آراستہ کر کے افریقہ کی طرف قدم بڑھایا۔ جلولا پہنچ کر جنگ کا بازار گرم کر دیا۔ رومیوں نے اس لشکر سے مقابلہ کیا۔ نہایت سخت اور خونریز لڑائی کے بعد مسلمانوں نے عیسائیوں کو شکست دی اور انتہائی ابتری کے ساتھ انہیں ان کے ملک کی جانب دھکیل دیا۔ جلولا پر اسلامی جھنڈا نصب کر دیا گیا۔ بہت سا مال غنیمت ہاتھ آیا۔ اطراف و جوانب کو بھی خوب لوٹ مار کر تاخت و تاراج کیا اور واپس آئے۔

عقبہ بن نافع: ۵۰ھ میں معاویہ بن ابی سفیان نے عقبہ بن نافع بن عبداللہ بن قیس فہری کو افریقہ کے سر کرنے پر مامور کیا اور معاویہ بن خدیج کے قبضے سے اس کی عنان حکومت نکال لی۔ یہی عقبہ بن نافع نے قیروان کو آباد کیا۔ پھر بربریوں سے معرکہ آرا ہوئے اور ان کے ملک کو معقول طور سے پامال کیا۔

ابوالمہاجر: پھر معاویہ بن ابی سفیان نے مصر اور افریقہ کی حکومت پر مسلمہ بن مخلد کو مامور کیا۔ اس نے عقبہ کو حکومت افریقہ سے معزول کر کے اپنے غلام ابوالمہاجر دینار کو ۵۵ھ میں اس کی سند حکومت عطا کی۔ ابوالمہاجر نے مغرب پر جہاد کیا فتح کرتا ہوا تلمسان تک پہنچا۔ عقبہ نے قیروان کو اپنی معزولی کی وجہ سے خراب و ویران کر ڈالا۔ مگر ابوالمہاجر کی ترقی کو نہ روک سکا۔ اسی کے ہاتھ پر متعدد لڑائیوں کے بعد جس میں اسے فتح یابی نصیب ہوئی کسیلہ اور اس کی قوم مشرف با سلام ہوئے۔

عقبہ بن نافع کی افریقہ روانگی: جس وقت یزید بن معاویہ نے عنان حکومت و سلطنت اپنے قبضہ اقتدار میں لی اس وقت عقبہ بن نافع ۶۲ھ میں افریقہ کی جانب واپس ہوا چنانچہ عقبہ نے افریقہ میں داخل ہو کر بربریوں کو مرتد پایا اس نے ان لوگوں پر تلوار کی جاری کی۔ زہیر بن قیس بلوی کو مقدمہ (ہراول) پر متعین کیا۔ رومی اور فرانسیسی لشکر مقابلہ کو آیا۔ متعدد لڑائیوں کے بعد ان کے قلعوں باغایہ اور ماسہ کو فتح کر لیا۔ زاب کے دارالسلطنت اربہ پر بھی بزور تیغ قابض ہو گیا اس کے بادشاہ کو جو کہ بربری نسل سے تھا قید کر لیا۔ بے حد مال غنیمت ہاتھ لگا۔ اس کے بعد طنجہ کی جانب کوچ کیا اس کے بعد بلیان بادشاہ غمارہ و والی طنجہ نے علم حکومت اسلام کے آگے گردن اطاعت جھکا دی۔ ہدایا و تحائف پیش کئے۔ اور بربروں اس کے بعد مغرب کے سر کرنے کی بھی راہ نمائی کی اور مغیلہ، صفرد، زعون، مصامدہ اور بلاد سوس وغیرہ کو فتح کرنے کی راہیں بتلائیں یہ لوگ اس وقت تک مجوسی مذہب کے پابند تھے۔ عیسائی مذہب میں داخل نہیں ہوئے تھے۔ چنانچہ عقبہ نے ان بلاد کی جانب قدم بڑھایا۔ بہت جنگ اور خونریزیاں ہوئیں فتح نصیب ہوئی ہزاروں مردوں اور عورتوں کو لونڈی غلام بنایا بے حد مال و اسباب ہاتھ آیا حد سے زیادہ ان لوگوں کے ساتھ سختی کی۔ فتح کرتا ہوا سوس پہنچا۔ مسوفہ اہل شام سے سوس کی سرحد پر لڑائی ہوئی۔ میدان مسلمانوں کے ہاتھ رہا عقبہ محیط پر چند روز قیام کر کے واپس ہوا اور اپنی فوج ظفر موج کو قیروان میں [illegible]۔

معرکۂ تہودا: چونکہ کسیلہ بادشاہ اوربہ اور برانس بربری کا سردار دل میں جنگ کی وجہ سے عقبہ بن نافع کی جانب سے دل کینہ پیدا ہو گیا تھا۔ ان لوگوں نے واپسی کے وقت موقع پا کر مقام تہودا میں عقبہ کر اسلامی سے جنگ چھیڑ دی۔ عقبہ تین سو صحابہ اور تابعین کے ساتھ شہید ہوئے اس لڑائی میں محمد بن اوس انصاری چند مسلمانوں کے ساتھ قید کر لیا گیا تھا جس کو والی قفصہ نے رہا کر کے ان لوگوں کے ہمراہ قیروان پہنچا دیا۔ اسی اثناء میں زہیر بن قیس بھی قیروان واپس آیا ان واقعات کو سن کر آگ بگولا ہو گیا اور برانس مرکوز کے قصد سے فوج کی درستی کا حکم دیا۔ حنش بن عبداللہ صنعانی نے اس لڑائی سے مخالفت کی اور اس کے لشکر سے علیحدہ ہو کر مصر کا راستہ لیا۔ چند لوگوں نے اس کی متابعت کی مجبوراً زہیر کو بھی ان لوگوں کے ساتھ نکلنا پڑا برقہ میں پہنچ کر بہ انتظام امور قیام پذیر ہوا۔ زہیر کے چلے آنے کی وجہ سے ان لوگوں نے اس وقت قیروان کسیلہ سے امن کی درخواست کی کسیلہ ان لوگوں کو امان دے کر قیروان آیا اور یہ لوگ اس کے ماتحت ہو کر مقیم رہے۔

زہیر بن قیس بلوی: جس وقت عبدالملک بن مروان نے عنان خلافت اپنے قبضہ اقتدار میں لی اس وقت اس نے برقہ میں زہیر بن قیس بلوی کی کمک پر فوجیں روانہ کیں اور بربریوں کے میدان جنگ کا زہیر کو افسر اعلیٰ مقرر کیا۔ زہیر ۶۹ھ میں افریقہ پر حملہ آور ہوا مقام ممس اطراف قیروان میں کسیلہ سے مڈبھیڑ ہوئی نہایت سخت اور خونریز لڑائیوں کے بعد زہیر نے کسیلہ کو شکست دی اور دوران جنگ میں اسے قتل کر ڈالا اس کے علاوہ اور بہت سے سرداران بربر اور ان کے نامی نامی جنگ

مقیم رہے۔ جب اس کے بعد مشرق کی جانب واپس ہوا اور بولا کہ میں اس اطراف میں جہاد کی غرض سے آیا تھا مگر اب مجھے یہ خوف پیدا ہو چلا ہے کہ میرا نفس دنیا کی جانب مائل ہو رہا ہے۔ چنانچہ مصر کی طرف کوچ کیا۔ ساحل برقہ پر بادشاہ قسطنطنیہ کی جنگی کشتیوں کے بیڑے نے مزاحمت کی جو زہیر کی روک تھام کے لئے روانہ کیا گیا تھا۔ زہیر نے کمال مردانگی سے مقابلہ کیا۔ عیسائیوں کی جمعیت بہت زیادہ تھی۔ زہیر کو اس واقعہ میں شہادت نصیب ہوئی۔

حسان بن نعمان غسانی عبدالملک بن مروان نے عبداللہ بن زبیر کی شہادت اور مستقل حکومت حاصل کرنے کے بعد حسان بن نعمان غسانی کو افریقہ پر جہاد کرنے کا حکم دیا۔ ایک بڑی فوج سے اس کی مدد کی چنانچہ حسان ابن نعمان قیروان میں داخل ہوا اور بزور تیغ قرطاجنہ کو فتح کر کے ویران کر ڈالا۔ جس قدر رومی اور فرانسیسی قرطاجنہ میں تھے صقلیہ اور اندلس کی جانب بھاگ گئے اس کے بعد پھر عیسائیوں نے صطفورہ اور بنزرت میں متفق ہو کر عساکر اسلامیہ کا مقابلہ کیا حسان نے اس معرکہ میں بھی ان لوگوں کو شکست دی۔ عیسائیوں نے باجہ اور بونہ میں جا کر پناہ لی اس کے بعد حسان نے کاہنہ ملکہ جراوہ کے ارادہ سے کوہ اوراس کی طرف قدم بڑھایا ان دنوں کاہنہ کا بربر میں بڑا زور تھا اس کی قوت و شوکت بہت بڑھ گئی تھی۔ اس سے اور عساکر اسلامیہ سے لڑائی ہو گئی۔ میدان بربریوں کے ہاتھ رہا۔ مسلمانوں کو شکست ہوئی ایک گروہ گرفتار کر لیا گیا ختم جنگ کے بعد کاہنہ نے خالد بن یزید عبسی کے علاوہ سب کو رہا کر دیا۔ انہیں اپنے دونوں لڑکوں کے ساتھ دودھ پلایا اور انہیں ان کا رضاعی بھائی بنا لیا اور عرب کو افریقہ سے نکال دیا۔

کاہنہ کا قتل حسان نے شکست کھا کر برقہ میں قیام کر دیا۔ خلیفہ عبدالملک کا فرمان پہنچا لکھا تھا کہ جب تک دارالخلافت سے امدادی فوجیں نہ پہنچیں تم برقہ میں قیام پذیر رہو چنانچہ پانچ برس میں دارالخلافت دمشق سے امدادی فوجیں وارد برقہ ہوئیں۔ حسان نے سامان جنگ درست کر کے افریقہ کی جانب کوچ کیا اور خالد بن یزید سے در پردہ خط و کتابت کر کے اسے ملا لیا اور اسے کاہنہ کے خلاف ابھار دیا۔ ایک روز حالت غفلت میں خالد نے کاہنہ کا کام تمام کر دیا حسان نے کوہ اوراس پر قبضہ کر لیا اور بربر کے گروہوں کو تاخت و تاراج کر کے قیروان کی جانب واپس ہوا۔ اس واقعہ کے بعد سے بربریوں کو جان و مال کی امان دی گئی۔ ان پر اور رومیوں اور فرانسیسیوں پر جو ان کے ساتھ تھے خراج مقرر کیا گیا اور یہ شرط لگائی گئی کہ بارہ ہزار بربر جوان ہمیشہ ہر جہاد میں عساکر اسلامیہ کے ہمرکاب رہا کریں۔ خلیفہ عبدالملک نے حسان کی واپسی کے بعد عساکر اسلامیہ میں سے صالح نامی ایک شخص کو حسان کی جگہ افریقہ پر مامور و متعین کیا۔

موسیٰ بن نصیر ولید بن عبدالملک نے تخت خلافت پر متمکن ہو کر اپنے چچا عبداللہ کو جو کہ مصر کا گورنر تھا (بعضے کہتے ہیں کہ عبدالعزیز کو) لکھ بھیجا کہ موسیٰ بن نصیر کو جہادی فوجوں سے افریقہ کی جانب روانہ کرو۔ موسیٰ کا باپ نصیر معاویہ کا محافظ (باڈی گارڈ) تھا چنانچہ عبداللہ نے موسیٰ بن نصیر کو افریقہ کی جانب کوچ کرنے کا حکم دیا۔ یہ کوچ و قیام کرتا ہوا قیروان پہنچا۔ قیروان میں صالح گورنری کر رہا تھا جسے حسان کے بعد خلیفہ عبدالملک نے مامور کیا تھا۔ موسیٰ نے اسے بھی فوج کے ایک حصہ کا سردار مقرر کیا۔ بربریوں کی اس وقت یہ کیفیت تھی کہ ان لوگوں نے عہد و اقرار بھلا کر بلاد اسلامیہ پر حملے شروع کر دیئے تھے۔

موسیٰ بن نصیر کی فتوحات موسیٰ نے ملک افریقہ میں اپنی فوج کو پھیلا دیا۔ جزیرہ میورقہ کی جانب اپنے بیٹے عبداللہ کو

براہ راست حملہ کرنے کے لئے روانہ کیا جو بہت سامان غنیمت اور قیدی لے کر واپس آیا۔ تب دوسری جانب بڑھنے کا حکم دیا۔ اسی طرح اپنے دوسرے بیٹے مروان کو ایک سمت کی طرف حملہ آور ہونے کا اشارہ کیا اور خود بھی ایک جانب بڑھا۔ بہت سا مال غنیمت ہاتھ آیا ہزاروں کو گرفتار کر کے غلام بنا لیا۔ مال غنیمت سے جو خمس نکالا گیا تھا اس میں تیس ہزار قیدی تھے۔ موسیٰ نے ان اطراف سے ایک گونہ فراغت حاصل کر کے طنجہ پر فوج کشی کی۔ درعہ اور صحرائے تافیلات کو فتح کیا اور اپنے بیٹے کو ان کی جانب روانہ کیا۔ بربریوں کو اس کی شوکت و جلادت اور جنگ و جدال سے اپنی ناکامی کا یقین ہو گیا۔ سب نے اطاعت کی گردنیں جھکا دیں۔ مصامدہ نے بطور ضمانت اپنے سرداروں اور امیروں کے لڑکوں کو لشکر اسلامیہ کے حوالے کر دیا۔ موسیٰ نے ان لوگوں کو طنجہ میں ٹھہرایا۔ یہ واقعہ ۸۳ھ کا ہے۔

فتح اندلس: اس کے بعد موسیٰ نے طنجہ کی گورنری پر طارق بن زیاد لیثی کو مامور کیا۔ طارق نے طنجہ سے اندلس کی طرف قدم بڑھایا۔ اندلس کے فتح کی بنا یہ ہوئی (جولین (بادشاہ گوتھ) والی قلعہ سبتہ) نے طارق کو ترغیب دی تھی چنانچہ ۹۲ھ میں اندلس فتح ہوا۔ اس کے بعد موسیٰ بن نصیر بھی اندلس جا پہنچا اور اس کی فتح کی تکمیل کی جیسا کہ اموی بیان کرتے ہیں۔ فتح اندلس کے بعد موسیٰ بن نصیر افریقہ پر اپنے بیٹے عبداللہ کو اور اندلس پر اپنے دوسرے بیٹے عبدالعزیز کو مامور کر کے مشرق کی جانب واپس ہوا۔ اتنے میں ولید نے وفات پائی اور سلیمان نے تخت خلافت پر ۹۶ھ میں قدم رکھا۔ اس نے موسیٰ سے ناراض ہو کر اسے قید کر دیا۔

محمد بن یزید: سلیمان نے عنان حکومت اپنے ہاتھ میں لینے کے بعد موسیٰ کو قید کر دیا اور اس کے بیٹے عبداللہ کو حکومت افریقہ سے معزول کر کے اس کی جگہ محمد بن یزید (قریش کے غلام) کو سند حکومت عطا کی۔ محمد بن یزید سلیمان کی وفات تک افریقہ کی گورنری پر مامور رہا۔

اسماعیل بن مہاجر: سلیمان کی وفات کے بعد عمر بن عبدالعزیز نے جب قبائے خلافت زیب تن کیا انہوں نے افریقہ کی گورنری پر اسماعیل بن عبید اللہ بن ابی المہاجر کو متعین کیا یہ شخص نہایت نیک دل خلیق اور عبادت گزار تھا۔ اسی کے زمانہ گورنری میں تمام بربری مشرف بہ اسلام ہوئے۔

یزید بن ابی مسلم: یزید بن عبدالملک نے تخت خلافت پر متمکن ہو کر افریقہ کی سند حکومت یزید بن ابی مسلم (یہ حجاج کا غلام اور سکریٹری تھا) کو عطا کی۔ ۱۰۱ھ میں یزید بن ابی مسلم وارد افریقہ ہوا۔ اس نے بربریوں کے ساتھ بڑی بدخلقی کی کج ادائی سے پیش آیا۔ ان لوگوں پر اسلام میں داخل ہو جانے کے بعد بھی جزیہ مقرر کیا جیسا کہ حجاج نے عراق میں کیا تھا۔ بربریوں نے اسے اس کی حکومت کے ایک مہینہ بعد قتل کر ڈالا اور محمد بن یزید کو جو کہ اسماعیل سے پہلے گورنر تھا اپنا امیر بنا لیا اور یزید بن عبدالملک کی خدمت میں بغرض اظہار اطاعت یزید بن ابی مسلم کے قتل کرنے کی معذرت لکھی۔ یزید بن عبدالملک نے ان کی معذرت کو قبول فرمایا اور محمد بن یزید کو گورنری افریقہ پر بحال قائم رکھا۔

بشر بن صفوان کلبی: اس کے بعد یزید بن عبدالملک نے افریقہ کی گورنری پر بشر بن صفوان کلبی کو متعین کیا۔ چنانچہ ۱۰۳ھ میں بشر بن صفوان افریقہ وارد ہوا۔ نظام حکومت کو درست کر کے بغاوتوں اور شورشوں کو رفع دفع کیا اور ۱۰۹ھ میں صقلیہ پر جہاد کی غرض سے حملہ آور ہوا۔

عبیدہ بن عبدالرحمٰن: بعدہ ہشام بن عبدالملک نے بشر بن صفوان کو حکومت افریقہ سے معزول کر کے اس کی جگہ عبیدہ بن عبدالرحمٰن سلمی برادرزادہ ابوالاعور کو سند حکومت عطا کی۔ سنہ ۱۱۰ھ میں عبیدہ وارد افریقہ ہوا۔

عبیداللہ بن حجاب: چند دنوں بعد عبیدہ بن عبدالرحمٰن گورنر کو ہشام بن ملک تاجدار خلافت امویہ نے معزول کر کے عبیداللہ بن حجاب (بنو سلول کے غلام) کو گورنری افریقہ پر مامور کیا۔ عبیداللہ بن حجاب مصر کا والی تھا۔ ہشام نے اسے افریقہ کی گورنری پر جانے کا حکم دیا۔ عبیداللہ نے مصر پر اپنے بیٹے ابوالقاسم کو اپنا قائم مقام بنا کر افریقہ کی جانب کوچ کیا۔ سنہ ۱۱۶ھ میں افریقہ پہنچا۔ جامع تونس تعمیر کرائی۔ جنگی و بحری کشتیوں کے بنانے کے لئے ایک کارخانہ بنایا۔ طنجہ کی حکومت پر اپنے بیٹے اسماعیل کو مامور کیا اور عمر بن عبداللہ مرادی کو اس کے ہمراہ بھیجا۔ اندلس کی امارت عقبہ بن حجاج قیسی کو دی اور حبیب بن عبیدہ بن عقبہ بن نافع کو ملک مغرب پر جہاد کرنے کا حکم دیا چنانچہ حبیب بن عبیدہ جہاد کرتا ہوا اقصائے سوس اور سرزمین سوڈان تک پہنچ گیا بہت سا مال غنیمت از قسم سیم وزر لونڈی غلام لے کر واپس ہوا۔ تمام بلاد مغرب اور قبائل بربر کو زیروزبر کر دیا۔ اس کے چند دنوں بعد سنہ ۱۲۲ھ میں صقلیہ پر جہاد کیا اس مہم میں عبدالرحمٰن بن حبیب بھی اس کے ہمرکاب تھا سرقوسہ پر دھاوا کر دیا جو کہ صقلیہ کا بہت بڑا شہر تھا۔ نہایت سختی سے تمام جزیرہ پر تاخت و تاراج کر کے ہاتھ بڑھایا آخر الامر اہل صقلیہ نے جزیہ دینا قبول کیا۔

محمد بن عبداللہ والی طنجہ کا قتل: چونکہ محمد بن عبداللہ والی طنجہ نے بربریوں کے ساتھ بدسلوکی شروع کر دی تھی اور ان میں سے جو لوگ مشرف بہ اسلام ہو گئے تھے ان پر بھی جزیہ قائم کرنے کا اس گمان کا قصد ارادہ کیا تھا کہ یہ مال غنیمت ہے اس وجہ سے بربریوں کا اشتعال پیدا ہوا اور سب کے سب متفق ہو کر بغاوت کرنے پر آمادہ ہو گئے تھے اسی اثناء میں یہ خبر لگی کہ لشکر اسلام حبیب بن عبیدہ کی سرکردگی میں صقلیہ پر جہاد کرنے کو گیا ہوا ہے۔ میسرہ مطغری بن صفریہ خوارج کے علم حکومت کا مطیع ہو کر طنجہ پر چڑھ آیا اور محمد بن عبداللہ کو قتل کر کے طنجہ پر قابض ہو گیا۔ بربریوں نے بھی اس کی اطاعت قبول کر لی اور اس کی حکومت و خلافت کی بیعت کر کے "امیر المومنین" کے لقب سے مخاطب کرنے لگے۔ رفتہ رفتہ یہ باتیں تمام قبائل افریقہ میں پھیل گئیں۔

غزوۃ الاشراف: عبیداللہ بن حجاب نے ان واقعات سے مطلع ہو کر خالد بن حبیب فہری کو باقی ماندہ لشکر اسلام کے ساتھ جو اس وقت اس کے ساتھ تھا اس طوفان بے تمیزی کی روک تھام کے لئے روانہ کیا اور حبیب بن عبیدہ کو اس لشکر اسلام کے ساتھ جو اس کے رکاب میں تھا طلب کر کے خالد کی روانگی کے بعد ہی بطور کمک افریقہ کی جانب بڑھنے کا حکم دیا۔ اطراف طنجہ میں میسرہ اور بربریوں کے عساکر اسلامیہ کا مقابلہ ہوا سخت اور خونریز لڑائی ہوئی پھر آپ ہی آپ فریقین جنگ سے ہاتھ کھینچ کر علیحدہ ہو گئے۔ میسرہ طنجہ کی جانب واپس ہوا بربر نے میسرہ کی کج ادائی کی وجہ سے میسرہ پر پلٹ کر حملہ کر دیا اور اسے قتل کر کے اس کی جگہ خالد بن حمید زناتی کو اپنا امیر بنایا۔ تمام بربر نے اس کی امارت کو تسلیم کیا۔ اتنے میں خالد بن حبیب لشکر عرب اور فوج ہشام لئے ہوئے پہنچ گیا ایک دوسرے سے گتھ گئے اس معرکہ میں ان لوگوں کو شکست ہوئی۔ خالد بن حبیب اور عرب کا ایک گروہ کھیت رہا۔ اسی مناسبت سے اس لڑائی کا نام غزوۃ الاشراف رکھا گیا۔

ان واقعات سے عبیداللہ بن حباب سے افریقہ باغی ہو گیا ان کی خبر اندلس پہنچی تو اہل اندلس نے اپنے گورنر عقبہ بن حجاج کو معزول کر کے عبدالملک بن قطن کو اپنا امیر بنا لیا جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے۔

کلثوم بن عیاض: جس وقت ہشام بن عبدالملک کے دربار خلافت میں مغرب میں ہنگامہ اور اسلامی فوج کی شکست اور عبیداللہ بن حباب سے افریقہ کی بغاوت کی خبر موصول ہوئی۔ تو دربار خلافت اموی نے عبیداللہ بن حباب کو واپس آنے کے لئے لکھا اور افریقہ کی حکومت پر ۱۲۳ھ میں کلثوم بن عیاض کو متعین فرمایا۔ اس کے مقدمۃ الجیش (ہراول) پر بلج بن بشر قشیری تھا۔ کلثوم نے قیروان پہنچ کر اہل قیروان کے ساتھ برا برتاؤ کیا۔ اہل قیروان نے حبیب ابن عبیدہ سے شکایت کی۔ حبیب اس وقت تلمسان میں مقیم تھا اور بربریوں کا مقابلہ کر رہا تھا۔ چنانچہ حبیب نے کلثوم ابن عیاض کو ایک خط لکھ بھیجا اور آئندہ ایسے افعال کے ارتکاب سے منع کیا اور سخت تہدید و دھمکی بھی دی۔

کلثوم بن عیاض نے مقدمۃ الجیش کو اور قیروان پر عبدالرحمن بن عقبہ کو اپنا نائب مقرر کر کے خود مع فوج کے روانہ ہو کر تلمسان پہنچا۔ حبیب ابن عبیدہ سے مقابلہ ہوا اور دونوں باہم لڑنے لگے۔ پھر صلح ہو گئی۔ دونوں نے مل کر بربریوں سے مقابلہ کا قصد کیا اور ان کی طرف بڑھے۔

بربریوں کا طنجہ پر قبضہ: بربریوں نے ان لوگوں پر دھاوا کیا اور بڑی بہادری سے حملہ کیا۔ کلثوم کی فوج کو شکست ہوئی بھاگ کر کلثوم کے پاس پہنچا۔ بربری بھی تعاقب کرتے ہوئے پہنچ گئے۔ نہایت سختی سے لڑائی ہونے لگی کلثوم اور حبیب بن عبیدہ کام آئے۔ لشکر اسلام کا اکثر حصہ شہید ہوا۔ اہل شام نے بلج ابن بشر کے ساتھ سبتہ میں جا کر پناہ لی اور بربریوں نے پہنچ کر محاصرہ ڈال دیا۔ محصورین نے عبدالملک بن قطن امیر اندلس سے اندلس میں داخل ہونے کی اجازت طلب کی۔ عبدالملک نے ان لوگوں کو صرف ایک سال ٹھہرنے کی اجازت دی اور اس امر پر ان سے ضمانت لے لی۔ قضائے مدت کے بعد عبدالملک نے ان لوگوں سے اندلس چھوڑنے کا مطالبہ کیا۔ ان لوگوں نے کچھ حیلہ حوالہ کیا۔ عبدالملک نے جبر سے کام لینا چاہا تو ایک روز ان لوگوں نے اسے قتل کر ڈالا اور بلج نے اندلس پر قبضہ کر لیا۔

بلج بن بشر: عبدالرحمن بن حبیب بن عقبہ بن نافع بھی جس وقت کہ اس کا باپ حبیب کلثوم کے ساتھ مارا گیا تو بلج کے ساتھ اندلس پہنچ کر قبضہ کرنا چاہا۔ اس سے عبدالرحمن کو کسی طرح کی حکومت اندلس پر تسلط ہو جانے کی امید نہ تھی اور اسی فکر میں تھا اور جب ابو الخطار حسام کلبی جانب سے امیر اندلس ہو کر وارد اندلس ہوا تو عبدالرحمن حکومت اندلس سے ناامید ہو کر ۱۲۷ھ میں تونس کی جانب واپس آیا۔ یہ وہ زمانہ تھا کہ ہشام نے وفات پائی تھی اور ولید بن یزید تخت خلافت پر متمکن ہو چکا تھا۔ عبدالرحمن حکومت و سلطنت کا دعویدار ہو گیا اور قیروان کی طرف کوچ کر دیا۔ حنظلہ نے یہ سن کر عبدالرحمن کی روک تھام کے لئے اپنے لشکر کے چند سرداروں کو عبدالرحمن کے پاس بھیجا۔ عبدالرحمن نے ان کو گرفتار کر لیا ان لوگوں سے تعلق قطع کر لیا اور نہایت تیزی سے قیروان کی جانب سفر کرنے لگا۔ حنظلہ اس امر کا احساس کر کے کہ عنقریب مسلمانوں میں باہم خونریزی کا سلسلہ جاری ہوا چاہتا ہے۔ ۱۲۷ھ میں افریقہ سے مشرق کی جانب واپس ہوا اور عبدالرحمن نے دار الامارت میں داخل ہو کر افریقہ کی زمام حکومت اپنے ہاتھ میں لے لی اور مروان بن محمد ثانی جانب سے افریقہ کی گورنری پر مامور کیا۔

عبدالرحمٰن بن حبیب اور خوارج کی جنگ: اس کے بعد خوارج نے چہار طرف سے عبدالرحمٰن پر ٹوٹ پڑے۔ عمرو بن عطاف ازدی نے طیفاش میں، عروہ بن ولید صدفی نے تونس میں، ثابت صنہاجی نے باجہ میں اور عبدالجبار و حارث نے طرابلس میں علم مخالفت و بغاوت بلند کیا۔ یہ لوگ فرقہ اباضیہ سے تھے۔ عبدالرحمٰن نے ۱۳۱ھ میں ثابت اور عبدالجبار پر فوج کشی کی اور ان دونوں کو شکست دے کر اثنائے جنگ میں دونوں کو ملک عدم بھیج دیا۔ اسی زمانے میں عبدالرحمٰن نے اپنے بھائی الیاس کو عمرو بن عطاف کی گوشمالی کی غرض سے طیفاش روانہ کیا تھا۔ الیاس نے بھی عمرو بن عطاف کو مار ڈالا۔ اس کے بعد عبدالرحمٰن نے عروہ بن ولید کی سرکوبی کے لیے تونس پر چڑھائی کی اور اس کا بھی کام تمام کر دیا۔ ان لوگوں کے مارے جانے سے خوارج کی جمعیت منتشر ہو گئی۔

عبدالرحمٰن اور فرانسیسیوں کے مابین جھڑپیں: ۱۳۵ھ میں عبدالرحمٰن نے ... اطراف تلمسان پر چڑھائی کی ... فوج میدان جنگ سے بھاگ کھڑی ہوئی۔ عبدالرحمٰن کامیابی کے ساتھ واپس ہوا۔ اس کے بعد ایک فوج ... روانہ کی۔ دوسری طرف ... فرانسیسیوں سے بہت سخت لڑائی ہوئی۔ خوب اچھی طرح ... یہاں تک کہ ... جزیہ دینا قبول کیا۔ ان واقعات کے بعد عباسیوں کی حکومت کا دور آ گیا۔ عبدالرحمٰن نے خلیفہ سفاح کی اطاعت کی ... خدمت میں عرضی روانہ کی۔ اس کے بعد ابو جعفر منصور کے دور میں بھی اطاعت و فرمانبرداری کی عرضی بھیجی۔

خلیفہ منصور اور عبدالرحمٰن کے درمیان کشیدگی: بنو امیہ کی تباہی کے بعد ... افریقہ میں اس کے پاس چلے آئے تھے۔ عاصی و عبدالمؤمن پسران ولید بن یزید ... تھے۔ ان کے ہمراہ ان کی ... بھی آئی تھی۔ عبدالرحمٰن نے اپنے بھائی الیاس کا عقد اس سے کر دیا۔ کچھ عرصہ بعد عبدالرحمٰن تک یہ خبر پہنچائی گئی کہ عاصی و عبدالمؤمن خلافت و سلطنت کے دعویدار ہیں۔ عبدالرحمٰن نے ... ان دونوں بھائیوں کو قتل کرا دیا۔ عبدالرحمٰن کے اس فعل سے مقتولوں کے ... کو بے حد صدمہ ... اپنے شوہر الیاس کو اس نے بھائی عبدالرحمٰن کی جانب سے برانگیختہ کر دیا اور اس کے دل میں بھائی کی جانب سے کینہ پیدا کر دیا۔ ... اتفاق ... عبدالرحمٰن نے ... خلیفہ ابو جعفر منصور کی خدمت میں روانہ کئے تھے۔ خلیفہ منصور نے ...

عبدالرحمٰن کا قتل: ... عبدالرحمٰن نے خلیفہ منصور ... منصور نے ... بھیجا۔ عبدالرحمٰن نے بغاوت کا اظہار کر دیا اور ... اس کے بھائی الیاس ... مقصد حاصل کرنے کے لیے ... خلیفہ منصور ... اس معاملہ میں اپنے بھائی عبدالوارث ... عبدالرحمٰن ... الیاس کو تونس جانے کا حکم دیا۔ روانگی کے وقت رخصت کرنے کی غرض سے آیا تھا۔ اس کے ساتھ اس کا بھائی عبدالوارث بھی تھا۔ الیاس و عبدالوارث نے عبدالرحمٰن کو ... ذوالحجہ ۱۳۷ھ میں عبدالرحمٰن کی حکومت کے دسویں سال واقع ہوا۔

حبیب بن عبدالرحمٰن: عبدالرحمٰن کے مارے جانے کے بعد ان کا بیٹا حبیب تونس کی طرف بھاگ گیا۔ الیاس اور عبدالوارث نے ہر چند اس کی تلاش کی قصر امارت کے دروازے بند کر دیے مگر حبیب ہاتھ نہ آیا۔ اس کا چچا عمران بن حبیب تونس میں تھا۔ الیاس نے حبیب کا تعاقب کیا۔ عمران اور الیاس میں خوب خوب لڑائیاں ہوئیں۔ آخر مصالحت ہوئی کہ قابس، قفصہ، بلاد نفزاوہ حبیب کو دیا جائے۔ تونس، صطفورہ، جزیرہ پر عمران کا قبضہ رہے باقی تمام افریقہ الیاس کے زیر حکومت تصور کیا جائے اس صلح کی تکمیل ۱۳۸ھ میں ہوئی۔ چند روز بعد حبیب نے اپنے [illegible] کی طرف جو کہ بروئے تقسیم نامہ اسے ملے تھے خروج کیا اور الیاس نے اپنے بھائی عمران کے ساتھ تونس کا راستہ لیا۔ اتفاقاً الیاس نے عمران کے ساتھ دغا کی اور اسے گرفتار کر کے ایک گروہ کے ساتھ اندلس روانہ کر دیا اور خود ان کی جانب سے آیا اور اظہار اطاعت کی غرض سے ایک عرضداشت بمعرفت عبدالرحمٰن بن زیاد بن انعم قاضی افریقہ بدربار خلافت ابو جعفر منصور روانہ کی۔ اس کے بعد حبیب نے تونس پہنچ کر قبضہ کر لیا۔ الیاس کو اس کی خبر لگی تو اس نے تونس پہنچ کر لڑائی کا ڈنکا بجا دیا۔ حبیب نے میدان قتال سے مجبوراً پیچھے ہٹ کر قیروان کا راستہ لیا اور پہنچتے ہی قابض ہو گیا۔ [illegible] اس واقعہ سے متاثر ہو کر بہ تلاش حبیب قیروان کی طرف لوٹا اس کے اکثر ہمراہی اس سے علیحدہ ہو کر حبیب سے جا ملے۔

الیاس بن حبیب کا خاتمہ: جس وقت دونوں چچا بھتیجے ایک دوسرے کے مقابل ہوئے تو حبیب نے اپنے چچا الیاس کو جنگ کی غرض سے مقابلہ پر بلایا چنانچہ دونوں شمشیر بکف میدان میں آئے۔ حبیب نے نہایت تیزی سے اپنے چچا کا کام تمام کر دیا اور مظفر و منصور قیروان میں داخل ہو کر قبضہ کر لیا۔ یہ واقعہ ۱۳۸ھ کا ہے اس کا دوسرا چچا عبدالوارث [illegible] کے قبائل سے قبیلہ ورفجومہ میں جا کر پناہ گزیں ہوا۔

عاصم بن جمیل: اس قبیلہ کا سردار ان دنوں عاصم بن جمیل نامی ایک شخص تھا اسے نجوم میں مہارت حاصل تھی۔ اس نے دعوئ نبوت کیا تھا۔ عبدالوارث کو اسی نے امان دی تھی۔ حبیب نے [illegible] ان لوگوں پر چڑھائی کی ان لوگوں نے حبیب کو قابس کی جانب شکست دی۔ اس سے ان لوگوں کی قوت مستقل اور مستحکم ہو گئی۔ قیروان کے عربوں نے عاصم بن جمیل کو قیروان پر حکومت کرنے کے لیے لکھا اور یہ شرط کی کہ خلیفہ منصور کی حکومت تسلیم اور اس کی حمایت کرنا ہو گی۔ عاصم نے اس شرط کو منظور کیا۔ فوجیں آراستہ کر کے قیروان پر چڑھ آیا عرب جو اس معرکہ میں شکست کھا کر [illegible] قابس سے [illegible] گئے۔ عاصم نے [illegible] کو [illegible] کر دیا اور ان [illegible] کی۔

حبیب بن عبدالرحمٰن کا قتل: اس کے بعد عاصم حبیب بن عبدالرحمٰن کے ارادے سے قابس کی طرف بڑھا دونوں حریفوں میں مقابلہ ہوا۔ میدان عاصم کے ہاتھ رہا۔ حبیب شکست کھا کر کوہ اوراس میں چلا گیا اہل اوراس نے اسے اپنے یہاں پناہ دی۔ اس میں عاصم آ پہنچا۔ دونوں میں لڑائی ہوئی۔ میدان اہل اوراس کے ہاتھ رہا [illegible] مارا گیا۔ اس کے بعد ۱۴۰ھ میں عبدالملک نامی ایک شخص حبیب بن عبدالرحمٰن کو قتل کر کے حکومت و ریاست اور قیروان پر قابض ہو گیا۔ الیاس کی حکومت افریقہ پر ڈیڑھ سال رہی اور حبیب کی امارت تین سال۔

عبدالملک بن ابی الجعد ورفجومی: عبدالملک بن ابی الجعد حبیب بن عبدالرحمٰن کو قتل کر کے قابس [illegible] میں قیروان کی طرف

چلا گیا اور پہنچتے ہی قیروان پر قابض ہو گیا اور ورفجومہ نے تمام افریقہ پر قابض ہو کر اہل قیروان کے ساتھ زیادتیاں کیں تھیں بلکہ اس سے بھی زیادہ ان لوگوں نے آفت مچائی۔ اہل قیروان خوف جان اِدھر اُدھر بھاگنے لگے پھر تمام ملکوں میں کھلبلی مچ گئی۔ عبدالاعلیٰ بن سمح معافری اباضی نے اطراف طرابلس میں اس کی مخالفت کا علم بلند کیا اور بڑھ کر طرابلس پر قبضہ کر لیا۔

عبدالاعلیٰ معافری: جس وقت عبدالاعلیٰ نے شہر طرابلس میں اپنی حکومت و ریاست کا جھنڈا گاڑا عبدالملک نے ۱۴۱ھ میں عبدالاعلیٰ سے جنگ کرنے کے لئے فوجیں روانہ کیں چنانچہ ابوالخطاب عبدالاعلیٰ نے عبدالملک کی فوجوں سے مقابلہ کیا اور انہیں شکست دے کر نہایت سختی سے قیروان تک تعاقب کرتا چلا گیا۔ جب شکست خوردہ جماعت کو قیروان میں بھی پناہ نہ ملی تو ابوالخطاب عبدالاعلیٰ نے قیروان پر قابض ہو کر اہل ورفجومہ کو نکال باہر کیا اور عبدالرحمٰن بن رستم کو اپنا نائب مقرر کر کے طرابلس کی جانب اس لشکر سے لڑنے کو لوٹ گیا جو کہ ابوجعفر منصور کی طرف سے آ رہا تھا۔

محمد بن اشعث خزاعی: جب کہ افریقہ میں فتنہ و فساد کی جس قدر گرم بازاری ہو سکتی تھی ہوئی اور قبائل ورفجومہ نے قیروان پر قبضہ حاصل کر لیا تو اس وقت لشکر افریقہ سے چند لوگ بطور وفد دربار خلافت عباسیہ میں حاضر ہوئے اور خلیفہ ابوجعفر منصور سے ورفجومہ کی ان زیادتیوں اور ظلم کی شکایت کی جو ان پر ہو رہے تھے اور امداد و اعانت کی درخواست کی۔ خلیفہ منصور نے مصر و افریقہ کی حکومت پر محمد بن اشعث خزاعی کو مامور کر کے اول افریقہ کی دادرسی کی ہدایت فرمائی۔ محمد بن اشعث دربار خلافت سے رخصت ہو کر وارد مصر ہوا اور ابوالاحوص عمر بن احوص عجلی کو اپنی جانب سے افریقہ کی عنان حکومت سپرد کی۔ چنانچہ ابوالاحوص نے فوجیں آراستہ کر کے مقدمۃ الجیش کے ساتھ کوچ کیا۔ مقام سرت میں ابوالخطاب عبدالاعلیٰ سے مڈبھیڑ ہوئی۔ اس مہم میں ان لوگوں کے ساتھ اغلب بن سالم بن عقال بن خفاجہ بن سوادہ تمیمی بھی تھا۔ بہت بڑی خونریزی کے بعد عساکر شاہی کو فتح نصیب ہوئی لیکن خاتمہ جنگ کے بعد ہی ابوالخطاب عبدالاعلیٰ دوبارہ علم خونریز بلند کر کے میدان سرت میں آ گیا ایک دوسرے سے گتھ گئے۔ آخر کار ابوالخطاب عبدالاعلیٰ کو شکست ہوئی اس کے بہت سے ہمراہی مارے گئے یہ واقعہ ۱۴۴ھ کا ہے۔

محمد بن اشعث کی فتوحات: اس واقعہ کی خبر عبدالرحمٰن بن رستم تک پہنچی تو وہ قیروان سے تاہرت کی طرف بھاگ گیا اور وہاں پہنچ کر ایک شہر آباد کر کے مقیم ہو گیا اور محمد بن اشعث نہایت عزم و احتیاط سے اپنے فتوحات کا دائرہ وسیع کرنے میں مصروف ہوا۔ طرابلس کو فتح کیا اور مخارق بن غفار طائی کو اس کی حکومت عطا کی طبنہ اور زاب پر اغلب بن سالم کو مقرر کیا کچھ دنوں بعد مضریہ نے اس سے مخالفت و بغاوت کی اور ۱۴۸ھ میں اسے نکال دیا۔ اغلب بن سالم نے مشرق کا راستہ لیا اور جب محمد بن اشعث مشرق کی جانب روانہ ہوا تو افریقہ پر عیسیٰ بن موسیٰ خراسانی مامور کیا گیا۔

اغلب بن سالم بن عقال: ابوجعفر منصور نے اغلب بن سالم بن عقال بن خفاجہ تمیمی کو اس کے بعد افریقہ کی حکومت عنایت کی۔ یہ شخص ابو مسلم خراسانی کے ہمراہیوں میں سے تھا اور محمد بن اشعث کے ساتھ افریقہ آیا تھا۔ محمد بن اشعث نے اسے طبنہ اور زاب کی حکومت پر مقرر کیا تھا۔ اس مرتبہ جوں ہی اغلب قیروان میں داخل ہوا فتنہ و فساد فرو ہو گیا۔ امن و چین سے یہ شخص اپنے مکان میں رہنے لگا۔

اغلب کی معزولی: اس کے بعد ابوقرہ مغربی نے بربریوں کو یکجا کر کے اغلب پر چڑھائی کر دی۔ اغلب خونریزی ر

جنگ کے خوف سے بھاگ کھڑا ہوا قصہ مختصر ابو قرہ کے گیا لشکریوں کو اغلب کا یہ فعل ناگوار گزرا اس نے اپنی سرداری سے معزول کر دیا اور حسن بن حرب کندی سے خط و کتابت شروع کی جو کہ ان دنوں تونس میں تھا۔ چند نامہ و پیام کے بعد سارا لشکر حسن بن حرب کے پاس چلا گیا پھر وہ ان کے ساتھ ساتھ قیروان کی طرف گیا اور قیروان پر قابض ہو گیا۔

اغلب کا خاتمہ: اغلب نے میدان خالی دیکھ کر قابس کا راستہ لیا تو پھر کچھ گروہ فراہم کر کے نکلا اور ۱۵۰ھ میں حسن بن حرب سے جنگ کرنے کے لئے واپس ہوا دونوں فریقوں نے ایک میدان میں صف آرائی کی۔ اغلب نے حسن کو شکست دے کر قیروان کی طرف قدم بڑھایا۔ حسن نے پلٹ کر قیروان کے باہر اغلب پر پھر حملہ کر دیا۔ بہت بڑی خونریزی ہوئی اثناء جنگ میں اغلب کے ایک تیر آ کر لگا جس سے وہ تڑپ کر مر گیا۔

ابو المخارق غفار طائی اور حسن کی جنگ: اس کے ہمراہیوں نے ابو المخارق غفار طائی کو اپنا امیر بنایا جو کہ طرابلس کی حکومت پر تھا اور نہایت مردانگی سے حسن پر حملہ آور ہوئے حسن شکست کھا کے تونس کی جانب بھاگا اور جب وہاں بھی اسے پناہ نہ ملی تو کتامہ میں جا کر دم لیا ابو المخارق کے سوار اس کے تعاقب میں تھے دو مہینے بعد کتامہ سے پھر تونس کی طرف واپس ہوا فوجی لشکر نے اسے گرفتار کر کے قید حیات سے سبکدوش کر دیا۔ کہا جاتا ہے کہ اغلب کے ہمراہیوں نے اسے اسی مقام پر قتل کیا تھا جہاں پر کہ اغلب مارا گیا تھا ان واقعات کے بعد ابو المخارق غفاری طائی افریقہ پر حکمرانی کرتا رہا یہاں تک کہ وہ حوادث پیش آئے جسے ہم ذکر کرنے والے ہیں۔

عمر بن حفص بن ہزار مرد: خلیفہ ابو جعفر منصور نے اغلب بن سالم کے مارے جانے کی خبر پا کر اس کی جگہ افریقہ پر عمر بن حفص ہزار مرد کو مامور کیا۔ عمر بن حفص قبیصہ بن ابی صفرہ برادر مہلب کی اولاد سے تھا۔ چنانچہ ۱۵۱ھ میں عمر بن حفص وارد افریقہ ہوا۔ تین برس تک کمال انتظام سے حکومت کرتا رہا۔ اس کے بعد شہر طبنہ کے بنانے کی غرض سے طبنہ کی طرف روانہ ہوا اور قیروان پر ابو حازم حبیب بن حبیب مہلبی کو مامور کیا۔ عمر بن حفص کی روانگی طبنہ کے بعد بربریوں نے افریقہ میں یورش کی۔ اہل افریقہ کو بالخصوص قیروان کی طرف بڑھے ابو حازم سے لڑائی ہوئی ان لوگوں نے ابو حازم کو مار ڈالا۔

ابو حاتم یعقوب بن حبیب: اس کے بعد بربر اباضیہ نے طرابلس میں جمع ہو کر ابو حاتم یعقوب بن حبیب اباضی کو اپنا امیر مقرر کیا ابو حاتم کندہ کا غلام تھا۔ ان دنوں طرابلس کی حکومت پر جنید بن بشار اسدی عمر بن حفص کی طرف سے مامور تھا۔ عمر بن حفص نے اس کی کمک پر فوجیں روانہ کیں چنانچہ ابو حاتم سے مڈبھیڑ ہوئی۔ ابو حاتم نے شاہی لشکر کو شکست دے کر قابس میں ان پر محاصرہ ڈال دیا۔ اس واقعہ سے تمام افریقہ میں بغاوت پھیل گئی۔ پھر بربریوں نے قدم آگے بڑھا کر طبنہ کی جانب کوچ کیا اور عمر بن حفص کو اس میں محاصرہ کر لیا۔ محاصرین میں ابو قرہ یفرنی چالیس ہزار صفریہ کی جمعیت سے عبد الرحمن بن رستم چودہ ہزار اباضیہ کے ساتھ اور مسعود زناتی دس ہزار اباضیہ کو لے کر آیا ہوا تھا اس کے علاوہ صنہاجہ، زناتہ اور ہوارہ کے بہت سے خوارج آئے ہوئے تھے جو شمار اور تعداد سے باہر تھے۔ عمر بن حفص نے نہایت دانائی سے ان گروہوں کی مدافعت کی ان کے سرداروں کو مال و زر دے کر ان کی مجموعی قوت اور اتحاد کو توڑ دیا۔ ابو قرہ کے ہمراہیوں کو بھی ایک مقدار [illegible] مراعات

؎ اصل کتاب میں جگہ خالی ہے۔

کی۔ یہ لوگ بلا جدال و قتال لوٹ کر چلے گئے مجبوراً ابو قرہ نے بھی ان کی متابعت کی۔ عمر بن حفص نے ان امور کا احساس کر کے ایک فوج عبدالرحمٰن بن رستم کے مقابلہ پر بھیج دی۔ یہ اس وقت مقام تہودا میں تھا عبدالرحمٰن شکست کھا کر تاہرت کی جانب بھاگا۔ عبدالرحمٰن کی شکست سے اباضیہ پر طبنہ کا محاصرہ کرنا دشوار ہو گیا۔ بادیہ چاروں طرف سے محاصرہ اٹھا لیا۔

ابو حاتم کا قیروان کا محاصرہ: ابو حاتم نے قیروان پہنچ کر محاصرہ ڈال دیا۔ آٹھ مہینے تک نہایت شدت سے محاصرہ کئے رہا۔ عمر بن حفص نے یہ خبر پا کر کوچ کیا اور طبنہ کی حفاظت کے لئے فوجیں متعین کیں ابو قرہ اس سے مطلع ہو کر طبنہ پر چڑھ آیا اہل طبنہ نے اسے ناکامی کے ساتھ واپس کر دیا۔ ابو حاتم اور ان کے ہمراہی جو کہ قیروان کا محاصرہ کئے ہوئے تھے یہ خبر پا کر کہ عمر بن حفص ان کی طرف آ رہا ہے جنگ و مقابلہ کے ارادے سے عمر بن حفص کی جانب بڑھے۔ عمر بن حفص کو جاسوسوں نے غنیم کی نقل و حرکت سے مطلع کر دیا۔

عمر بن حفص کا خاتمہ: یعنی عمر بن حفص اربس سے تونس کی طرف جھک پڑا اور وہاں سے ایک متعارف راستہ طے کر کے قیروان پہنچ گیا اور چاروں طرف سے اس کو گھیر لیا۔ ابو حاتم اور بربری اس کے پیچھے پیچھے قیروان آ پہنچے اور عمر بن حفص کے لشکر کا محاصرہ کر لیا۔ اس وقت قیروان ایک قدرتی قلعہ بربروں کے درمیان میں تھا محصورین اور محاصرین کی قوت ایک دوسرے کا حصار اٹھانے میں صرف ہو رہی تھی۔ آخر کار عمر بن حفص مرنے پر کمر بستہ ہو کر ابو حاتم کو محاصرہ اٹھانے کی غرض سے نکل کھڑا ہوا۔ یزید بن ابو حاتم کے ہاتھ سے عمر بن حفص عین معرکہ میں مارا گیا۔ واقعہ ۱۵۴ھ کا ہے۔ اس کی جگہ اس کا مادری بھائی حمید بن صخر امیر لشکر ہوا۔ اس نے ابو حاتم سے اس شرط سے کہ قیروان میں خلافت عباسیہ کا شاہی اقتدار تسلیم کیا جائے مصالحت کر لی چنانچہ شاہی لشکر کا کثیر حصہ طبنہ چلا آیا۔ ابو حاتم نے قیروان کے دروازے کو جلا دیا اور شہر پناہ کو توڑ ڈالا۔

یزید بن حاتم ابن قبیصہ بن مہلب: جس وقت خلیفہ منصور کو یہ خبر پہنچی کہ اہل افریقہ نے عمر بن حفص گورنر افریقہ کے خلاف بغاوت کر دی ہے اور طبنہ اور قیروان میں اس کا محاصرہ کر لیا ہے تو خلافت پناہی نے ساٹھ ہزار جنگ آوروں کی جمعیت سے یزید بن حاتم بن قبیصہ بن مہلب بن ابی صفرہ کو عمر بن حفص کی کمک پر روانہ کیا اس کی خبر عمر بن حفص تک پہنچی تو اس کشمکش میں مرنے پر کمر بستہ ہو کر میدان جنگ میں آ گیا یہاں تک کہ مارا گیا اس کے بعد یزید بن حاتم قیروان کے قریب پہنچا۔ اس وقت ابو حاتم بعزم جنگ یزید ... حبیب قیروان پر قابض تھا اس نے قیروان پر اپنی جگہ عمر بن عثمان فہری کو مامور کیا اور فوجیں آراستہ کر کے یزید کے مقابلے کے قصد سے طرابلس کی جانب بڑھا۔ جوں ہی ابو حاتم نے قیروان سے کوچ کیا عمر بن عثمان نے علم مخالفت بلند کر کے اس کے ہمراہیوں کو قتل کر ڈالا۔

ابو حاتم اور یزید کی جنگ: اسی اثناء میں ابو الحارث مخارق بھی موقع پا کر نکل کھڑا ہوا۔ ابو حاتم کو مجبوراً ان لوگوں کی طرف واپس ہونا پڑا۔ یہ دونوں آدمی قیروان کو چھوڑ کر قیروان سے بھاگ نکلے۔ مخارق نے تامہ سے جیجل پر جا کر پناہ لی۔ ابو حاتم ان کا تعاقب چھوڑ کر قیروان کی طرف جھکا اور عبدالعزیز بن سمح معافری کو قیروان پر مامور کر کے یزید کے مقابلہ کے لئے روانہ ہوا یزید کو اس کی خبر لگی تو اس نے طرابلس کا راستہ لیا۔ ابو حاتم کوچ و قیام کرتا ہوا جبال نفوسہ گیا۔ چنانچہ یزید کی فوجوں نے پیچھا کیا ابو حاتم نے ان کو شکست دی پھر جب یزید بنفسہ ابو حاتم کے مقابلہ پر آیا تو بہت بڑی لڑائی ہوئی۔ بربری گروہ کی فوج میدان جنگ سے

بھاگ کھڑی ہوئی۔ ابو حاتم مع تیس ہزار ہمراہیوں کے کھیت رہا۔ یزید بعوض خون عمر بن حفص شکست خوردہ گروہ کو دو روز تک قتل کرتا ہوا تعاقب کرتا چلا گیا اس کے بعد قیروان کی جانب روانہ ہوا۔ ۱۵۵ھ کا نصف دور تمام ہوتے ہوتے قیروان پہنچا۔

یزید کا محاصرہ کتامہ عبدالرحمن بن حبیب فہری ابو حاتم کے ساتھ خاتمہ جنگ کے بعد اس نے کتامہ جا کر پناہ لی۔ یزید نے اس کی گرفتاری اور تلاش میں فوج کے چند دستوں کو مامور کیا انہوں نے اس کو کتامہ میں محاصرہ کر لیا اور کامیابی کا جھنڈا لئے ہوئے کتامہ میں گھس پڑے عبدالرحمن بھاگ گیا تھا وہ لوگ جو اس کے ہمراہ تھے مارے گئے۔ ان مہمات سے فارغ ہو کر یزید انتظام حکومت کی طرف متوجہ ہوا ابو الفارق خارجی کو زاب پر متمکن کیا اور خود طبنہ میں قیام پذیر ہوا۔ ۱۵۷ھ تک ان لڑائیوں میں جو اسے ورفجومہ کے ساتھ پیش آئیں بربریوں کو خوب خوب پامال کیا اور عہد خلافت ہارون رشید ۱۷۰ھ میں واصل ملک آخرت ہوا۔ عنان حکومت اس کے بیٹے داؤد نے اپنے ہاتھ میں لی۔ بربر نے اس پر حملہ کیا یہ بھی ان پر حملہ آور ہوا اس کے بعد واپس ہو کر قیروان آیا اس کے بقیہ حالات ہم آئندہ تحریر کریں گے۔

روح بن حاتم: یزید بن حاتم کے مرنے کی خبر رشید تک پہنچی تو اس کے بھائی روح بن حاتم کو جو کہ فلسطین کا گورنر تھا دارالخلافت میں طلب کر کے اس کے بھائی یزید بن حاتم کی تعزیت کی اور سند حکومت افریقہ عنایت فرما کر روانگی کا حکم دیا۔ ۱۷۱ھ کے نصف میں روح وارد افریقہ ہوا۔ داؤد بن یزید نے دارالخلافت بغداد کا راستہ لیا۔ چونکہ یزید نے خوارج کے بے حد زک اور صدمہ پہنچایا تھا اور اپنا رعب تمام لوگوں کے دلوں پر بٹھا لیا تھا اس وجہ سے روح کا زمانہ حکومت نہایت سکون اور امن سے گزرا۔ صرف ایک عبدالوہاب بن رستم وہبیہ سے خطرہ کا اندیشہ تھا اس سے بھی صلح و مصالحت کر لی۔ اس کے بعد ماہ رمضان ۱۷۴ھ میں اس نے وفات پائی۔ اس سے پیشتر خلیفہ رشید نے روح کے عزیزوں میں سے نصر بن حبیب کو حکومت افریقہ کی سند خفیہ طور سے عنایت کر رکھی تھی اس لحاظ سے روح کے بعد نصر نے عنان حکومت افریقہ اپنے ہاتھ میں لی اور حکمرانی کرنے لگا یہاں تک کہ فضل کو افریقہ کی گورنری مرحمت ہوئی۔

فضل بن روح: جس وقت روح بن حاتم نے وفات پائی اس کی جگہ نصر بن حبیب حکمرانی کرنے لگا۔ روح کا بیٹا فضل سیدھا دارالخلافت چلا گیا۔ خلیفہ رشید نے اسے اس کے باپ کی جگہ افریقہ کی سند حکومت عطا کی پس فضل ماہ محرم ۱۷۷ھ میں قیروان واپس آیا۔ تونس کی حکومت پر مغیرہ نے اپنے بھائی بشیر بن روح کے بیٹے کو مامور کیا چونکہ مغیرہ ایک کم عمر شخص تھا۔ لشکریوں نے اسے ذلت کی نگاہ سے دیکھا اور فضل سے ان لوگوں کو اس کی بدخلقی اور نازیبا حرکات کی وجہ سے منافرت پیدا ہو گئی فضل نے بھی ان لوگوں پر نصر بن حبیب کی محبت اور ہوا خواہی کا الزام لگایا۔ تب تو اہل تونس نے مغیرہ سے مستعفی ہونے کی تحریک کی مغیرہ نے انکار کیا۔ اس پر اہل تونس نے علم مخالفت بلند کر کے مغیرہ کو معزول کر دیا اور عبداللہ بن جارود کو اپنا امیر بنا لیا۔

عبداللہ بن جارود: عبداللہ بن جارود عبدویہ انباری کے نام سے مشہور و معروف تھا۔ اہل تونس نے بغرض اظہار اطاعت اس کے ہاتھ پر بیعت کر کے مغیرہ کو اپنے شہر سے نکال دیا اور بعد ازاں فضل کو لکھ بھیجا جسے آپ چاہیں تونس کی حکومت پر مقرر فرمائیں۔ اہل تونس پر اپنے چچا زاد بھائی عبداللہ بن یزید بن حاتم کو مقرر کیا۔ چنانچہ عبداللہ فضل سے رخصت ہو کر تونس کی جانب روانہ ہوا۔ جوں ہی تونس کے قریب پہنچا عبداللہ بن جارود نے ایک گروہ کو عبداللہ بن یزید سے ملنے اور تونس آنے

کی وجہ دریافت کرنے کی غرض سے بھیجا۔ ان لوگوں نے جا کر دیکھا کہ عبداللہ بن جارود فوج کشی کر رہے تھے۔ عبداللہ بن یزید کو مار ڈالا۔ اس وجہ سے عبداللہ بن جارود کو بھی مخالفت کا اظہار کرنا پڑا۔ عبداللہ بن یزید کے قتل کا محرک سپہ سالار ابن فارسی تھا نے محمد بن فارسی ہوا تھا۔ عبداللہ بن جارود نے اظہار مخالفت کے بعد تمام سپہ سالاران اور عمال فضل کی مخالفت پر آمادہ کیا۔ سب کے سب فضل سے باغی اور منحرف ہو گئے۔ عبداللہ بن جارود کی بیعت ہو گئی۔

عبداللہ بن جارود اور فضل کا مقابلہ: فضل نے اس طوفان کی روک تھام کی غرض سے مقابلہ کیا، پہلے ہی حملہ میں شکست کھا کر بھاگ نکلا۔ عبداللہ بن جارود نے تعاقب کیا، قریب قیروان پھر مقابلہ ہوا۔ عبداللہ بن جارود نے جنگ کرنے کے بجائے چند لوگوں کو فضل اور اس کے اہل و عیال کو تونس پہنچا دینے کے لئے مامور کر دیا جب راستے میں تمام اموال سے الگ کر کے ہمراہیوں کا نصف دور تمام ہو سکتے ہیں تو قتل کر ڈالا۔

اب عبداللہ بن جارود پورے طور سے قیروان پر مسلط ہو گیا لیکن فضل کے ایک سپہ سالار مالک بن منذر تھا۔ فضل کے واقعۂ قتل سے بہت متاثر ہوا۔ مختصر یہ کہ عداوت انتہا تک پہنچ گئی۔ ایک روز مقابلہ ہوا۔ قیروان پر چڑھائی کر کے اسے لے لیا۔ عبداللہ بن جارود نے اس واقعہ سے مطلع ہو کر تونس سے قیروان کی طرف کوچ کیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ان سب کو مع مالک بن منذر کے شکست ہوئی ان کے علاوہ چند نامی سردار بھی قتل ہوئے۔ اور ان کے باقی ماندہ نے اندلس میں جا کر پناہ لی اور علاء بن سعید کو امیر بنا کر پھر قیروان کی طرف واپس ہوئے اور افریقیہ میں بغاوت کا ایک طوفان برپا ہو گیا۔

ہرثمہ بن اعین: خلیفہ رشید نے فضل بن روح کے مارے جانے اور افریقیہ میں بغاوت پھوٹ جانے سے مطلع ہو کر فضل کی جگہ ہرثمہ بن اعین کو سند حکومت عنایت کی اور عبداللہ بن جارود کے پاس یقطین بن موسیٰ کو اس غرض سے کہ اس کو فرمانبرداری کی ترغیب دے اس کی عزت بڑھا کر اور تیری خلافت کی اطاعت کا وعدہ کر کے روانہ کیا۔ جعفر کا بیان ہے کہ یقطین کو بھیجا تھا۔ عبداللہ بن جارود نے علاء بن سعید کی جمعیت کا خوف کر کے خلافت کے مطیع ہونے کا اقرار کیا۔ یقطین (بن موسیٰ) نے دیکھا کہ عبداللہ بن جارود خالص دل سے نہیں ہے، فوراً عبداللہ بن جارود کے دوست محمد بن فارسی سے سازش کرنے کی بنا ڈالی اور بہت سا مال دینے کے وعدہ پر ملا لیا۔ عبداللہ بن جارود کو کسی ذریعہ سے اس کی خبر لگ گئی۔ پھر اپنی حکومت کے ساتھ بیٹھے دوسرے چالاک علاء بن سعید نے قیروان سے نکل کر محمد بن فارسی کو ملا لیا تو دونوں ان سے لڑ کر جنگ کے نازک مرحلہ میں جا کر فوج کی دوڑ میں الگ کر دیئے۔

عبداللہ بن جارود کی اسیری: ایک روز عبداللہ بن جارود نے محمد بن فارسی کو خلوت میں مشورہ کی غرض سے بلایا۔ فریق مخالف نے پہلے ہی سے اس کے ہمراہیوں میں سے ایک شخص کو ان دونوں کے قتل پر مامور کر رکھا تھا۔ اس شخص نے محمد بن فارسی کو مار ڈالا۔ باقی رہے عبداللہ بن جارود اور اس کے ہمراہی بھاگ گئے۔ ادھر علاء بن سعید اور یقطین قیروان کی طرف بڑھے۔ علاء بن سعید پہلے پہنچ کر قتل و غارت میں مصروف ہو گیا۔ عبداللہ بن جارود کے ہمراہیوں کو گرفتار کر کے قتل کرنا شروع کر دیا۔ عبداللہ بن جارود بھاگ کر ہرثمہ کے پاس آ گیا۔ ہرثمہ نے اسے خلیفہ رشید کی خدمت میں بھیج دیا اور لکھ بھیجا کہ علاء بن سعید نے اسے قیروان سے نکالا ہے۔

خلیفہ رشید نے ہرثمہ کے بھیجنے کا فرمان روانہ فرمایا۔ چنانچہ ہرثمہ نے ابن جارود کو دربار خلافت کی طرف روانہ کیا۔ خلیفہ رشید نے عبداللہ بن جارود کو جیل میں ڈال دیا اور علاء کے پاس خلعت بھیجا یہاں تک کہ مصر میں اس نے وفات پائی۔

قصر کبیر کی تعمیر ان واقعات کے بعد ہرثمہ نے قیروان کی جانب کوچ کیا اور ماہ ربیع الآخر ۱۷۹ھ میں وارد قیروان ہوا۔ لوگوں کو امان دی۔ آتش بغاوت فرو ہوئی۔ پھر ہرثمہ نے ایک مدت کے بعد مقام منستیر میں ایک بڑا محل تعمیر کرایا اور طرابلس کی شہر پناہ دریا کے رخ سے بنوائی۔ اس وقت ابراہیم بن اغلب زاب اور طبنہ کی گورنری پر تھا۔ اس نے ہرثمہ کی خدمت میں ہدایا اور تحائف بھیجے۔ ملاطفت آمیز اور خوشامدانہ خطوط لکھے۔ ہرثمہ نے اسے اس کے عہدہ پر بحال رکھا۔ اس نے نہایت خوبی سے اس خدمت کو انجام دیا۔ عمال کے ...

ہرثمہ کی عراق کو مراجعت چند روز بعد ہرثمہ کی مخالفت پر عیاض بن وہب ہواری اور کلیب بن جمیع کلبی اٹھ کھڑے ہوئے اور ایک بہت بڑی جمعیت فراہم کر لی۔ ہرثمہ نے ان دونوں کی سرکوبی پر یحییٰ بن موسیٰ کو مامور کیا۔ یحییٰ نے عیاض اور کلیب کو شکست دی اور ان کے بہت سے ہمراہیوں کو مار ڈالا اور آتش بغاوت فرو کر کے قیروان کی جانب واپس ہوا۔ ہرثمہ نے اس امر کا مشاہدہ کر کے کہ افریقہ میں آئے دن بغاوت کا علم بلند ہوا کرتا ہے حکومت افریقہ سے استعفا پیش کیا۔ خلیفہ رشید نے استعفا منظور فرمایا۔ ہرثمہ افریقہ سے اپنی حکومت و گورنری کے ڈھائی برس بعد عراق واپس آیا۔

محمد بن مقاتل عکی اس کے بعد خلیفہ رشید نے افریقہ کی گورنری پر محمد بن مقاتل عکی کو مامور کیا۔ محمد بن مقاتل خلیفہ رشید کا رضاعی بھائی تھا۔ ماہ رمضان ۱۸۱ھ میں وارد قیروان ہوا لیکن چونکہ محمد بن مقاتل میں ... لشکر ... اس سے فوجی سردار بھی ناراض ہو گئے اور بغاوت پھیل گئی۔ اس کے بعد ۱۸۳ھ میں تمام بن تمیم تمیمی نے تونس میں علم مخالفت بلند کیا اور فوجیں فراہم کر کے قیروان کی جانب کوچ کیا۔ محمد بن مقاتل اس سے جنگ کرنے کو مقابلہ پر آیا۔ دونوں حریفوں کا ایک میدان میں مقابلہ ہوا۔ میدان جنگ تمام کے ہاتھ رہا۔ محمد بن مقاتل شکست کھا کر قیروان کی جانب بھاگا۔ تمام تعاقب کرتا ہوا قیروان پہنچ گیا۔ آخر تمام نے محمد بن مقاتل کو افریقہ سے چلے جانے کی شرط سے امان دی۔ چنانچہ محمد بن مقاتل نے افریقہ چھوڑ کر طرابلس کا راستہ لیا۔

ابراہیم بن اغلب کی قیروان پر فوج کشی رفتہ رفتہ یہ خبر ابراہیم بن اغلب کے پاس پہنچی۔ وہ محمد بن مقاتل کے اس قتل سے بہت ناراض ہوا۔ فوجیں آراستہ کر کے قیروان کی طرف روانہ ہوا۔ تمام تونس کی طرف بھاگا۔ ابراہیم نے قیروان پر قبضہ کر لیا۔ محمد بن مقاتل کو طرابلس سے طلب کر کے ۱۸۳ھ میں قیروان کی امارت دوبارہ عنایت کی۔ تمام نے موقع پا کر محمد بن مقاتل پر حملہ کیا۔ ابراہیم بن اغلب اپنے سرداران لشکر کے ساتھ مقابلہ پر آیا۔ تمام کو اس معرکہ میں شکست ہوئی۔ ابراہیم تعاقب کرتا ہوا تونس تک پہنچا۔ تمام نے ابراہیم سے امان کی درخواست کی۔ ابراہیم نے اسے امان دی اور قیروان سے بغداد کی طرف روانہ کر دیا۔ خلیفہ رشید نے اسے جیل میں ڈال دیا۔

باب: اوّل

امارت افریقیہ (۲)

دولت بنو اغلب

ابراہیم بن اغلب جس وقت محمد بن مقاتل [illegible] حکومت دوبارہ [illegible] حکومت [illegible] کی خواہش پیدا ہوئی [illegible] خلیفہ ہارون رشید سے سند حکومت افریقہ کی درخواست بھیجی [illegible] ایک لاکھ دینار [illegible] مصر [illegible] افریقہ کے خرچ [illegible] انتظام [illegible] موقوف کر دیا جائے۔ اس کے علاوہ [illegible] چالیس ہزار دینار [illegible] افریقہ سے بطور خراج [illegible] دربار خلافت میں بھیجا کروں گا۔ [illegible] اپنے مصاحبوں سے اس معاملہ میں مشورہ [illegible] ابراہیم بن اغلب کی درخواست منظور کر لینے اور سند حکومت عطا فرمانے کی رائے دی۔ چنانچہ خلیفہ ہارون رشید نے [illegible] سند حکومت افریقیہ [illegible] ابراہیم [illegible] حکومت [illegible] افریقہ [illegible] انتظام ملکی [illegible] افریقیہ [illegible] مغرب میں [illegible] بنو اغلب کی [illegible] ہو گئی۔

[illegible] [illegible] حکومت [illegible] عمران بن مجالد [illegible] ابراہیم [illegible] مغرب [illegible] ابراہیم [illegible] ہو گیا۔

بہلول بن عبدالرحمن مغطری کی اطاعت [illegible]

اہل طرابلس کی سرکشی و اطاعت [illegible]

عمران بن مجالد اور ابن اغلب کی جنگ [illegible]

عبداللہ بن ابراہیم کی معزولی [illegible]

پر یورش کر دی اور فوج طرابلس کو شکست دے کر شہر پر قبضہ کر لیا۔ اس کے بعد اس کے باپ ابراہیم بن اغلب نے اسے معزول کر کے سفیان بن مضاء کو سند حکومت عطا کی۔ سفیان کے خلاف طرابلس میں ہوارہ نے علم بغاوت بلند کیا۔ لشکریوں میں بھی پھوٹ پڑ گئی۔ سفیان بھاگ کر ابراہیم بن اغلب کے پاس پہنچا۔ ابراہیم نے اپنے بیٹے عبداللہ کے ساتھ تیرہ ہزار فوج کی جمعیت کے ساتھ طرابلس کی جانب روانہ کیا۔ ہوارہ مقابلہ پر آئے بے حد پامال ہوئے نہایت سختی سے قتل اور قید کیے گئے۔ کامیابی کے بعد طرابلس کا شہر پناہ از سر نو درست کرایا گیا۔ رفتہ رفتہ اس کی خبر عبدالوہاب بن عبدالرحمن بن رستم تک پہنچی۔ بربریوں کو جمع کر کے طرابلس پر چڑھ آیا۔ مدتوں محاصرہ کیے رہا۔ عبدالوہاب نے باب زناتہ کی آمد و رفت روک رکھی تھی اور دروازہ ہوارہ پر لڑائی کا ہنگامہ گرم رہا۔ اسی اثناء میں اس کے باپ کے مرنے کی خبر پہنچی اس نے اپنے حریف کو مضافات طرابلس دے کر مصالحت کر لی۔ شہر طرابلس اور دریا اپنا قبضہ رکھا۔ تکمیل صلح ہو جانے کے بعد عبداللہ نے قیروان کی جانب کوچ کیا۔ ابراہیم کی وفات ماہ شوال ۱۹۶ھ میں ہوئی تھی۔

